پنجاب یونیورسٹی

معروضیت — نیو کورس

دانیال

ایم اے اردو

سال اول

ترتیب و تدوین

محمد حسیب عباسی









جدید مکتبہ دانیال

Scanned by CamScanner



Scanned by CamScanner

فہرست

مجاہد عرفان فرساد
0306-6211683

کلاسیکی شاعری

س: کلاسیکی ادب کسے کہتے ہیں؟

ج: کلاسیکی ادب وہ ہے جس میں شعوری طور پر پرانے ادب کے اصولوں اور ضوابط کو استعمال کیا جائے اور اُس تجریدی حسن کی تقلید کی جائے جو پرانے ادب سے اخذ کیا جا سکے۔

س: کلاسیکی فن کی مشترک خصوصیات کیا ہیں؟

ج: اوّل ترتیب پسندی' اس کا عمل مواد پر یہ ہوتا ہے کہ تمام وہ اجزاء جو وحدت تاثر کے منافی ہیں' انہیں مسترد کر دیا جائے۔ وہ کون سی چیزوں کو نظرانداز کرتا ہے؟ سب سے زیادہ ایک کلاسیکی فنکار کو اس بات کا خیال ہوتا ہے کہ ان غیرضروری جذبات' خیالات اور عوامل کو معلوم کرنے کے لئے وہ شعور سے کام لیتا ہے اور اس کے بعد وہ تمام ضروری عناصر کو ایک مربوط شکل دیتا ہے۔ الفاظ' طرز بیان' Images وغیرہ کی ترتیب و انتخاب میں بھی وہ شعور سے کام لیتا ہے اور تخیل پر قابو رکھتے ہوئے ایک ایسی طرز تحریر اختیار کرتا ہے جو واضح' سادہ اور غیر مبہم ہوتی ہے۔ ان فنکاروں کے ہاں آپ کو Images' موضوع' استعاروں اور تشبیہوں وغیرہ کی فراوانی نہیں ملے گی بلکہ ان کی جگہ اختصار' سلیقہ' تنظیم اور اسی قسم کی خوبیاں ملیں گی۔

س: رومانیت کیا ہے؟

ج: اے- فاروق رومانیت کے متعلق مختلف خیالات ونظریات کا تجزیہ کرتے ہوئے بیان کرتے ہیں کہ انگریزی زبان میں ''رومانٹک'' یا ''رومانوی'' کا کلمہ پہلی بار بظاہر ایچ- مور نے اپنی کتاب ''ابدیت روح'' میں 1659ء میں استعمال کیا۔

س: دنیا کی ہر بڑی زبان کی طرح اُردو کا وسیع ذخیرۂ ادب کتنے حصوں میں منقسم ہے؟

ج: دوحصوں میں

1- نظم

2- نثر

س: شعر کے لغوی معنی کیا ہیں؟

ج: شعر کے لغوی معنی ہیں: جاننا' بوجھنا

Scanned by CamScanner

س: قولِ محال کسے کہتے ہیں؟

ج: قول محال (Paradox) سے مراد کسی بات کو اس کے اصل کو مدنظر رکھ کر اسے طنزیہ یا مزاحیہ زاویوں سے بیان کرنا' قول محال کہلاتا ہے۔ اس کے پس منظر میں صداقتیں اور حقائق موجود ہوتے ہیں۔

س: درج ذیل شعر کا مفہوم لکھیں:

سرودِ عیش گاویں ہم اگر وہ عشوہ ساز آوے
بجاویں طبل شادی کے اگر وہ دل نواز آوے

ج: یہ شعر ولی کا ہے' شاعر کا کہنا ہے کہ اگر وہ ناز ادا دکھانے والا محبوب آ جائے تو وہ عشق کے گیت گائے اور خوشی کے ڈھول بجائے۔

س: اصطلاحاً شعر سے کیا مراد ہے؟

ج: کلام موزوں شعر ہے۔

س: شاعری سے کیا مراد ہے؟

ج: ادب کی وہ قسم ہے جو اشعار کی صورت میں لکھی جائے یعنی وزن' قافیہ اور ارادہ کا ہونا ضروری ہے۔

س: نثر سے کیا مراد ہے؟

ج: کلام غیر موزوں نثر ہے۔

س: نظم سے کیا مراد ہے؟

ج: کلام موزوں نظم ہے۔

س: وزن کے لغوی معنی بتائیے؟

ج: اندازہ اور پیمانہ

س: غالب کی شاعرانہ خوبی ''رشک'' کا ایک شعر لکھیں؟

ج: زندگی اپنی جب اس مشکل سے گزری غالبؔ
ہم بھی کیا یاد کریں گے کہ خدا رکھتے تھے

س: شہر آشوب کسے کہتے ہیں؟

ج: شہر آشوب وہ نظم ہے جس میں شہر یا ملک کی اقتصادی یا سیاسی بے چینی کا تذکرہ ہو یعنی شہر کی بربادی کا ذکر ہو۔

س: مطلع اور مقطع میں کیا فرق ہے؟

ج: غزل کا پہلا شعر مطلع کہلاتا ہے جبکہ مقطع غزل کے آخری شعر کو کہتے ہیں جس میں شاعر اپنا تخلص استعمال کرتا ہے۔

س: اصطلاح میں وزن سے کیا مراد ہے؟

ج: دو کلموں کی حرکات و سکنات کا برابر ہونا' وزن کہلاتا ہے۔

س: قافیہ سے کیا مراد ہے؟

ج: قافیہ' قفا سے مشتق ہے جس کے معنی پیچھے آنے والے کے ہیں۔ اصطلاح میں چند حروف و حرکات کے اس مجموعے کو قافیہ کہتے ہیں۔

س: شاعری کی بہ لحاظ موضوع کون کون سی اقسام ہیں؟

ج: حمد' نعت' غزل' قصیدہ' مرثیہ' شہر آشوب' واسوخت' ریختی' پیروڈی اور گیت

س: شاعری کی بہ لحاظ ہیئت کون کون سی اقسام ہیں؟

ج: مثنوی' رباعی' قطعہ' مسمط' ترکیب بند' ترجیع بند' مستزاد

س: شاعری کی جدید شکلیں کون کون سی ہیں؟

ج: پابند نظم' معریٰ نظم' آزاد نظم' سانیٹ

س: حمد سے کیا مراد ہے؟

ج: وہ نظم جس میں اللہ تعالیٰ کی صفات اور عظمت و قدرت کا بیان کیا جائے۔

س: کیا حمد کے لئے کوئی ہیئت متعین ہے۔

ج: جی نہیں۔

س: نعت سے کیا مراد ہے؟

ج: نعت وہ صنف نظم ہے جس میں ہمارے آقا و مولا حضرت محمد مصطفیٰ رسول اللہ ﷺ کی ذات' صفات' اخلاق اور شخصی حالات کا بیان ہو۔

س: غزل کے لغوی معنی کیا ہیں؟

ج: غزل کے لغوی معنی عورتوں یا عورتوں کے متعلق گفتگو کرنا ہے۔ ہرن کے منہ سے بوقت خوف جو دردناک چیخ نکلتی ہے' اسے بھی غزل کہتے ہیں۔

س: مدح اور دعا میں کیا فرق ہے؟

ج: مدح میں قصیدہ گو ممدوح کے اوصاف بیان کرتا ہے جبکہ دُعا میں ممدوح کو دُعا دی جاتی ہے۔ دُعا کے ذریعے قصیدہ گو اپنا صلہ بھی طلب کرتا ہے۔

س: میر تقی میر نے اپنی آپ بیتی میں اپنے جنون کے حوالے سے کیا لکھا ہے؟

ج: جگر جور گردوں سے خوں ہو گیا
مجھے رکتے رکتے جنوں ہو گیا

س: سودا کے قصائد کی دو خصوصیات لکھیں۔

ج: 1- شکوہ الفاظ کا استعمال

2- فارسی تراکیب

3- خارجیت اور داخلیت کا متوازن امتزاج

س: غالبؔ کے دیوان کی پہلی غزل کا دوسرا شعر لکھیں۔

ج: کاوٗ کاوٗ سخت جانی ہائے تنہائی نہ پوچھ
صبح کرنا شام کا' لانا ہے جوئے شیر کا

س: دبستان دہلی کی دو نمایاں خصوصیات لکھیں۔

ج: 1- داخلیت

2- تصوف

3- سوز و گداز

4- رمز و کنایہ اور تشبیہ و استعارہ

س: اصطلاحاً غزل سے کیا مراد ہے؟

ج: غزل وہ صنف شعر ہے جس میں حسن و عشق کی مختلف کیفیات کا بیان ہو اور اسمیں درد و سوز بہت نمایاں ہو۔

س: کیا پوری غزل ایک ہی بحر میں ہوتی ہے؟

ج: جی ہاں!

س: اُردو غزل کا باوا آدم کس کو کہا جاتا ہے؟

ج: ولی دکنی کو اُردو غزل کا باوا آدم کہا جاتا ہے۔

س: چند ایک لکھنوی دبستان غزل کے نمائندوں کے نام تحریر کیجئے۔

ج: آتش' غالب' ذوق' مومن

س: چند ایک دہلوی دبستان غزل کے نمائندوں کے نام تحریر کیجئے۔

ج: میر' درد' ظفر' حالی

س: جدید غزل کا بانی کسے کہا جاتا ہے؟

ج: جدید غزل کے بانی حالی ہیں۔

س: شہر آشوب کے لغوی معنی کیا ہیں؟

ج: شہر کے لئے فتنہ و ہنگامہ' شہر میں جمع ہونے والے' شہر میں فتنہ برپا کرنے والے

س: اصطلاح میں شہر آشوب سے کیا مراد ہے؟

ج: شہر آشوب وہ نظم ہے جس میں شہر یا ملک کی اقتصادی یا سیاسی بے چینی کا تذکرہ ہو یا شہر کے مختلف طبقوں کی مجلسی زندگی کے کسی پہلو کا نقشہ مزاحیہ' طنزیہ یا ہجویہ انداز میں کھینچا گیا ہو۔

س: ردیف کسے کہتے ہیں؟

ج: ردیف سے مراد وہ الفاظ ہیں جو قافیے کے بعد شعر کے آخر میں بار بار آتے ہیں۔

س: دردؔ کی شاعری میں تصوف کی کثرت کے دو اسباب لکھئے۔

ج: 1- خاندانی حالات

2- سیاسی اور معاشرتی حالات

س: مومنؔ کی غزل کی سب سے اہم خوبی کی وضاحت کیجئے۔

ج: معاملہ بندی...... مومن خان مومن بات کو مکمل واضح طور پر بیان نہیں کرتے بلکہ اشاروں اور کنایوں میں کرتے ہیں' اس کو معاملہ بندی کہتے ہیں۔ مومن نے اُردو غزل کو پردہ نشین کے استعارہ سے آگاہی دی۔

س: اُردو میں سب سے زیادہ شہر آشوب کس شہر کے لئے لکھے گئے؟

ج: دہلی کے لئے

س: کسی شہر آشوب کے مجموعے کا نام بتائیے؟

ج: 1- فغان دہلی...... محمد تفضل حسین کوکب

2- انقلاب دہلی

س: حالی کے شہر آشوب کا نام لکھئے؟

ج: مدوجزر اسلام اور شکوۂ ہند

س: واسوخت کے لغوی معنی بتائیے؟

ج: اعراض' روگردانی' تنفر اور بیزاری کے ہیں۔

س: نظیر اکبر آبادی کی پانچ نظموں کے نام لکھئے۔

ج: 1- آدمی نامہ

2- روٹیاں

3- پیٹ

4- مفلسی

5- آٹے دال کا بھاؤ

6- بنجارہ نامہ

س: سوداؔ کے قصیدوں کے دو ممدوحین کے نام لکھئے۔

ج: 1- محمد حسین آزاد

2- فائق رام پوری

Scanned by CamScanner

س: ''گلزارِ نسیم'' کی دو خصوصیات لکھیے۔

ج: 1- خارجیت
2- منظر نگاری
3- مبالغہ آرائی
4- رعایت لفظی

س: اصطلاح میں واسوخت سے کیا مراد ہے؟

ج: یہ وہ صنف شاعری ہے جس میں محبوب کی بے وفائی' سنگ دلی اور اس کے ظلم و ستم کا ذکر کر کے اسے بُرا بھلا کہا جاتا ہے۔

س: واسوخت کا موجد کون ہے؟

ج: واسوخت کا موجد ایک فارسی شاعر وحشی یزدی ہے۔

س: ریختی' صنف شعر سے کیا مراد ہے؟

ج: ریختی وہ صنف شعر ہے جس میں عورتوں کی گفتگو' ان کے جذبات اور ان کے معاملات حسن و عشق وغیرہ کو ان کی زبان میں بیان کیا جاتا ہے۔

س: ریختی کا موجد کسے جانا جاتا ہے؟

ج: دکن کے شاعر سیّد میراں ہاشمی کو ریختی کا موجد مانا جاتا ہے۔

س: ریختی کا کوئی نمونہ شعر تحریر کیجیے۔

ج: رنگین کا شعر ہے:

یہ دل مسوس کے چپ بھی نہیں رہا جاتا
گلہ جو کرتی ہوں چاہت کا ہے مزا جاتا

س: قصیدہ کے کتنے اجزاء ہوتے ہیں؟

ج: چار اجزاء ہوتے ہیں:
1- تشبیب
2- گریز
3- مدح
4- دُعا

س: آتش کی شاعری کی دو خصوصیات لکھیے۔

ج: 1- مرصع سازی
2- پہلودار معنی

3- قلندرانہ مزاج

س: شہر آشوب کسے کہتے ہیں؟

ج: شہر آشوب سے مراد شاعری کی وہ صنف ہے جس میں کسی شہر کے فتنہ و بربادی کا ذکر ہو جس میں جنگ آزادی کے حالات کا ذکر آئے۔

س: میر انیس کی مرثیہ گوئی کی دو خصوصیات لکھیے۔

ج: 1- واقعہ نگاری
2- جذبات نگاری
3- منظر نگاری

س: قصیدے کے اجزاء لکھیے۔

ج: 1- تشبیب
2- گریز
3- مدح
4- دُعا

س: لکھنوی غزل کا دور زرّیں کون سا ہے؟

ج: آتش و ناسخ کا دور

س: دکن میں مثنوی کے نمائندہ شاعر کون کون تھے؟

ج: 1- قلی قطب شاہ
2- ابن نشاطی
3- غواصی
4- نصرتی

س: مثنوی ''سحر البیان'' کے مصنف کا نام کیا ہے؟

ج: میر حسن

س: میر حسن کو کون سی تہذیب پسند تھی؟

ج: مغل تہذیب

س: مثنوی سحر البیان کا اسلوب اور لب و لہجہ کیا ہے؟

ج: دہلوی

س: مثنوی سحر البیان میں بادشاہ کے ہاں جو لڑکا ہوا اس کا کیا نام ہے؟

ج: بے نظیر

Scanned by CamScanner

س: سحرالبیان کا دوسرا نام کیا ہے؟
ج: اس کا دوسرا نام مثنوی ''بے نظیر و بدرمنیر'' ہے۔
س: مثنوی سحرالبیان کے نسوانی کرداروں کے نام کیا ہیں؟
ج: 1- شہزادی بدرمنیر
2- نجم النساء
3- ماہ رُخ
س: مثنوی گلزارِنسیم کس نے لکھی ہے؟
ج: پنڈت دیاشنکرنسیم نے
س: مثنوی گلزارنسیم کس کا قصہ ہے؟
ج: گلزارنسیم بنیادی طور پر گل بکاؤلی کا قصہ ہے۔
س: انیس کے مرثیہ کی سب سے پہلی خصوصیت کیا ہے؟
ج: فصاحت
س: دبستان دہلی اور دبستان لکھنؤ کی شاعری میں بنیادی فرق کیا ہے؟
ج: 1- دہلی: داخلیت' سادگی' فارسی تراکیب' فصاحت
2- لکھنؤ: خارجیت' رعایت لفظی' لغت سازی' غرابت
س: ولی نے شمالی ہند کو کس حوالے سے متاثر کیا؟
ج: شمالی ہند میں عموماً اور دتی میں خصوصاً اردو غزل گوئی کا راج ولی دکنی ہی کی بدولت ہوا لہٰذا ولی نے غزل کہہ کر متاثر کیا جس میں مزید کمال اُن کی خوبی حسن و جمال نے پیدا کیا۔
س: غزل کی صورت گری میں کون سے عناصر اہم کردار ادا کرتے ہیں؟
ج: مطلع اور اس کے بعد ہر شعر کا دوسرا مصرع مطلع کا ہم قافیہ' مقطع ہیئت کے حوالہ سے اور موضوع کے حوالہ سے خیالات کا تنوع' روانی و ترنم' ایجاز و اختصار اور آفاقیت!
س: کیا ہماری زندگی میں غزل کے اثرات گہرے اور ہمہ گیر نظر آتے ہیں؟
ج: غزل نغمانی فکر ہے' یہ زبان کی آبرو ہے' یہ کائنات کی وسعتوں کو ناپ سکتی ہے۔ یہ خوبصورت چہروں سے لے کر تاریک غاروں تک محیط ہے۔ یہ ذرہ سے لے کر خورشید تک کی داستانیں بیان کرسکتی ہیں۔ یہ ہماری زندگی کی حیات مستقلہ ہے۔ اس کی مثالیں میر تقی میر' غالب اور اقبال کی غزلیں ہیں۔
س: انیس کے کسی مشہور مرثیہ کا نام لکھیں؟
ج: جب قطع کی مسافت شب آفتاب نے

س: عوامی شاعر کسے کہتے ہیں؟
ج: نظیر اکبرآبادی کو
س: نظیر کی باقاعدہ حمایت کا آغاز کس نے کیا؟
ج: ڈاکٹر نیلسن نے
س: آتش کے بزرگوں کا آبائی وطن کون سا تھا؟
ج: بغداد
س: لکھنؤ میں آتش نے کس نواب کی ملازمت کی؟
ج: نواب مرزا محمد تقی خان کی
س: آتش کی جوانی کا زیادہ حصہ کس حالت میں بسر ہوا؟
ج: آوارگی اور آزادمنشی میں
س: ''میر و غالب کے بعد اگر کسی کا مرتبہ ہے تو آتش کا ہے'' یہ رائے کس کی ہے؟
ج: رام بابو سکسینہ کی
س: آتش و ناسخ میں سے کس کا کلام رعایت لفظی کی مثال پیش کرتا ہے؟
ج: ناسخ کا
س: لکھنؤ کا نمائندہ شاعر آتش ہے یا ناسخ؟
ج: آتش
س: سادگی اور داخلیت کس دبستان کی پہچان ہے؟
ج: دبستان دہلی
س: آتش نے کس کس صنف سخن میں طبع آزمائی کی؟
ج: صرف غزل کہی۔
س: ڈاکٹر سید عبداللہ نے ولی کو کیسا شاعر قرار دیا ہے؟
ج: جمال دوست شاعر
س: ولی دکنی کس دور کے شاعر ہیں؟
ج: ولی دکنی عبوری دور کے شاعر ہیں؟
س: خواجہ حیدر علی آتش کی شاعری کی بنیادی خصوصیت کیا ہے؟
ج: سرور و نشاط کا بیان
س: حزن کس قسم کے غم کا نام ہے؟
ج: حزن ایسے غم کو کہتے ہیں جس میں اعلیٰ تفکر اور تخلیقی صلاحیت ہو۔
س: دیئے گئے اشارات سے شاعر کی پہچان کریں:

Scanned by CamScanner

1- بلند خیالی
2- حسن لطافت
3- روایتی اثرات
4- رعایت لفظی
5- نزاکت آفرینی
6- معاملہ بندی

ج: مومن خان مومن

س: شخصیت کی پہچان کیجیے:
1- حسن پرستی
2- خارجیت
3- عشق
4- سراپا نگاری
5- سلاست اور سہل ممتنع
6- روایتی حالات

ج: ولی دکنی

س: شخصیت کی پہچان کیجیے:
1- سادگی، خلوص اور صداقت
2- عام لہجہ اور بول چال
3- پُرلطف پیرائیہ ادا
4- موسیقی اور غنائیت
5- تکرار الفاظ
6- خطابیہ انداز

ج: میر تقی میر

س: غالب کو مومن خان مومن کا کون سا شعر پسند آیا اور اس کے بدلے پورا کلام دینے کو تیار ہوئے؟

ج: تم میرے پاس ہوتے ہو گویا
جب کوئی دوسرا نہیں ہوتا

س: سرتاجِ شعرائے اُردو کسے کہا جاتا ہے؟
ج: میر تقی میر کو

س: میر تقی میر کا تصورِ غم کیسا ہے؟
ج: میر کا تصورِ غم تخیلی اور فکری ہے۔
س: میر تقی میر کے ہاں لالہ کاری سے کیا مراد ہے؟
ج: لالہ کاری سے مراد لہو اور خون کا ذکر ہے۔
س: اُردو زبان کے واحد صوفی شاعر کون ہیں؟
ج: خواجہ میر درد
س: خواجہ میر درد کی شاعری کی خصوصیت بیان کریں؟
ج: تصوف
س: تصوف، وحدۃ الوجود، عشق حقیقی و مجازی، احساس زیاں، سوز و گداز، عشق تعلّی کس کی شاعری کی خصوصیات ہیں؟
ج: خواجہ میر درد
س: مرثیے میں رجز سے کیا مراد ہے؟
ج: عربوں کے آداب جنگ کے مطابق ہیرو مقابل فوجوں کو اپنے حسب و نسب سے آگاہ کرتا ہے۔ ان کے سامنے اپنی اور اپنے خاندان کی فضیلت اور بزرگی بیان کرتا ہے۔ اپنے مقصد کی سچائی اور عزم کو واضح کرتا ہے۔ دشمنوں کو پیغامِ صلح دیتا ہے اور جب وہ تشدد سے جواب دیں تو پھر شمشیر بکف اعلان جنگ کرتا ہے، اس کو رجز کہتے ہیں۔
س: قصیدے کی کتنی قسمیں ہیں؟
ج: ہیئت کے لحاظ سے قصیدے کی دو اقسام ہیں۔
س: شہر آشوب کا موضوع کیا ہوتا ہے؟
ج: شہر آشوب وہ نظم ہے جس میں شہر یا ملک کی اقتصادی یا سیاسی بے چینی کا تذکرہ ہو یعنی شہر کی بربادی کا ذکر۔
س: مرثیہ کے اجزائے ترکیبی کے نام لکھیے۔
ج: 1- چہرہ — 2- سراپا
3- رخصت — 4- آمد
5- رجز — 6- جنگ
7- شہادت — 8- بین
9- دُعا
س: دو شخصیات کے نام لکھیں جنہوں نے غالب کی شاعری پر کام کیا؟
ج: 1- ڈاکٹر سیّد عبداللہ

Scanned by CamScanner

2- ڈاکٹر عبادت بریلوی

س: خواجہ میر درد کی کوئی سی تین تصانیف کے نام لکھیں۔

ج: 1- اسرار الصلوٰۃ

2- واردات

3- نالہ درد

4- آہ سرد

س: مومن کی شاعری کی کوئی سی تین خصوصیات بیان کریں۔

ج: 1- معاملہ بندی

2- بلند خیالی

3- نزاکت آفرینی

4- حسن لطافت

س: رمز و ایمائیت کیا ہے؟ وضاحت کیجئے۔

ج: کلام میں کسی بات کا واضح اور صریح لفظوں میں براہ راست اظہار کرنے کی بجائے چھپا کر اور غیر واضح انداز میں کیا جائے تو اس اصطلاح کو رمز و ایمائیت کہتے ہیں۔

س: قصیدے کے اجزائے ترکیبی کے نام لکھیں۔

ج: 1- تشبیب

2- گریز

3- مدح

4- حسن طلب

5- دُعا

س: نظیر کی تہواروں کے حوالے سے کوئی سی تین نظموں کے نام لکھیں۔

ج: 1- شب برات

2- دیوالی

3- ہولی

4- بسنت

س: غالب اور اقبالؒ میں اشتراکیت کی شناخت کس نے کی؟

ج: ڈاکٹر فرمان فتح پوری نے

س: اقبالؒ کی کون سی کتاب ہے جس کی غزلوں کا مجموعہ بہترین غزلوں میں شمار ہوتا ہے؟

ج: بال جبریل

س: غالب نے فارسی میں تاریخ کی کون سی کتاب لکھی اور یہ کس کے متعلق تھی؟

ج: ''مہر نیم روز'' امیر تیمور سے ہمایوں تک کی تاریخ

س: سبد چین کس کی لکھی ہوئی ہے اور کس قسم کی کتاب ہے؟

ج: مرزا غالب کی اس میں قصائد، قطعات اور خطوط ہیں۔

س: غالب کی انشاء پردازی کے متعلق کتاب کا نام لکھیں؟

ج: پنج آہنگ

س: بھارت کا سب سے بڑا ادبی ایوارڈ کون سا ہے؟

ج: غالب ایوارڈ

س: مرزا غالب کی مثنویوں کی تعداد کیا ہے؟

ج: گیارہ

س: غالب نے اپنی زندگی میں آخری خط کس کو لکھا؟

ج: نواب علاؤالدین احمد علائی کو

س: روئے غالب کس کی تصنیف ہے؟

ج: صوفی غلام مصطفیٰ تبسم کی

س: کس دیوان میں غالب کی تمام غزلیں اکٹھی ہیں؟

ج: نگارستان سخن

س: غالب کی تمام غزلوں کی تعداد لکھیں؟

ج: 328

س: نجم الدولہ، دبیر الملک اور نظام جنگ کس کے خطابات ہیں؟

ج: مرزا غالب کے، یہ خطابات بہادر شاہ ظفر نے غالب کو نوازے۔

س: غالب نے اپنی مثنوی کس کی طرز پر لکھی؟

ج: غالب نے اپنی مثنوی ابر گہر بار نظامی گنجوی کی مثنوی کی طرز پر لکھی۔

س: نگارستان سخن کن شعراء کے دیوان کا مجموعہ ہے۔

ج: ذوق، غالب اور مومن

س: غالب کی شادی کس عمر میں ہوئی؟

ج: 13 سال کی عمر میں

س: مرزا غالب، غالب سے پہلے کیا تخلص فرماتے تھے؟

ج: اسد

س: مرزا غالب نے کل کتنے قصائد لکھے تھے؟

Scanned by CamScanner

ج: 64

س: اُردو معلّٰی اور عود ہندی غالب کے کس چیز کے مجموعے ہیں؟

ج: مکاتیب کے

س: لطافت، ظرافت اور شگفتہ مزاجی کس کے کلام کی خصوصیات ہیں؟

ج: مرزا غالب کے

س: قاطع برہان کس کا شاہکار ہے؟

ج: مرزا غالب کا

س: سبد چین اور پنج آہنگ کس کے شاہکار ہیں؟

ج: مرزا غالب کے

س: غالب کی فارسی تصانیف میں سے کوئی سی دو کے نام لکھیں؟

ج: 1- سبد باغ دودر
2- دعائے صباح غالب
3- درفش کاویانی

س: غالب کی اُردو میں اہم تصانیف کے نام لکھیں؟

ج: دیوان غالب، عود ہندی، اردوئے معلّٰی، مکاتیب غالب، نکات غالب و رقعات غالب، قادرنامہ

س: دیوان غالب کس قسم کا مجموعہ کلام ہے؟

ج: دیوان غالب، غالب کی اُردو حروف تہجی کے لحاظ سے غزلیات کا مجموعہ ہے۔

س: دیوان غالب کب اور کہاں پہلی مرتبہ شائع ہوا؟

ج: پہلی بار اکتوبر 1841ء میں سیّد محمد خان بہادر کے مطبع سیّد المطابع سے شائع ہوا۔

س: دیوانِ غالب کتنے صفحات پر مشتمل ہے اور اس میں اشعار کی تعداد کیا ہے؟

ج: 108 صفحات اور 1095 اشعار ہیں۔

س: دیوان غالب میں کن ردیفوں میں کہی جانے والی غزلوں کی تعداد زیادہ ہے؟

ج: الف، نون، یائے کی ردیفوں میں

س: عود ہندی میں خطوط کی تعداد کتنی ہے؟

ج: 163

س: خطوط غالب میں کتنے اشخاص کے نام شامل ہیں؟

ج: قریباً 78 اشخاص کے

س: غالب کا لقب کیا تھا؟

ج: مرزا نوشہ

س: مسرت و راحت کس تہذیب کے دو عزیز مقاصد تھے؟

ج: لکھنؤ کی تہذیب کے

س: کیا یہ درست ہے کہ میر تقی میر قنوطی شاعر ہے؟

ج: میر تقی میر کو کسی طور بھی قنوطی شاعر نہیں کہا جا سکتا اگرچہ ان کی زندگی حرمان و یاس اور محرومی و مایوسی کی زندگی تھی، پھر بھی ان اندھیروں میں امید کی کرنیں پھوٹتی ہیں۔ میر نے اس احساس کے باوجود زندگی کو گزارنے کا حوصلہ دیا ہے۔

س: میر کی غزلوں کے کتنے دیوان ہیں؟

ج: چھ دیوان

س: مومن کی کل مثنویوں کی تعداد بتائیے اور ان کو کیا قرار دیا ہے؟

ج: تعداد چھ ہے جن میں سے ہر ایک کو شیفتہ نے "رشک گلشن اور غیرت چمن" قرار دیا ہے۔

س: درد کا کوئی شعر تحریر کیجئے جس میں وحدت الشہود کا رنگ بھی دکھائی دے؟

ج: آواز نہیں قید میں زنجیر کی ہرگز
ہرچند کہ عالم میں ہوں عالم سے جدا ہوں

س: اُردو شاعری براہ راست کس زبان کی شاعری کے زیر اثر ہے؟

ج: فارسی زبان کی شاعری کے زیر اثر ہے۔

س: غالب کے تصور حسن سے کیا مراد ہے؟

ج: سب کو مقبول ہے دعویٰ تیری یکتائی کا
روبرو کوئی بت آئینہ سیما نہ ہوا

غالب کے نزدیک تصور حسن ان کے محبوب کی ذات میں وہ تمام خصوصیات جمع ہو گئی ہیں جو حسن کے سلسلے میں غالب کو پسند ہیں۔

س: میر حسن کس تہذیب کے دلدادہ تھے؟

ج: مغل تہذیب کے

س: میر دبیر نے کون سی زبان استعمال کی ہے؟

ج: دہلی کی ٹکسالی زبان استعمال کی ہے۔

س: انیس کے مرثیہ کی اہم خصوصیت فصاحت ہے، کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ فصاحت سے کیا مراد ہے؟

ج: شعر میں جو حروف آئیں، ان میں تنافر نہ ہو۔ الفاظ نامانوس نہ ہوں، قواعد کے خلاف نہ

ہوں۔

س: مرثیہ گوئی کا آغاز کہاں سے ہوا؟

ج: مرثیہ گوئی کا آغاز دکن سے ہوا۔

س: مرثیہ گوئی کی صنف کس صدی میں زیادہ مقبول ہوئی۔

ج: سولہویں صدی کے آخر میں

س: اٹھارویں صدی کے ابتداء میں کن مرثیہ نگاروں کے نام زیادہ معروف ہوئے؟

ج: سکندر' گدا اور مسکین

س: دلّی کے بعد مغلوں کا دوسرا بڑا مرکزی شہر کون سا تھا؟

ج: آگرہ

س: ''آدمی نامہ'' سے نظیر کے متعلق کیا نتیجہ اخذ کیا جاتا ہے؟

ج: نظیر مساوات کے علمبردار تھے۔

س: نظیر کا من پسند موضوع کیا ہے؟

ج: انسانی زندگی

س: نظیر کی نظم ''جاڑا'' کس کے بارے میں ہے؟

ج: موسموں کے بارے میں

س: مرزا غالب کے مشہور شاگردوں کے نام بتائیں؟

ج: قربان علی بیگ سالک' میر مہدی مجروح' الطاف حسین حالی' منشی ہرگوپال' نواب علاؤالدین' عزیز مشتاق اور جوہر

س: مشکلات غالب کس کی تصنیف ہے؟

ج: علامہ نیاز فتح پوری کی

س: مرزا غالب نے کس کی طرز پر اپنی مثنوی ''ابر گہر بار'' لکھی۔

ج: نظامی گنجوی کی مثنوی ''ساقی نامہ'' کی طرز پر

س: ''درفش کاویانی'' کا دوسرا نام کیا ہے؟

ج: قاطع برہان

س: مرزا غالب کے کل کتنے بچے تھے؟

ج: سات

س: اُردو کا پہلا شاعر کون تھا جس نے حسن و عشق کے موضوع پر ایک مثنوی لکھی؟

ج: مثنوی کا نام ''کدم راؤ پدم راؤ'' تھا اور اس کا مصنف نظام بیدری ہے۔

س: مثنوی ''ابراہیم نامہ'' کس کی لکھی ہوئی ہے؟

ج: عبدالقادر یا عبدالغنی (دونوں نام ایک ہی شاعر کے ہیں)۔

س: مثنوی ''یوسف زلیخا'' کس کی لکھی ہوئی ہے؟

ج: سیّد میراں ہاشمی

س: مثنوی ''معراج نامہ'' کس کی لکھی ہوئی ہے؟

ج: مختار بیجاپوری

س: میر حسن نے کتنی مثنویاں لکھیں؟

ج: 11

س: دبستان لکھنؤ کا بانی کسے کہا جاتا ہے؟

ج: امام بخش ناسخ کو

س: دیئے گئے اشاروں سے شخصیت کی پہچان کریں:
جدت پسندی' حد تخیل' جدت اداء' پہلوداری' رمزیت و ایمائیت' زندگی کا حقیقت پسندانہ تصور' زبان و بیان

ج: غالب

س: مومن خان مومن کی تصانیف کے نام لکھیں؟ (کوئی دو)

ج:
1- کلیات مومن (اُردو)
2- دیوان مومن (فارسی)
3- انشائے مومن (فارسی)

س: سماجی شعور' ندرت اسلوب' معاملات حسن و عشق کا بیان' نازک خیالی' تغزل شخصیت کی پہچان کریں؟

ج: مومن خان مومن

س: غالب اور مومن کے دور کے دو شعراء کے نام لکھیں؟

ج: ذوق اور بہادر شاہ ظفر

س: غالب کے علاوہ اُردو کا دوسرا شاعر کون ہے جس کی شہرت پاکستان سے باہر پھیل چکی ہے؟

ج: علامہ اقبالؒ

س: میر نے غالب کی شاعری کو دیکھ کر کیا کہا تھا؟

ج: میر نے کہا تھا کہ اگر اس لڑکے کو کوئی کامل اُستاد مل گیا اور اس کو سیدھے راستے پر ڈال دیا گیا تو لاجواب شاعر بن جائے گا ورنہ مہمل بکے گا۔

س: میر کی پیشین گوئی کا کون سا حصہ صحیح ثابت ہوا؟

Scanned by CamScanner

ج: غالب ایک لاجواب شاعر بن جائے گا۔

س: غالب کی ابتدائی شاعری کی طرف ان کے زمانے کے لوگوں کا کیا ردعمل تھا؟

ج: غالب کی شاعری کی طرف ان کے زمانے کے ردعمل نے اس شعر کی شکل اختیار کی:

زبان میر سمجھے اور کلام میرزا سمجھے
مگر ان کا کہا آپ سمجھیں یا خدا سمجھے

س: غالب کی ابتدائی شاعری کی دو اہم خصوصیتیں کیا ہیں؟

ج: فارسی لفظوں اور ترکیبوں کا کثرت سے استعمال اور شعر کا بے مزہ ہونا۔

س: کیا غالب نے ابتدائی شاعری کا مذاق اُڑانے والوں کو کوئی اہمیت دی؟

ج: کوئی اہمیت نہیں دی بلکہ ان کے جواب میں یہاں تک کہہ گئے کہ

گر نہیں ہیں میرے اشعار میں معنی نہ سہی

س: کیا غالب کی ابتدائی شاعری اچھے شعروں سے بالکل خالی ہے؟

ج: ہرگز نہیں

س: کیا غالب نے چوبیس سال کی عمر تک کچھ ایسے شعر کہے جو ان کو غیر فانی بنا سکتے تھے؟ اگر جواب اثبات میں ہو تو دو مثالیں دیجئے؟

ج: بے شک مثلاً:

ہے کہاں تمنا کا دوسرا قدم یا رب
ہم نے بزم امکاں کو ایک نقش پا پایا

دیر و حرم آئینہ تکرار تمنا
وامانہ گئی شوق ترا سے ہے بنا ہیں

س: غالب کی مقبولیت کے دو اہم سبب کیا ہیں؟

ج: پہلا سبب یہ ہے کہ غالب کی شاعری میں انسانی زندگی اور انسانی فطرت کے بے شمار پہلوؤں سے متعلق شعر موجود ہیں۔ دوسرے یہ کہ غالب ایسے الفاظ اور چبھتے ہوئے انداز میں شعر کہتے ہیں کہ وہ شعر آسانی سے یاد رہ جاتے ہیں اور زندگی کے مختلف موقعوں پر یاد آتے ہیں۔

س: ''زہرِ عشق'' مثنوی کس نے لکھی ہے؟

ج: نواب مرزا شوق نے

س: نواب مرزا شوق کے اُستاد کا نام بتائیے؟

ج: آتش لکھنوی

س: مرزا شوق نے کتنی مثنویاں لکھیں؟

ج: تین

س: مرزا شوق کی مثنویوں کے نام بتائیے؟

ج: زہر عشق، بہار عشق، فریب عشق

س: زہر عشق کب لکھی گئی؟

ج: 1860ء میں اور پہلی بار 1862ء میں شائع ہوئی۔

س: دبستان دلی شاعری کی اصطلاح میں کن شعراء کے عہد کو کہتے ہیں؟

ج: غالب اور ذوق کے عہد کو

س: دبستان دہلی کے مشہور شعراء کون سے تھے؟

ج: حاتم، ناجی، مضمون، غالب، میر تقی میر، ذوق، آبرو اور خان آرزو

س: ابن نشاطی اور نصرتی کو اُردو شاعری میں کیا کہا جاتا ہے؟

ج: نقیب اور امام

س: جرأت کس زبان کے نابینا شاعر تھے؟

ج: اُردو زبان کے

س: ولی دکنی کے والد کا کیا نام تھا؟

ج: شریف محمد

س: خواجہ میر درد کب پیدا ہوئے؟

ج: 1719ء میں

س: خواجہ میر درد کا سن وفات کیا ہے؟

ج: 1885ء

س: خواجہ میر درد کا دیوان کس نام سے مشہور ہے؟

ج: نالہ عندلیب

س: خواجہ حیدر علی آتش کب پیدا ہوئے؟

ج: 1764ء

س: آتش کا سن وفات بتائیے؟

ج: 1846ء

س: آتش کہاں پیدا ہوئے؟

ج: فیض آباد

س: آتش کے والد کا کیا نام تھا؟

Scanned by CamScanner

ج: خواجہ علی بخش

س: میر تقی میر کب پیدا ہوئے؟

ج: 1724ء

س: میر تقی میر کہاں پیدا ہوئے؟

ج: آگرے میں

س: میر تقی میر کا سن وفات کیا ہے؟

ج: 1810ء

س: میر تقی میر کے والد کا نام بتائیے؟

ج: محمد علی

س: غالب کا سن پیدائش کیا ہے؟

ج: 1797ء

س: غالب کس سن میں فوت ہوئے؟

ج: 1869ء میں

س: غالب کہاں پیدا ہوئے؟

ج: آگرہ میں

س: غالب کے والد کا نام آپ کو معلوم ہے؟

ج: عبداللہ بیگ

س: ''اُردوئے معلّٰی'' کس کا شاہکار ہے؟

ج: غالب کا

س: ''گل رعنا'' کس کا شاہکار ہے؟

ج: غالب کا

س: ''پنج آہنگ'' کس کی تحریر ہے؟

ج: غالب کی

س: ''لطائف غیبی'' کس کی کتاب ہے؟

ج: غالب کی

س: میر حسن شاعر تھے یا افسانہ نگار؟

ج: شاعر

س: میر حسن کب پیدا ہوئے؟

ج: 1736ء

س: میر حسن کا سن وفات کیا ہے؟

ج: 1786ء

س: میر حسن کے والد کا نام کیا ہے؟

ج: میر غلام حسن

س: ''سحرالبیان'' کس کی مثنوی ہے؟

ج: میر حسن

س: دیا شنکر نسیم کی کسی مثنوی کا نام کیا ہے؟

ج: گلزار نسیم

س: میر ببر علی انیس کب پیدا ہوئے؟

ج: 1802ء

س: میر انیس کا سن وفات کیا ہے؟

ج: 1874ء

س: میر انیس کہاں پیدا ہوئے؟

ج: فیض آباد میں

س: میر انیس کے والد کا نام بتائیے؟

ج: میر خلیق

س: مرزا محمد رفیع سودا کب پیدا ہوئے؟

ج: 1716ء

س: رفیع سودا کا سن وفات بتائیے؟

ج: 1781ء

س: کیا سودا کے والد کا نام آپ کو معلوم ہے؟

ج: مرزا محمد شفیع

س: سودا کا تعلق دلّی/لکھنؤ کے دبستان سے ہے؟

ج: دبستان دلّی

س: شیخ محمد ابراہیم ذوق کب پیدا ہوئے؟

ج: 1789ء میں

س: ذوق کا سن وفات کیا ہے؟

ج: 1854ء

س: ذوق کے والد کا کیا نام تھا؟

Scanned by CamScanner

ج: شیخ محمد رمضان

س: ذوق کہاں پیدا ہوئے؟

ج: دہلی شہر میں

س: ''ساون میں دیا پھر مہ شوال دکھائی'' کس کا قصیدہ ہے؟

ج: ذوق کا

س: ''یار و مہتاب و گل و شمع بہم چاروں ایک'' کس کا قصیدہ ہے؟

ج: سودا کا

س: نظیر اکبر آبادی کب پیدا ہوئے؟

ج: 1735ء

س: اکبر آبادی کا سن وفات کیا ہے؟

ج: 1830ء

س: اکبر آبادی کے والد کا نام کیا ہے؟

ج: سیّد محمد فاروق

س: اکبر آبادی کہاں پیدا ہوئے؟

ج: آگرے میں

س: درج ذیل شعر کے شاعر کا نام بتایئے:

وہ صنم جب سوں بسا دیدۂ حیران میں آ
آتشِ عشق پڑی عقل کے سامان میں آ

ج: ولی دکنی

س: یہ کس کا شعر ہے:

حاکم وقت ہے تجھ گھر میں رقیب بد خو
دیو مختار ہوا ملک سلیمان میں آ

ج: ولی دکنی

س: یہ شعر کس شاعر کا ہے:

مت غصے کے شعلے سوں جلتے کوں جلاتی جا
تک ٹھہر کے پانی لوں آگ بجھاتی جا

ج: ولی دکنی

س: شاعر کا نام بتایئے:

یاد کرنا ہر گھڑی اس یار کا

ہے وظیفہ مجھ دل بیمار کا
آرزوئے چشمہ کوثر نہیں
تشنہ لب ہوں شربت دیدار کا

ج: ولی دکنی

س: یہ شعر کس شاعر کا ہے:

تجھ لب کا صفت لعل بدخشاں سوں کہوں گا
جادو ہیں تیرے نین غزالاں سوں کہوں گا

ج: ولی دکنی

س: شاعر کا نام لکھئے:

سرور عیش گاویں ہم اگر وہ عشوہ ساز آوے
بجاویں طبل شادی کے اگر وہ دل نواز آوے

ج: ولی دکنی

س: شاعر کا نام بتایئے:

جان پہ کھیلا ہوں میں میرا جگر دیکھنا
جی نہ رہے یا رہے مجھ کو اِدھر دیکھنا

ج: خواجہ میر درد

س: کس شاعر کا شعر ہے:

حباب آسا میں دم بھرتا ہوں تیری آشنائی کا
نہایت غم ہے اس قطرے کو دریا کی جدائی کا

ج: خواجہ حیدر علی آتش

س: یہ کس کا شعر ہے:

ہم نے کس رات نالہ سر نہ کیا
پر اسے آہ نے اثر نہ کیا

ج: خواجہ میر درد

س: شاعر کا نام بتایئے:

کام کرتی رہی وہ چشم فسوں ساز اپنا
لب جاں بخش دکھایا کیسے اعجاز اپنا

ج: حیدر علی آتش

س: یہ شعر کس کا ہے:

Scanned by CamScanner

اثر اس کو ذرا نہیں ہوتا
رنج راحت فزا نہیں ہوتا

ج: مومن خاں مومن

س: مندرجہ ذیل اشعار کس شاعر کے ہیں:

چمن میں گل نے جو کل دعویٰ جمال کیا
جمال یار نے منہ اس کا خوب لال کیا
فلک لے آہ تری رہ میں ہم کو پیدا کر
برنگ سبزۂ نو رستہ پائمال کیا

ج: میر تقی میر

س: یہ شعر کس شاعر کا ہے:

دل سے تری نگاہ جگر تک اُتر گئی
دونوں کو اک ادا میں رضامند کر گئی

ج: مرزا غالب

س: شاعر کا نام بتایئے:

غیروں پہ نہ کھل جائے کہیں راز دیکھنا
میری طرف بھی غمزہ غماز دیکھنا

ج: مومن

س: یہ شعر کس کا ہے:

اے صنم جس نے تجھے چاند سی صورت دی ہے
اسی اللہ نے مجھ کو بھی محبت دی ہے

ج: آتش

س: شاعر کا نام بتایئے:

دل مت لگا رُخ عرق آلود یار سے
آئینہ کو اُٹھا کہ زمین نم بہت ہے یاں

ج: میر تقی میر

س: یہ غزل کس شاعر کی ہے:

''کئی دن سلوک و داغ کا مرے درپئے دل زار تھا''

ج: میر تقی میر کی غزل ہے۔

س: یہ شعر کس شاعر کا ہے:

کیوں جل گیا نہ تاب رُخ یار دیکھ کر
جلتا ہوں اپنی طاقت دیدار دیکھ کر

ج: غالب

س: یہ شعر کس کا ہے:

گرنی تھی ہم پہ برق تجلی نہ طور پر
دیتے ہیں بادہ ظرف قدح خوار دیکھ کر

ج: غالب

س: یہ شعر کس شاعر کا ہے:

نارسائی سے دم رُکے تو رُکے
میں کسی سے خفا نہیں ہوتا

ج: مومن

س: یہ شعر کس کا ہے:

چاہو وفا کرو نہ کرو اختیار ہے
خطرے جو اپنے جی میں تھے وہ سب اُٹھا دیئے

ج: خواجہ میر درد

س: شاعر کا نام بتایئے:

کوچہ دلبر میں، بلبل چمن میں مست ہے
ہر کوئی یاں اپنے اپنے پیرہن میں مست ہے
نشہ دولت سے منعم پیرہن میں مست ہے
مرد مفلس حالت رنج و محن میں مست ہے

ج: آتش

س: شاعر کا نام بتایئے:

پھولا شفق سے چرخ پہ جب لالہ زار صبح
گلزار شب خزاں ہوا، آئی بہار صبح
کرنے لگا فلک زر انجم نثار صبح
سرگرم ذکر حق ہوئے طاعت گزار صبح

ج: میر ببر علی انیس

س: شاعر کا نام بتایئے:

ہرگز کریں گے پاس نہ احمد کی آل کا

ریتی پہ خوں بہائیں گے زہرا کے لال کا

ج: میر انیسؔ

س: شاعر کا نام بتایئے:

ہے مجھے ابرو ہوا شیشہ و جام اب کہ ہوئے
گریہ و نالۂ دل و دیدہ نم چاروں ایک

ج: مرزا رفیع سوداؔ

س: شاعر کا نام لکھئے:

ساون میں دیا پھر ماہ شوال دکھائی
برسات میں عید آئی قدح کش کی بن آئی
کرتا ہے ہلال ابروئے پرخم سے اشارہ
ساقی کو کہ بھر بادہ سے کشتی طلائی

ج: محمد ابراہیم ذوقؔ

س: شاعر کا نام بتایئے:

کیوں جل گیا نہ تاب رُخ یار دیکھ کر
جلتا ہوں اپنی طاقت دیدار دیکھ کر

ج: غالبؔ

س: شاعر کا نام بتایئے:

آتا ہے جس کا نام وہی خاص نور ہے
اور دال بھی پری ہے کوئی یا کہ حور ہے
اس کا بھی کھیل کھیلنا سب کو ضرور ہے
سمجھے اس سخن کو وہ صاحب شعور ہے

ج: نظیر اکبر آبادیؔ

س: شاعر کا نام بتایئے:

رعیت تھی آسودہ و بے خطر
نہ غم مفلسی کا نہ چوری کا ڈر
عجب شہر تھا اس کے مینو سواد
کہ قدرت خدا کی آتی تھی یاد

ج: میر حسنؔ

س: شاعر کا نام بتایئے:

پوچھا اسے آدم پری رو
انسان ہے پری ہے کون ہے تو
کیا نام ہے اور وطن کدھر ہے
ہے کون سا گل چمن کدھر ہے
دی اس نے دعا کہا بھلا ہو
فرخ ہوں شہا میں اپنی فیروز
گل ہوں تو کوئی چمن بتاؤں
غربت زدہ کیا وطن بتاؤں

ج: دیا شنکر نسیم

س: کس مثنوی کا شعر ہے:

طوطا بن کر شجر پہ آ کر
پھل کھا کر بشر کا روپ پا کر

ج: گلزار نسیم

س: ''شہزادی بدر منیر'' کس مثنوی کا کردار ہے؟

ج: سحر البیان

س: ''نجم النساء'' کس مثنوی کا کردار ہے؟

ج: سحر البیان

س: شہزادہ بے نظیر کس مثنوی کا کردار ہے:

ج: سحر البیان

س: ''ماہ رُخ'' کے نام سے آپ کے ذہن میں کون سی مثنوی آتی ہے؟

ج: سحر البیان

س: ''گل بکاؤلی'' کس مثنوی کا کردار ہے؟

ج: گلزار نسیم

س: تاج الملوک کس مثنوی کا کردار ہے؟

ج: گلزار نسیم

س: ایہام گوئی کے خلاف جن شعراء نے ردعمل کا مظاہرہ کیا ان میں پیش پیش کون تھے؟

ج: مرزا مظہر جان جاناں

س: ترقی پسند تحریک کب شروع ہوئی؟

ج: 1936ء میں

س: اصنافِ شعر کی تقسیم کتنے طریقوں پر کی گئی ہے؟
ج: دو
س: گیارہویں صدی میں فارسی کے پہلے بڑے صوفی شاعر ہونے کا اعزاز کسے حاصل ہے؟
ج: شیخ ابوسعید ابوالخیر
س: درج ذیل شعر کس کا ہے؟

ٹہنی پہ کسی شجر کی تنہا
بلبل تھا کوئی اُداس بیٹھا

ج: اقبالؒ
س: سب سے پہلے کس نے دبستان کے لئے سکول کی اصطلاح استعمال کی؟
ج: حالی
س: ''کاشف الحقائق'' کس کی تصنیف ہے؟
ج: امداد امام اثر کی
س: ''طوطیِ ہند'' کس کا لقب ہے؟
ج: حضرت امیر خسرو
س: ملا ظہوری ترشیزی نے کس سن میں وفات پائی؟
ج: 1617ء
س: ولی دکنی کس سن میں پیدا ہوئے؟
ج: 1668ء
س: ولی دکنی نے کس سن میں وفات پائی؟
ج: 1744ء
س: ظہور الدین حاتم کا سال پیدائش بتائیں؟
ج: 1699ء
س: ظہور الدین حاتم کا سال وفات بتائیں؟
ج: 1792ء
س: خان آرزو کا سال پیدائش درج کریں؟
ج: 1689ء
س: خان آرزو کا سال وفات بتائیں؟
ج: 1756ء

س: ''ناسخ کے پاس صرف کرتب تھا اُستادی اور زباندانی کا دعویٰ تھا لیکن آتش اس کے علاوہ بھی بہت کچھ تھے۔'' آتش سے متعلق یہ الفاظ کس نے کہے؟
ج: ڈاکٹر خلیل الرحمٰن اعظمی
س: درج ذیل شعر کس کا ہے:

کہتے ہیں ذکر لیلیٰ و مجنوں جو چھیڑیے
چپ رہیے بس نہ قبر سے مردے اکھیڑیے

ج: خواجہ حیدر علی آتش
س: درج ذیل شعر کس کا ہے:

ناز و نیاز عاشق و معشوق کیا کہوں
عجز و غرور شاہ و گدا کچھ نہ پوچھیے

ج: خواجہ حیدر علی آتش
س: 1827-28ء میں غالبؔ کو کہاں جانے کا اتفاق ہوا؟
ج: کولکتہ
س: کولکتہ جاتے ہوئے غالبؔ کو کہاں قیام کا موقع ملا؟
ج: بنارس
س: پہلی بار غالبؔ کے کلام کی فلسفیانہ بنیادوں کا تجزیہ کس نے کیا؟
ج: ڈاکٹر عبدالرحمٰن بجنوری
س: کس شاعر نے آغاز میں ہی اپنے کلام میں عشق و مستی، محنت کوشی اور مشکل پسندی کو نمایاں جگہ دینی شروع کر دی تھی؟
ج: مرزا غالب
س: غالبؔ 15 سے 25 برس کی عمر میں بقول شبلی کس شاعر کی تقلید کرتے رہے؟
ج: بیدلؔ
س: مرثیہ کس زبان کا لفظ ہے؟
ج: عربی
س: مُلّا مقبل کس ملک کے شاعر تھے؟
ج: ایران
س: میر مستحسن خلیق کی تاریخ پیدائش کیا ہے؟
ج: 1182ھ
س: میر مستحسن خلیق کی تاریخ وفات بتائیں؟

Scanned by CamScanner

ج: 1260ھ

س: میر حسن کا انتقال کس سن میں ہوا؟

ج: 1201ھ

س: فارسی میں قصیدے کو کیا کہتے ہیں؟

ج: چامہ

س: بہادر شاہ ظفر نے ذوق کو کیا لقب دیا تھا؟

ج: خاقانی ہند

س: اُردو نثر غالب سے پہلے کہاں کے اثرات کی مرہون منت تھی؟

ج: مغرب

س: "غالب نے خطوط کو ناول اور ڈرامے سے زیادہ دلچسپ بنایا ہے۔" کس کے الفاظ ہیں؟

ج: مولانا حالی

س: مولانا حالی نے یہ الفاظ کس کتاب میں لکھے ہیں: "یہ کہنا کچھ مبالغہ نہیں ہو گا کہ لٹریری قابلیت کے لحاظ سے مرزا جیسا جامع حیثیات آدمی امیر خسرو اور فیضی کے بعد آج تک ہندوستان کی خاک سے نہیں اٹھا۔"

ج: "یادگار غالب"

س: غالب کے جدامجد کا تعلق کس ریاست سے تھا؟

ج: ترکمان

س: "میں نے وہ انداز تحریر ایجاد کیا ہے کہ مراسلہ کو مکالمہ بنا دیا ہے۔ ہزار کوس سے بزبان قلم باتیں کیا کرو، ہجر میں وصال کے مزے لیا کرو۔" یہ الفاظ کس کو غالب نے کہے تھے؟

ج: مرزا حاتم علی

س: کس کے مطابق اُردو مثنوی کا آغاز دکن میں ہوا ہے؟

ج: نصیر الدین ہاشمی

س: "مثنوی کا آغاز دکن کی بجائے شمالی ہند میں ہوا ہے" کس کا کہنا ہے؟

ج: ڈاکٹر محمد عقیل

س: "کدم راؤ اور پدم راؤ" مثنوی کس شاعر نے لکھی؟

ج: نظامی

س: مثنوی "خوب ترنگ" کس نے لکھی؟

ج: محمد حسینی

س: "خوش نامہ" نامی مثنوی کے مصنف کون ہیں؟

ج: شاہ میراں جی

س: "قطب مشتری" کس کی تحریر ہے؟

ج: مُلّا وجہی

س: "خاور نامہ" مثنوی کس کی تحریر ہے؟

ج: کمال خان رستمی

س: مثنوی "ہشت بہشت" کے مصنف کون ہیں؟

ج: ملک خوشنود

س: "پھول بن" کے مصنف کون ہیں؟

ج: ابن نشاطی

س: "بہرام وگل اندام" کس کی تحریر ہے؟

ج: طبعی

س: "پدماوت" کے مصنف کا کیا نام ہے؟

ج: ملک محمد جائسی

س: مثنوی "روح افزاء" کس کی تحریر ہے؟

ج: فائز

س: "گلزار ارم" کس کی تحریر ہے؟

ج: میر حسن دہلوی

س: مصحفی نے کتنی مثنویاں تحریر کیں؟

ج: 25

س: انشاء نے کتنی مثنویاں تحریر کیں؟

ج: 8

س: جرأت کی مثنویوں کی تعداد بتائیں؟

ج: 5

س: راسخ عظیم آبادی کے دیوان میں مثنویوں کی تعداد کیا ہے؟

ج: 8

س: مثنوی "زہر عشق" کس کی تصنیف ہے؟

ج: نواب مرزا شوق

س: مثنوی "ساقی نامہ" کس کا شاہکار ہے؟

ج: علامہ اقبال

س: "شاہنامہ اسلام" جیسی خوبصورت مثنوی کس نے تحریر کی؟

ج: حفیظ جالندھری

س: ولی دکنی کی تاریخ پیدائش اور وفات درج کریں۔

ج: تاریخ پیدائش...... 1668ء

تاریخ وفات...... 1744ء

س: ظہور الدین حاتم کی تاریخ پیدائش اور وفات درج کریں۔

ج: تاریخ پیدائش...... 1699ء

تاریخ وفات...... 1792ء

س: خان آرزو کی تاریخ پیدائش اور وفات درج کریں۔

ج: تاریخ پیدائش...... 1689ء

تاریخ وفات...... 1756ء



افسانوی نثر اور ڈراما

س: پریم چند کے افسانوں کی بنیادی خصوصیت کیا ہے؟

ج: پریم چند کے افسانوں کی بنیادی خصوصیت حقیقت نگاری ہے۔ ادب کو شہروں سے نکال کر گاؤں کا رُخ کیا۔ یہاں غریب کسانوں، محنت کشوں اور مزدوروں کی فاقہ کشی، تنگدستی اور ان پر جاری ظلم کا پردہ چاک کیا۔

س: انتظار حسین کے دو افسانوں کے نام لکھیں۔

ج: i- کایا کلپ

ii- قیوما کی دوکان

iii- آخری آدمی

س: افسانے کی تعریف کریں۔

ج: یہ داستان اور ناول کی ارتقائی اور ترقی یافتہ صورت ہے۔ فنی لحاظ سے ایک افسانے کے لئے ضروری ہے کہ وہ وحدت تاثر کا حامل ہو۔ انگریزی میں افسانہ کو "Short Story" کہتے ہیں۔

س: فورٹ ولیم کالج سے وابستہ دو مصنفین کی داستانوں کے نام لکھیں۔

ج: i- نوطرز مرصع   ii- باغ و بہار

iii- باغ اُردو   iv- آرائش محفل

س: پریم چند کے دو افسانوں کے نام لکھیں۔

ج: i- کفن   ii- دودھ کی قیمت

iii- پنچائیت   iv- دو بیل

v- پوس کی رات

س: غلام عباس کے افسانوں کی بنیادی خصوصیت کیا ہے؟

ج: غلام عباس کے افسانوں کی بنیادی خصوصیت ان کے کردار اور ان کا مشاہدہ و نفسیاتی مطالعہ ہے۔ ان کے افسانے دھوکا کا نمونہ ہوتے ہیں اور وحدت تاثر پیش کرتے ہیں۔

س: خانم کے کردار پر دو جملے لکھیں۔

ج: i- خانم تکلے پر آنے والی لڑکیوں کو عیش و آرام دیتی ہے تا کہ انہیں اپنے گھر کی

Scanned by CamScanner

یاد نہ آئے۔

ii- خانم نفسیات کی ماہر تھی' ان کو نفسیاتی طور پر اغواء کر کے جنسی تعلیم دیتی تھی۔

س: پریم چند کے افسانے کفن کا موضوع کیا ہے؟

ج: کوئی بھی رذیل شخص اپنی قبیح عادتوں کو اختیار کئے رکھنے کے لئے بے عزتی اور ڈھٹائی کی کسی حد تک بھی گر سکتا ہے۔ اخلاقی رشتوں کو پامال کر سکتے ہیں۔

س: غلام عباس اور منٹو کے افسانوں میں بنیادی فرق کیا ہے؟

ج: غلام عباس کے افسانوں میں دھوکا' نفسیاتی مطالعہ' گہرا مطالعہ و مشاہدہ' طنزیہ انداز اور کردار نگاری نمایاں ہیں۔

سعادت حسن منٹو...... فحش نگاری اور جنسیت

س: فسادات کے حوالے سے لکھے گئے منٹو کے دو افسانوں کے نام لکھیں۔

ج: i- کھول دو　　ii- سہائے

iii- گورکھ سنگھ کی وصیت　　iv- ٹوبہ ٹیک سنگھ

س: اشفاق احمد کے دو افسانوں کے نام لکھیں۔

ج: i- گڈریا

ii- ایک ہی بولی

iii- صبحانے افسانے

iv- ایک محبت سو افسانے

س: داستان کی تعریف کیجئے۔

ج: داستان ایک ایسی قصہ در قصہ نہایت مربوط انداز میں لکھی گئی غیر حقیقی کہانی جو مافوق الفطرت مخلوق جنات و پریوں وغیرہ کے بارے میں لکھی گئی ہو۔

س: داستان باغ و بہار اور داستان فسانۂ عجائب کس کس معاشرت کی عکاسی کرتی ہیں؟

ج: i- باغ و بہار.......... دہلی معاشرت کی عکاس

ii- فسانۂ عجائب.......... لکھنوی تہذیب

س: باغ و بہار کی دو خصوصیات بیان کیجئے۔

ج: i- ٹھیٹ دلی کی زبان اور محاورات کا استعمال

ii- اعلیٰ کردار نگاری

س: امراؤ جان ادا میں نواب اور خانم کے کردار پر دو جملے لکھیں۔

ج: نواب اور خانم دونوں ہی لکھنوی معاشرے کے عکاس ہیں جبکہ نواب امراؤ جان کو اپنی جھوٹی محبت کے جال میں پھنساتا ہے جبکہ خانم لڑکیوں کو نفسیاتی طور پر اغواء کرتی ہے۔

س: کرشن چندر کس نظریے کے علمبردار ہیں؟

ج: ترقی پسند تحریک نظریہ کے علمبردار

س: نسیم حجازی کے ناول یوسف بن تاشفین کی مقبولیت پر دو جملے لکھیں۔

ج: i- یہ ایک تاریخی ناول ہے۔

ii- یہ اسلامی جہاد پر مبنی ایک مجاہد کی کہانی ہے۔

س: انتظار حسین کے دو افسانوی مجموعوں کے نام لکھیں۔

ج: i- گلی کوچے

ii- کنکری

س: بیدی نے اپنی افسانہ نگاری کے ارتقاء میں کن دو مرحلوں کا ذکر کیا ہے؟

ج: ظاہری اور باطنی (حقیقت اور تخیل)

س: ناول اور افسانہ میں کیا فرق ہے؟

ج: افسانہ مختصر ہوتا ہے جبکہ ناول طویل۔ افسانے میں کسی کردار کی محض ایک جھلک' ایک جذباتی یا اضطرابی کیفیت پیش کی جاتی ہے مگر ناول میں تفصیل کے ساتھ زندگی کی پیچیدگیاں موضوع بنائی جا سکتی ہیں۔

س: انشاء اللہ انشاء جان کی دو داستانیں کون سی ہیں؟

ج: i- دریائے لطافت

ii- رانی کیتکی کی کہانی

س: خانم کے کردار کی دو نمایاں خصوصیات لکھیں۔

ج: i- عقلمند اور ماہر نفسیات تھی۔

ii- نہایت کہنہ مشق' پُرکشش اور چالاک رنڈی تھی۔

س: قرۃ العین حیدر کے ناولوں کے نام لکھیں۔

ج: i- آخر شب کے ہم سفر　　ii- میرے بھی صنم

iii- خانے　　iv- سفینۂ غم دل

v- آگ کا دریا　　vi- کار جہاں دراز

س: آخر شب کے ہم سفر کے چار نسوانی کرداروں کے نام لکھیں۔

ج: i- دیپالی سرکار　　ii- جہاں آراء

iii- اوما رائے　　iv- للی

س: نمرود کی خدائی اور اُجلے پھول کس کی تصنیف ہیں؟

ج: i- نمرود کی خدائی.......... سعادت حسن منٹو

Scanned by CamScanner

ii- اُجلے پھول..........اشفاق احمد

س: منٹو کے فسادات اور ہجرت کے حوالے سے دو افسانوں کے نام لکھیں۔

ج: i- کھول دو ii- سہائے

iii- گورکھ سنگھ کی وصیت iv- ٹوبہ ٹیک سنگھ

انتظار حسین کے چار افسانوی مجموعوں کے نام لکھیں۔

i- گلی کوچے ii- کنکریاں

iii- آخری آدمی iv- شہر افسوس

س: غلام عباس کے فن کی سب سے اہم جہت

ج: غلام عباس نے ہمارے معاشرے کے ہر گھر میں نظر ڈال کر مشاہدہ کیا ہے اور ان گھرانوں کی حقیقی کیفیت کو افسانے کا موضوع بنایا ہے۔ وہ معاشرے کے اِدھر اُدھر بکھرے ہوئے مختلف اور متضاد ریزے ریزے کو جوڑ کر تصویر کھینچتا ہے' پھر ان تصویروں پر فانوس کاری سے قاری کو رنگینیوں کے پیچھے چھپی ہوئی حقیقت دکھا کر اس کی فنکارانہ عکاسی کرتا ہے کہ معاشرے کے حالات کتنے ہی رنگ برنگے ہوں مگر ان کا ظاہر اور باطن یکساں نہیں ہے اور زندگی میں بھی ہم آہنگی اور یکسانیت نہیں ہے بلکہ اس میں حسن اور دلچسپی کی وجہ یہی اختلافات اور تضادات ہیں اور تضادات کے باوجود زندگی ایک مربوط کل کی صورت میں زینت کائنات ہے۔ غلام عباس اپنے افسانوں میں عام آدمی اور اس کے مسائل کو موضوع بناتا ہے۔

س: ریحان الدین احمد کا شخصی تجزیہ

ج: ریحان الدین احمد ایک زندہ اور متحرک کردار ہے' وہ بنگال کی ترقی پسند تحریک اور انقلابی محاذ کا رہنما ہے جو بنگال کی آزادی اور انقلاب کے لئے اپنی جان جوکھوں میں ڈال دیتا ہے اور برسوں نامعلوم مقامات اور جنگلوں میں دربدر بھٹکتا رہتا ہے' وہ اپنے مقصد کی خاطر ہر چیز قربان کرنے کے لئے تیار ہوتا ہے۔ وہ سیاسی بصیرت رکھتا ہے' یہ کردار تضاد کا شکار ہے' آخر میں ہندوستان کی آزادی کے بعد یہی ریحان ہمیں دولت کمانے کے چکر میں دکھائی دیتا ہے اور اس کا نام دہشت گردوں میں لیا جانے لگتا ہے۔ پاکستان بننے کے بعد وہ سیاسی جوڑ توڑ کی بدلت بنگال میں کانگریسی حکومت کا وزیر بن جاتا ہے اور عوامی لیگ کی سیاست میں بھی حصہ لینا شروع کر دیتا ہے۔

اس کردار کے ذریعے مصنفہ نے بتایا ہے کہ اشتراکیت کے داعی محض نعرہ باز اور موقع پرست ہوتے ہیں اور ضمیر فروشی ان کے ضمیر میں شامل ہوتی ہے۔ دیگر کرداروں میں

نواب قمر الزمان چودھری' ڈاکٹر سرکار اور پادری بزجی اپنی اپنی مخصوص شخصیتوں اور سیرتوں کے حامل ہیں اور اپنے اپنے طبقات کی نمائندگی کرتے ہیں۔ یہ پرانی نسل کے لوگ ہیں' قدیم روایات کے پیروکار ہیں اور نئی نسل کو بھی ان روایات پر چلتا ہوا دیکھنے کی خواہش رکھتے ہیں۔ ان لوگوں کے افکار و نظریات سے بغاوت کرتے ہوئے سارے انقلابی کردار جنم لیتے ہیں۔ مصنفہ نے یہ بتایا ہے کہ یہ قدیم روایات کے علمبردار بزرگ درحقیقت نئی نسل کے بدخواہ نہیں تھے اور ان میں سے بعض حضرات اپنے عہد شباب میں خود بھی انقلاب پسند تھے۔ تاہم ان کے انقلابی افکار اور رویوں سے نئی نسل کے انقلابیوں کو اتفاق نہیں ہے۔

س: اُردو نثری ذخیرے کو مزاجاً کتنے حصوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے؟

ج: دو حصوں میں:

1- افسانوی ادب

2- غیر افسانوی ادب

س: افسانوی ادب کی کتنی اقسام ہیں اور ان کے نام بھی بتایئے؟

ج: افسانوی ادب کی چار اقسام ہیں:

1- داستان 2- ناول

3- افسانہ 4- ڈراما

س: غیر افسانوی ادب کی کیا شکلیں یا اقسام ہیں؟

ج: غیر افسانوی ادب کی اقسام میں مضمون' مقالہ' انشائیہ' سوانح نگاری' آپ بیتی' مکتوب نویسی' خاکہ نویسی' تبصرہ نگاری' ترجمہ' طنز و مزاح' صحافت نویسی اور نثر لطیف شامل ہیں۔

س: اُردو ادب میں افسانے کی کتنی اقسام ہیں؟

ج: اُردو ادب میں افسانے کی درج ذیل چار اقسام ہیں:

1- نفسیاتی افسانہ 2- واقعاتی افسانہ

3- کرداری افسانہ 4- معاشرتی افسانہ

س: داستان کے اجزاء کیا ہوتے ہیں؟

ج: کسی بھی داستان کے لئے درج ذیل اجزاء کا ہونا ضروری ہے؟

1- پلاٹ 2- تخیل

3- مافوق الفطرت عناصر 4- خطابت اور رنگینی بیان

5- مثالی کردار 6- تحیر انگیزی

س: سب سے پہلی داستان کا نام لکھیں؟

Scanned by CamScanner

ج: سب رس
س: اُردو ادب کی چند مشہور داستانوں کے نام لکھیں؟
1- گل صنوبر 2- حاتم طائی
3- امیر حمزہ 4- فسانہ عجائب
5- باغ و بہار
ج: اُردو ادب کا سب سے پہلا ناول نگار کون ہے؟
س: ڈپٹی نذیر احمد
ج: اُردو کا سب سے پہلا ناول کون سا ہے؟
س: مراۃ العروس
ج: کسی اچھے افسانے میں کیا خوبیاں ہونی چاہئیں؟
1- وحدت تاثر 2- اختصار
3- ترتیب و تنظیم 4- مقصدیت
5- منظر نگاری
س: سب سے پہلا افسانہ نگار کون ہے؟
ج: سجاد حیدر یلدرم
س: سجاد حیدر کے پہلے افسانے کا کیا نام ہے؟
ج: غربت وطن
س: اُردو کے سب سے پہلے ڈراما کا نام کیا ہے؟
ج: رادھا کنہیا
س: باغ و بہار کس کا ترجمہ ہے؟
ج: نوطرز مرصع
س: باغ و بہار کے کتنے حصے ہیں؟
ج: پانچ
س: میر امن کی دو تصانیف کے نام لکھیں؟
ج: 1- باغ و بہار
2- گنجینہ خوبی
س: قصہ "چہار درویش" کس کی تصنیف ہے؟
ج: حضرت امیر خسرو دہلوی کی
س: "مراۃ العروس" اور "بنات النعش" ڈپٹی نذیر احمد نے کس کے لئے لکھے؟
ج: یہ دونوں ناول انہوں نے اپنی بچی کے لئے لکھے۔
س: افسانہ کی تعریف کیجئے؟
ج: افسانہ قصہ کہانی کی وہ شکل ہے جس کے لئے انگریزی میں "Short Story" کا نام استعمال ہوتا ہے۔ یہ داستان اور ناول کی ارتقائی اور ترقی یافتہ صورت ہے۔ فنی لحاظ سے ایک افسانے کے لئے ضروری ہے کہ وہ وحدت تاثر کا حامل ہو۔
س: مضمون کی تعریف کیجئے؟
ج: کسی متعین موضوع پر اپنے خیالات اور جذبات و احساسات کا تحریری اظہار مضمون کہلاتا ہے۔
س: "باغ و بہار" کی مقبولیت کا سبب کیا ہے؟
ج: زبان و بیان— اُردو زبان کے اکثر ناقدین "باغ و بہار" کے زبان و بیان کو انتہائی قابل ستائش گردانتے ہیں۔ میر امن کو دوسرے قصہ گو حضرات پر جس بنیاد پر فوقیت، برتری اور انفرادیت حاصل ہے وہ ان کا اعلیٰ طرز کا انداز بیان اور دلکش زبان ہے۔ کرداروں کی زبان سے جو الفاظ استعمال کروائے گئے ہیں وہ اس شایان شان ہوتے ہیں۔ اس طرح میر امن نے اُردو نثر کو ایک نیا آہنگ دیا۔
س: "فسانہ عجائب" کے نسوانی کرداروں کے نام لکھئے۔
ج: 1- انجمن آراء
2- مہر نگار
3- ماہ طلعت
4- چڑی مار کی بیوی
س: "فسانہ آزاد" میں خوجی کا تکیہ کلام کیا ہے؟
ج: سرشار کا تخلیق کردہ کردار خوجی "فسانہ آزاد" میں بہت ہی اہم ہے۔ سارا قصہ خوجی کی بدولت ہی دلچسپ ہے۔ "واللہ، اجی، لاحول" خوجی کا تکیہ کلام ہے۔
س: خانم کی اہم ترین کرداری خصوصیت کیا ہے؟
ج: خانم امراؤ جان ادا کا اہم کردار ہے جو مرکز و محور ہے۔ وہ نائیکہ کا کردار ہے جس کے اردگرد بازار حسن اور کوٹھا ہے۔ اس سارے نظام میں اسے مرکزی مقام حاصل ہے۔ خانم کی اہم ترین خوبی ہے کہ جمال کم ہے، جلال زیادہ ہے۔ وہ بچی کو خریدتی ہے تو اپنے جرم کی بات نہیں کرتی بلکہ یہ واویلا کرتی ہے کہ "ہائے ہائے یہ بچیاں!"
س: "فردوس بریں" میں زمرد کے مرنے کے بعد حسین اس سے کیسے ملتا ہے؟

Scanned by CamScanner

ج: زمرد کے جام وصل سے سرشار ہو کر جب پلٹتا ہے تو فراق ہر لمحہ اسے گراں گزرتا ہے اور وہ اب کے امام احماد کا قائل بنتا ہے اور جنت میں دوبارہ جانے کی آرزو میں خودساختہ امام قائم قیامت کے دربار میں بے ادبانہ گفتگو کرتا ہے' وہاں سے نکالے جانے پر زمرد کی لوح تربت پر آ بیٹھتا ہے پھر ایک فرسودہ تحریر ملتی ہے اور بلقان خاتون کی فوج لے کر فردوس میں داخل ہوتا ہے' مکرو فریب کا پردہ آنکھوں سے ہٹ جاتا ہے۔

س: افسانہ ''اوورکوٹ'' میں نوجوان کو حادثہ کیسے پیش آتا ہے؟

ج: نوجوان مال روڈ پر ہی ٹھہرا رہا کہ فی الفور جوڑے کا تعاقب کرنا ٹھیک نہیں۔ وہ لوگ کئی سو گز آگے نکل گئے تو اس نوجوان نے لپک کر ان کا پیچھا کرنا چاہا کہ پیچھے سے ایک اینٹوں بھرا ٹرک اس نوجوان کو ٹکر مارتے ہوئے میکلوڈ روڈ کی طرف نکل گیا۔

س: ''آخر شب کے ہم سفر'' کے چار انگریز کرداروں کے نام لکھیں۔

ج: 1- ولیم کینٹ ویل　　2- چارلس بارلو
3- سر ایڈورڈ　　4- رچرڈ
5- جیرلڈ بلمونٹ

س: انتظار حسین کے افسانوں کی بنیادی خصوصیت کیا ہے؟

ج: وحدت تاثر انتظار حسین کے افسانوں کی بنیادی خوبی ہے۔

س: مضمون نویسی کا باقاعدہ آغاز کس نے کیا؟

ج: سر سید احمد خان نے

س: ''مقالہ'' سے کیا مراد ہے؟

ج: مقالہ کے لغوی معنی ہیں ''بات'' یا ''گفتگو'' اصطلاح میں کسی خاص موضوع پر علمی و تحقیقی انداز میں تحریری اظہار خیال کو مقالہ کہیں گے۔

س: انشائیہ کے بارے میں آپ کا کیا خیال ہے؟

ج: انشائیہ ایک عجیب و غریب صنف نثر ہے۔ اس کی انفرادیت یہ ہے کہ اس کے لئے بظاہر کوئی اصول یا قاعدہ مقرر نہیں اور نہ کوئی مخصوص فارم یا ہیئت مگر اس کے باوجود انشائیے کا مخصوص مزاج ہے جس سے وہ فوراً پہچانا جاتا ہے۔ اگر کسی انشائیے میں کوئی ملاوٹ یا کھوٹ ہو تو انشائیے کا مزاج شناس قاری فوراً اس کی نشاندہی کر کے کھرے اور خالص انشائیے پر اصرار کرے گا۔

س: انشائیے کا موجد کون ہے؟

ج: فرانسیسی مصنف موئتین

س: انگریزی ادب میں انشائیے کا آغاز کس نے کیا اور اس کے چند ابتدائی قلمکاروں کے نام بتائیں؟

ج: آغاز بیکن سے ہوا' اس کے بعد چارلس لیمب' ہیزلٹ' ہنٹ' ڈی کوئنسی' میکس بیر بھوم چسٹرٹن' جیروم کے جیروم اور ورجنیا ولف

س: اُردو ادب میں انشائیہ کا سب سے پہلے شعوری طور پر آغاز کس نے کیا؟

ج: ڈاکٹر وزیر آغا نے

س: اُردو ادب کے انشائیوں کے دو مجموعوں کے نام لکھیں؟

ج: خیال پارے .... چوری سے یاری
شہرت کی خاطر .... ہم ہیں مشتاق

س: ''سوانح عمری'' کی تعریف کیجئے؟

ج: سوانح عمری وہ صنف ادب ہے جس میں کسی فرد کی پیدائش سے لے کر وفات تک کے تمام واقعات' اس کی ذہنی و عقلی نشوونما کے مختلف مراحل اور اس کے شخصی کارناموں وغیرہ کو بہ تفصیل بیان کیا جاتا ہے۔

س: اُردو ادب میں پہلی سوانح عمری کا نام بتایئے؟

ج: حیات سعدی .... مولانا حالی

س: حالی کی دیگر سوانح عمریاں کون سی ہیں؟

ج: 1- یادگار غالب...... 1897ء
2- حیات جاوید...... 1901ء

س: آپ بیتی کی تعریف کیجئے؟

ج: اپنی زندگی کے احوال و واقعات کا بیان آپ بیتی کہلاتا ہے۔ اسے خودنوشت بھی کہہ سکتے ہیں۔

س: آپ بیتی کی مختلف شکلیں کون سی ہو سکتی ہیں؟

ج: سفرنامہ' رپورتاژ' روزنامچہ

س: چند ایک آپ بیتیوں کے نام لکھیں؟

ج: 1- تواریخ عجیب عرف کالا پانی .... مولانا محمد جعفر تھانیسری
2- داستان غدر .... ظہیر دہلوی
3- قید فرنگ .... حسرت موہانی
4- میرا افسانہ .... افضل حق

Scanned by CamScanner

-5	تذکرہ	............ابوالکلام آزاد
-6	نامہ اعمال	............رضا علی
-7	یادِ ایامِ عشرت فانی	............فرحت اللہ بیگ
-8	میری کہانی میری زبانی	............سیّد ہمایوں مرزا
-9	سرگزشت	............عبدالمجید سالک
-10	یادوں کی برات	............جوش ملیح آبادی
-11	کاروانِ حیات	............مشتاق احمد خان
-12	اپنی تلاش میں	............کلیم الدین احمد

س: خاکہ ادبی اصطلاح میں کیا ہے؟

ج: خاکہ وہ تحریر یا مضمون ہے جو کسی شخصیت کا بھرپور تاثر پیش کرے۔ اسے کسی شخص کی قلمی تصویر بھی کہہ سکتے ہیں۔

اردو میں خاکوں کے سب سے بڑے مجموعے کا نام کیا ہے؟

ج: ''نقوش'' کا شخصیت نمبر 1955ء

س: مکتوب کی ادبی اصطلاح میں تعریف کیجئے؟

ج: کوئی شخص جو ہمارے سامنے نہ ہو اور ہم اسے کوئی بات کہنا چاہیں تو اپنی بات اور گفتگو اسے لکھ بھیجنا مکتوب نگاری یا خط نویسی کہلائے گا۔

س: رپورتاژ ادب کی پرانی صنف ہے یا نئی؟

ج: رپورتاژ ادب کی نئی صنف ہے۔

س: رپورتاژ صحافت کی قسم ہے یا ادب کی؟

ج: ادب کی

س: یہ کس نے کہا ہے کہ رپورتاژ ہنگاموں کی پیداوار ہے؟

ج: ممتاز شیریں نے

س: ڈرامائی اثرات سے کیا مراد ہے؟

ج: حیرت' اُلجھن' تشویش اور غم

س: رپورتاژ کا سب سے بڑا وصف کیا ہے؟

ج: اس میں حقیقی گزرے ہوئے واقعات کا ہونا ضروری ہے۔

س: قرۃ العین حیدر کے رپورتاژ کا کیا نام ہے؟

ج: ستمبر کا چاند

س: ابراہیم جلیس کے رپورتاژ کا بڑا نقص کیا ہے؟

ج: جذباتیت

س: اس مصنف کا نام بتائیں جنہوں نے اُردو زبان کی نشوونما کا حال لکھا؟

ج: میر امن

س: ''ابن الوقت'' کے مصنف کون ہیں؟

ج: مولوی نذیر احمد

س: ''رعایتی نمبر'' کس کے ناولوں کو کہا جاتا ہے؟

ج: نذیر احمد کے

س: ''امراؤ جان ادا'' کس نے لکھا؟

ج: مرزا محمد ہادی رسوا نے

س: مرزا ہادی رسوا نے کتنے ناول لکھے؟

ج: پانچ

س: مرزا ہادی رسوا کا پہلا ناول کون سا تھا؟

ج: شریف زادہ

س: اُردو ہندی زبان میں جدید افسانہ نگاری کے بانی کون ہیں؟

ج: منشی پریم چند

س: پریم چند کا اصل نام کیا تھا؟

ج: دھن پت رائے

س: مرزا ہادی رسوا کے ناولوں کے نام لکھیں؟

ج:
-1 انشائے راز
-2 اختری بیگم
-3 ذات شریف
-4 شریف زادہ
-5 امراؤ جان ادا

س: اُردو کا پہلا انشائیہ نگار کون ہے؟

ج: عبدالحلیم شرر

س: منشی پریم چند کا پہلا افسانہ کون سا تھا؟

ج: دنیا کا سب سے انمول رتن

س: پریم چند کے افسانوں کا پہلا مجموعہ کب منظر عام پر آیا؟

ج: پہلا مجموعہ ''سوز وطن'' جو 1906ء میں منظر عام پر آیا۔

Scanned by CamScanner

[illegible]

س: [illegible] کے ڈراموں کی تعداد کتنی ہے؟

ج: [illegible] ڈراموں کی تعداد 33 ہے۔

س: [illegible] کے آخری دور کا ڈراما کون سا ہے؟

ج: [illegible]

س: ''آخری سلوٹ'' اور ''ٹیٹوال'' کا پس منظر کیا ہے؟

ج: کشمیر کی جنگ آزادی

س: ''آخری سلوٹ'' اور ''ٹیٹوال'' کس کے افسانے ہیں؟

ج: سعادت حسن منٹو کے

س: کس مشہور افسانہ نگار کے افسانوں کا مجموعہ ''جزیرے'' ہے؟

ج: محمد حسن عسکری

س: ''ٹوبہ ٹیک سنگھ'' اور ''کھول دو'' کس کے افسانے ہیں؟

ج: سعادت حسن منٹو کے اور ان کا موضوع 1947ء کے فسادات ہیں۔

س: [illegible] کس کا افسانوی مجموعہ ہے؟

ج: [illegible] مستور کا

س: [illegible] کس کا افسانوی مجموعہ ہے؟

ج: [illegible]

س: ''گڈریا'' کس کا افسانوی مجموعہ ہے اور اس کا موضوع کیا ہے؟

ج: اشفاق احمد کا اور اس کا موضوع 1947ء کے فسادات ہے۔

س: مظہر الاسلام کے افسانوی مجموعہ کا نام لکھیں؟

ج: گھوڑوں کے شہر میں اکیلا آدمی

س: ''نقاب پوش'' کس کا افسانوی مجموعہ ہے؟

ج: رضیہ فصیح احمد کا

س: ''کوکھ جلی'' کس کا افسانوی مجموعہ ہے؟

ج: راجندر سنگھ بیدی کا

س: کیا انشائیہ کے لئے طنز و مزاح ضروری ہے؟

ج: جی نہیں

س: ''آنکھ مچولی'' کس کی افسانوی تصنیف ہے؟

ج: رضیہ فصیح احمد کی

س: ''معتوب شہر'' کس کا افسانوی مجموعہ ہے؟

ج: مشتاق قمر کا

س: ''ناگفتہ بہ'' ''البم'' اور ''سائے'' کس کے افسانوی مجموعے ہیں؟

ج: ڈاکٹر صلاح الدین اکبر کے

س: ''آندی'' افسانہ کس کا لکھا ہوا ہے؟

ج: غلام عباس کا

س: پریم چند کے افسانوں کے نام لکھیں؟

ج:
1- سوز وطن
2- پریم پچیسی
3- پریم چالیسی
4- خواب و خیال
5- واردات اور کفن

س: ''بیمار'' کس کا لکھا ہوا ڈراما ہے؟

ج: سجاد ظہیر

س: انشائیہ کس انگریزی لفظ کا مترادف ہے؟

ج: Light Essay

س: انشائیہ اور مضمون کا فرق واضح کیجئے؟

Scanned by CamScanner

ج: انشائیہ اچانک شروع ہو کر اچانک ختم ہو جاتا ہے جبکہ مضمون تمہید، دلائل اور نتائج پر مشتمل ہوتا ہے۔ انشائیہ میں بات سے بات نکلتی چلی جاتی ہے جبکہ مضمون لکھنے والے کی ساری توجہ موضوع پر مرکوز ہوتی ہے اور وہ موضوع سے انحراف نہیں کرتا۔

س: آغا حشر کے ڈراموں کے نام لکھیں؟

ج: 1- اسیرِ حرص
2- یہودی لڑکی
3- ''میرٹر فارمیرٹر'' کا ترجمہ ''شہید ناز'' کے نام سے کیا

س: تاریخی ڈراما ''انارکلی'' کس نے لکھا؟

ج: سید امتیاز علی تاج نے

س: سید امتیاز علی تاج کے رسالہ کا نام کیا تھا اور وہ کس کے لئے تھا؟

ج: یہ رسالہ بچوں کے لئے ''پھول'' کے نام سے نکلتا تھا۔

س: غلام عباس نے اپنی ادبی زندگی کا آغاز کس سے کیا؟

ج: ''پھول'' رسالے سے

س: غلام عباس ''پھول'' کے علاوہ انڈیا کے کس رسالہ کے مدیر رہے؟

ج: آل انڈیا ریڈیو کے رسالے ''آواز'' کے مدیر رہے۔

س: غلام عباس نے قیامِ پاکستان کے بعد ریڈیو پاکستان کے کس رسالہ کی ادارت کی؟

ج: ریڈیو پاکستان کے رسالے ''آہنگ'' کی ادارت کی۔

س: غلام عباس کا سب سے پہلا افسانوی مجموعہ کون سا تھا؟

ج: ''آنندی''

س: غلام عباس کے کل تین افسانوی مجموعے شائع ہوئے' ان کے نام لکھیں؟

ج: 1- آنندی
2- جاڑے کی چاندنی
3- زندگی نقاب چہرے

س: جاڑے کی چاندنی میں کتنے افسانے ہیں؟

ج: 10

س: ڈاکٹر وزیر آغا کے انشائیوں کے کتنے مجموعے شائع ہو چکے ہیں؟

ج: چار

س: پریم چند کے چار افسانوں کے نام لکھیں؟

ج: 1- کفن 2- لاٹری

7- شکوہ و شکایت 8- راہِ نجات
9- زادِ راہ

س: مولوی نذیر احمد نے کن کتابوں کے ترجمے کئے؟

ج: قانونِ انکم ٹیکس' تعزیراتِ ہند اور علمِ نجوم کی کتابوں کے ترجمے کئے۔

س: ''داستانِ مجاہد'' کس کا ناول ہے؟

ج: نسیم حجازی کا

س: نسیم حجازی کی تصانیف کے نام لکھیں؟

ج: 1- آخری چٹان 2- انسان اور دیوتا
3- محمد بن قاسم 4- اور تلوار ٹوٹ گئی
5- داستانِ مجاہد 6- خاک اور خون
7- آخری معرکہ

س: منٹو کا پہلا تخلیقی دور 1934ء تا 1936ء کے عرصہ پر محیط ہے' اس کے متعلق مختصر تحریر کریں۔

ج: پہلے دور میں منٹو نے جو افسانے لکھے وہ ''خلق' ساقی'' اور ''علی گڑھ' میگزین میں شائع ہوئے۔ ان افسانوں کا پہلا مجموعہ ''آتش پارے'' تھا یہ جنوری 1936ء میں شائع ہوا۔ اس مجموعے میں آٹھ افسانے شامل ہیں جن میں سات طبع زاد ہیں اور آٹھواں فسانہ وکٹر ہیوگو کی ایک نظم کے تاثرات پر مبنی ہے۔ اس مجموعے میں ''خونی تھوک' انقلاب پسند' جی آیا صاحب' تماشا' طاقت کا امتحان' دیوانہ شاعر'' اور ''چوری'' شامل ہیں۔ ان افسانوں میں پختہ کاری کی تلاش کرنا جو منٹو کے فن میں بعد میں آئی' سعی لاحاصل ہے تاہم ان میں پختہ کاری کی مدہم سی جھلک ضرور ہے۔

س: منٹو کا دوسرا تخلیقی دور 1937ء سے 1947ء کے عرصہ پر محیط ہے' اس کے متعلق مختصر تحریر کریں۔

ج: منٹو کا دوسرا دور گیارہ سالوں پر محیط ہے۔ وہ 1937ء کے شروع میں بمبئی چلے گئے تھے۔ وہاں ہفتہ وار ''مصور'' میں بطور مدیر ملازمت کر لی تھی اور 1942ء تک وہیں رہے اور ڈیڑھ سال تک آل انڈیا ریڈیو میں بطور ڈراما نگار ملازمت کی۔ اس دور کے افسانوں کے بہت سے مجموعے منظرِ عام پر آئے۔ ''منٹو کے افسانے' دھواں' افسانے اور ڈرامے'' ان کے علاوہ ''آؤ' جنازے' تین عورتیں'' (ڈرامے) اور ''منٹو کے مضامین'' بھی شامل ہیں۔ گورکی کے افسانوں کے تراجم کا مجموعہ بھی اسی دور میں شائع ہوا۔ منٹو کا یہ دور کامیاب ترین دور تھا۔

Scanned by CamScanner

س: منٹو کا تیسرا تخلیقی دور 1948ء تا 1955ء کے عرصہ پر محیط ہے۔ اس کے متعلق مختصر تحریر کریں۔

ج: منٹو کے فن کا تیسرا اور آخری دور سات سالوں پر محیط ہے۔ اس دور میں ان کے شاہکار مجموعے شائع ہوئے جیسا کہ ''چغد' خالی بوتلیں' خالی ڈبے' بادشاہت کا خاتمہ' یزید' اوپر نیچے اور درمیان' بغیر اجازت' برقعے' رتی ماشہ تولہ'' اور ان کی وفات کے بعد جو مجموعے شائع ہوئے ان میں ''نمرود کی خدائی' سرکنڈوں کے پیچھے' پھندنے' ٹھنڈا گوشت' چغد' گلاب کے پھول' مجذوب کی بڑ'' وغیرہ شامل ہیں۔ ان کے ساتھ ان کے خاکوں اور ڈراموں کے بھی کچھ مجموعے شائع ہوئے۔

س: دیے گئے اشاروں سے شخصیت کی پہچان کریں:

-1 حقیقت پسندانہ انداز
-2 نفسیاتی مطالعہ
-3 اعتدال وتوازن
-4 گہرا مشاہدہ
-5 طنزیہ انداز
-6 کردار نگاری
-7 اختصار سادگی وسچائی

ج: غلام عباس

س: اشفاق احمد کی تصانیف کے نام لکھیں؟

ج:
-1 ایک محبت سو افسانے
-2 اُجلے پھول
-3 مہمان
-4 چنگیز خان کے سنہرے شاہین
-5 گرم گرم

س: آنگن کا پلاٹ سادہ ہے یا مرکب؟

ج: سادہ

س: آنگن میں کیا کسم اور نجمہ پھوپھی کے قصے متوازی کہانیاں ہیں؟

ج: جی نہیں۔

س: عالیہ آنگن کا مرکزی کردار کیسے ہے؟

ج: آنگن کی کہانی عالیہ کے ذکر سے شروع ہوتی ہے اور اسی کے ذکر سے ختم ہوتی ہے۔

س: آنگن کے وہ کون سے واقعات ہیں جن کا علم ہمیں دوسروں کی زبانی ہوتا ہے؟

ج: سلمہ پھوپھی اور اسرار میاں کے واقعات کا۔

س: آنگن میں آئے ہوئے کم از کم دو واقعات کا ذکر کریں جن سے ناول کا زمانہ متعین کیا جا سکتا ہے۔

ج: جلیانوالہ باغ کا جلسہ 1940ء کی قرارداد پاکستان کا جلسہ لاہور میں' قیام پاکستان

س: خدیجہ مستور کی ہمدردیاں کس سیاسی جماعت کے ساتھ نظر آتی ہیں؟

ج: کسی کے بھی ساتھ نہیں۔

س: آنگن میں ناول نگار کا نقطۂ نظر سیاسی ہے یا کچھ اور؟

ج: انسان دوستی کا

س: آنگن میں اسرار میاں کا کردار قابل نفرت ہے یا قابل ہمدردی؟

ج: قابل ہمدردی

س: نظیر صدیقی کے انشائیوں کے مجموعے کا نام کیا ہے؟

ج: شہرت کی خاطر

س: کن طنز ومزاح نگاروں کے ہاں انشائیہ کے نمونے ملتے ہیں؟

ج: خواجہ حسن نظامی' رشید احمد صدیقی' شوکت تھانوی' کرشن چندر' مشتاق احمد یوسفی

س: شاخ زیتون کے مصنف کا نام بتایئے؟

ج: جمیل آذر

س: انشائیہ کی تاریخ وتنقید کے حوالے سے کون کون سی کتابیں چھپ چکی ہیں؟

ج:

	کتاب کا نام	مصنف
-1	انشائیہ کے خدوخال	ڈاکٹر وزیر آغا
-2	انشائیہ اُردو ادب میں	ڈاکٹر انورسدید
-3	انشائیہ کی بنیاد	ڈاکٹر سلیم اختر
-4	ممکنات انشائیہ	مشکور حسین یاد
-5	اُردو میں انشائیہ نگاری	ڈاکٹر بشیر سیفی

س: پانچ انشائیہ نگاروں کے نام اور مطبوعہ مجموعے بتایئے؟

ج:

	مجموعے	انشائیہ نگار
-1	ہم ہیں مشتاق	مشتاق قمر
-2	شاخ زیتون	جمیل آذر
-3	رت کے مہمان	جمیل آذر

Scanned by CamScanner

-4	جزیرے کا سفر	اکبر حمیدی
-5	تتلی کے تعاقب میں	اکبر حمیدی
-6	ذکر اس پری وش کا	انور سدید
-7	آسمان میں پتنگیں	انور سدید
-8	سرگوشیاں	سلیم آغا قزلباش
-9	آمنا سامنا	سلیم آغا قزلباش
-10	سوچ زاویے	رشید احمد گریجہ
-11	آم کے آم	رام لعل نابھوی

س: پامیلا کو انگریزی بان کا پہلا ناول کیوں قرار دیا گیا؟
ج: اس میں جنوں بھتوں کی بجائے انسانوں کا قصہ بیان ہوا ہے۔
س: فیلڈنگ نے ناول کے بارے میں کیا کہا ہے؟
ج: نثری رزمیہ
س: پلاٹ سے کیا مراد ہے؟
ج: کہانی کے واقعات کی ترتیب
س: کیا کرداروں کے بغیر کوئی کہانی لکھی جا سکتی ہے؟
ج: جی نہیں
س: واقعات کو زیادہ اہمیت کس قسم کے ناولوں میں دی جاتی ہے؟
ج: گھٹیا ناولوں میں
س: اُردو کے پہلے ناول کا نام کیا ہے؟
ج: مراۃ العروس
س: فسانۂ آزاد کا تعلق دہلی سے ہے یا لکھنؤ سے؟
ج: لکھنؤ سے
س: ناول سے کیا مراد ہے؟
ج: ناول اس نثری قصے کو کہتے ہیں جس میں کسی خاص نقطۂ نظر کے تحت زندگی کی حقیقی اور واقعاتی عکاسی کی گئی ہو۔
س: امراؤ جان ادا کا موضوع کیا ہے؟
ج: امراؤ جان ادا کا موضوع طوائف کی زندگی کے حالات و واقعات ہیں۔
س: پریم چند کے افسانوں کی بنیادی خصوصیت کیا ہے؟
ج: ''دیہاتی ماحول''...... کسانوں کی جیتی جاگتی تصویریں پیش کیں۔ کسانوں کو ان کی گہری

نیند سے بیدار کیا اور انہوں نے یہ محسوس کیا کہ ہندوستان کی آبادی کا بیشتر حصہ دیہاتوں پر مشتمل ہے۔
س: طوائف کی زندگی پر لکھے گئے منٹو کے چار افسانوں کے نام لکھئے۔
ج: -1 دھواں
-2 کالی شلوار
-3 ٹھنڈا گوشت
-4 موویل
س: آپ کے نصاب میں انتظار حسین کے کون کون سے افسانے شامل ہیں؟
ج: -1 آخری آدمی
-2 زرناری
س: آزادی کے بعد لکھنے والے چار ناول نگاروں کے نام لکھیں۔
ج: -1 ایم اسلم -2 نسیم حجازی
-3 شوکت صدیقی -4 انتظار حسین
س: غلام عباس کے افسانے ''کتبہ'' کا مرکزی خیال کیا ہے؟
ج: کتبہ کا مرکزی کردار شریف حسین ہے اور اس کا مرکزی خیال یہ ہے کہ انسان اپنی خواہشات کے لئے ساری عمر کوشش کرتا رہتا ہے حتیٰ کہ موت آ جاتی ہے لیکن خواہشات ادھوری رہ جاتی ہیں۔
س: اشفاق احمد کے چار ڈراموں کے نام لکھیں۔
ج: -1 قرۃ العین -2 معدن محبت
-3 اشتباہ نظر -4 دادا...... اور دلدادہ
س: مولانا عبدالحلیم شرر نے زیادہ تر ناول کس قسم کے لکھے؟
ج: تاریخی
س: اُردو میں امراؤ جان ادا کی کیا اہمیت ہے؟
ج: اُردو ادب میں ایک عظیم کارنامہ ہے۔
س: مصورِ غم کس ناول نگار کو کہتے ہیں؟
ج: راشد الخیری کو
س: کس ناول نگار کے ناول جنسی عریانی کے باوجود اعلیٰ درجہ کے ہیں؟
ج: عزیز احمد کے
س: [illegible] لکیر کس کا ناول ہے؟

Scanned by CamScanner

ج: عصمت چغتائی کا

س: "آگ کا دریا" کا موضوع کیا ہے؟

ج: برصغیر کی ڈھائی ہزار سالہ ثقافت

س: خدا کی بستی کس کا ناول ہے؟

ج: شوکت صدیقی

س: کیا مختصر افسانے میں وحدت تاثر کا ہونا ضروری ہے؟

ج: ضروری ہے۔

س: کردار یا کرداروں سے کیا مراد ہے؟

ج: ڈرامے، ناول اور افسانے میں پلاٹ جن اشخاص کے ذریعے عمل میں آتا ہے، انہیں کردار کہتے ہیں۔

س: "حقیقت نگاری" سے کیا مراد ہے؟

ج: ناول اور افسانے میں حقیقت نگاری سے مراد زندگی کے سماجی، سیاسی اور معاشی مسائل کا بیان ہے۔

س: کیا اُردو ادب میں مختصر افسانہ مغربی ادب سے آیا؟

ج: جی ہاں

س: افسانے میں تخیل کا عنصر زیادہ ہوتا ہے یا حقیقت کا؟

ج: حقیقت کا

س: اُردو کے پہلے افسانہ نگار کون ہیں؟

ج: پریم چند

س: پریم چند کی حقیقت نگاری کے بعد اُردو افسانے میں دوسرا رجحان کون سا پیدا ہوا؟

ج: رومانیت کا رجحان

س: اُردو ادب کے دو بڑے مراکز کون کون سے تھے؟

ج: دہلی اور لکھنؤ

س: "انارکلی" کس سن میں لکھا گیا؟

ج: 1922ء میں

س: امتیاز علی تاج نے اردو ادب میں کس مزاحیہ کردار کی تخلیق کی ہے؟

ج: چچا چھکن

س: دلآرام اور انارکلی کے درمیان رقابت کی دو وجوہات لکھیے؟

ج: انارکلی نے دلآرام کی غیر موجودگی میں اکبر کے حضور اتنی رسائی حاصل کر لی تھی کہ

دلآرام کی اہمیت پہلے کے مقابلے میں کم ہوتی گئی اور دلآرام اس سے حسد کرنے لگی۔ انارکلی کی طرف شہزادہ سلیم کا جذباتی جھکاؤ دیکھ کر دلآرام اسے اپنا رقیب تصور کرنے لگی اس لئے کہ وہ خود سلیم سے محبت کی دعویدار تھی۔

س: دلآرام انارکلی کو کس طرح بادشاہ کی نظروں سے گراتی ہے؟

ج: جشن نو روز کے موقع پر پانی میں شراب ملا کر انارکلی کو پلا دیتی ہے اور سلیم کو انارکلی کی طرف متوجہ کرتی ہے۔ جب سلیم انارکلی کو ہاتھ کے اشارے سے منع کرتا ہے تو منظر آئینوں میں بادشاہ کو دکھا کر انارکلی کو اس کی نظروں سے گرا دیتی ہے۔

س: رجب بیگ سرور کب پیدا ہوئے؟

ج: 1786ء

س: نذیر احمد کب پیدا ہوئے؟

ج: 1830ء

س: رجب بیگ سرور کا سن وفات کیا ہے؟

ج: 1867ء

س: نذیر احمد کب فوت ہوئے؟

ج: 1912ء

س: رجب بیگ سرور کہاں پیدا ہوئے؟

ج: لکھنؤ میں

س: رتن ناتھ سرشار کب پیدا ہوئے؟

ج: 1846ء

س: رتن ناتھ سرشار کا سن وفات کیا ہے؟

ج: 1902ء

س: عبدالحلیم شرر کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

ج: وہ 1860ء میں لکھنؤ شہر میں پیدا ہوئے۔

س: عبدالحلیم شرر کا سن وفات بتائیے؟

ج: 1926ء

س: ہادی رسوا کب پیدا ہوئے؟

ج: 1858ء

س: ہادی رسوا کب اللہ کو پیارے ہوئے۔

ج: 1921ء

Scanned by CamScanner

س: پریم چند کب پیدا ہوئے؟

ج: 1885ء

س: پریم چند کس شہر میں پیدا ہوئے؟

ج: بنارس

س: غلام عباس کب پیدا ہوئے؟

ج: 1909ء

س: غلام عباس کا سن وفات کیا ہے؟

ج: 1982ء

س: غلام عباس کہاں پیدا ہوئے؟

ج: امرتسر

س: سعادت حسن منٹو کے باپ کا کیا نام تھا؟

ج: غلام حسن

س: منٹو کب پیدا ہوئے؟

ج: 1912ء

س: منٹو کب فوت ہوئے؟

ج: 1955ء

س: انتظار حسین کب پیدا ہوئے؟

ج: 1922ء

س: آغا حشر کب پیدا ہوئے؟

ج: 1879ء

س: آغا حشر کا سن وفات کیا ہے؟

ج: 1935ء

س: امتیاز علی تاج کس شہر میں پیدا ہوئے؟

ج: لاہور

س: امتیاز علی تاج کب پیدا ہوئے؟

ج: 1900ء

س: امتیاز علی تاج کا سن وفات کیا ہے؟

ج: 1970ء

س: خواجہ معین الدین کب پیدا ہوئے؟

ج: 1921ء

س: خواجہ معین الدین کا سن وفات کیا ہے؟

ج: 1971ء

س: ''باغ و بہار'' کس کی تصنیف ہے؟

ج: میر امن

س: ''فسانہ عجائب'' کے مصنف کا نام بتائیے؟

ج: رجب بیگ سرور

س: ''ابن الوقت'' کس کا ناول ہے؟

ج: ڈپٹی نذیر احمد

س: ''فسانہ آزاد'' کس کا ناول ہے؟

ج: رتن ناتھ سرشار

س: ''فردوس بریں'' کس کا شاہکار ہے؟

ج: عبدالحلیم شرر

س: ''امراؤ جان ادا'' ناول کس نے لکھا ہے؟

ج: مرزا ہادی رسوا

س: ''آخر شب کے ہم سفر'' کس کا ناول ہے؟

ج: قرۃ العین

س: ''ازدواج محبت'' اور ''نکاح ثانی'' کس کے افسانے ہیں؟

ج: سجاد حیدر یلدرم

س: ''راہ نجات'' اور ''حج اکبر'' کس کے افسانے ہیں؟

ج: پریم چند

س: ''آنندی'' کس کا افسانہ ہے؟

ج: غلام عباس

س: ''کتبہ'' کس کی تخلیق ہے؟

ج: غلام عباس

س: ''نیا قانون'' کس کی تحریر ہے؟

ج: منٹو

س: ''گرمکھ سنگھ کی وصیت'' کس کا افسانہ ہے؟

ج: منٹو

Scanned by CamScanner

س: ''سیڑھیاں'' کس کا افسانہ ہے؟

ج: انتظار حسین

س: ''آخری آدمی'' کے افسانہ نگار کا نام بتائیے؟

ج: انتظار حسین

س: ''رستم وسہراب'' کس کا ڈراما ہے؟

ج: آغا حشر کاشمیری

س: ''انارکلی'' کس کا ڈرامہ ہے؟

ج: امتیاز علی تاج

س: ''تعلیم بالغاں'' کے مصنف کا نام بتائیے؟

ج: خواجہ معین الدین

س: ''یوسف'' کس داستان کا کردار ہے؟

ج: باغ و بہار

س: ''شہزادہ نیم روز'' کس داستان کا کردار ہے؟

ج: باغ و بہار

س: ''شہزادہ جان عالم'' کس داستان کا کردار ہے؟

ج: فسانہ عجائب

س: چڑی مار اور طوطا کس داستان کے کردار ہیں؟

ج: فسانہ عجائب

س: ''خانم'' کس ناول کا کردار ہے؟

ج: امراؤ جان ادا

س: ''مرزا گوہر'' کس ناول کا کردار ہے؟

ج: امراؤ جان ادا

س: ''ریحان احمد'' کس ناول کا کردار ہے؟

ج: آخر شب کے ہم سفر

س: ''اومارائے'' کس ناول کا کردار ہے؟

ج: آخر شب کے ہم سفر

س: ''آگ کا دریا'' کس کا ناول ہے؟

ج: قرۃ العین حیدر

س: ''منشی صابر حسین'' کس افسانے کا کردار ہے؟

ج: اکبر

س: ''ہلکو'' کس افسانے کا کردار ہے؟

ج: پوس کی رات

س: ''ٹوبہ ٹیک سنگھ'' کس کا افسانہ ہے؟

ج: منٹو

س: افسانوی مجموعہ ''سناٹا'' کس مصنف کا ہے؟

ج: احمد ندیم قاسمی

س: احمد ندیم قاسمی کا سن پیدائش کیا ہے؟

ج: 1906ء

س: احمد ندیم قاسمی کی تاریخ وفات بتائیں؟

س: 10 جولائی 2006ء

س: مرزا محمد سعید کی تاریخ پیدائش کیا ہے؟

ج: 1886ء

س: مرزا محمد سعید کی تاریخ وفات کیا ہے؟

ج: 1926ء

س: ''خواب ہستی'' ناول کا سن تحریر کیا ہے؟

ج: 1905ء

س: ''یاسمین'' ناول کا سن تحریر کیا ہے؟

ج: 1908ء

س: عزیز احمد کا انتقال کب ہوا؟

ج: 1978ء

س: ''آخر شب کے ہم سفر'' قرۃ العین حیدر کا مشہور و معروف ناول کب شائع ہوا؟

ج: 1979ء

س: مولوی نذیر احمد نے ''مراۃ العروس'' کب تحریر کیا؟

ج: 1869ء

س: اُردو ادب میں ''جدیدیت'' کا آغاز کس عرصے میں ہوا؟

ج: 1960-55ء

س: منشی پریم چند کی تاریخ پیدائش بتائیں؟

ج: 1885ء

Scanned by CamScanner

س: منشی پریم چند کا اصل نام کیا تھا؟
ج: گنپت رائے
س: افسانہ نگاری کا پہلا دور 1885ء سے کب تک ہے؟
ج: 1917ء
س: افسانہ نگاری کا دوسرا دور 1918ء سے کب تک ہے؟
ج: 1930ء
س: پہلی جنگ عظیم کب ختم ہوئی؟
ج: 1918ء
س: جلیانوالہ باغ کا سانحہ کب پیش آیا؟
ج: اپریل 1919ء
س: پریم چند نے سرکاری ملازمت سے کب استعفیٰ دیا؟
ج: فروری 1921ء
س: افسانہ نگاری کا تیسرا دور 1931ء سے کب تک ہے؟
ج: 1936ء
س: پریم چند کے افسانوں کا پہلا مجموعہ ''سوزِ وطن'' کب شائع ہوا؟
ج: 1908ء
س: سعادت حسن منٹو میں مشرقی پنجاب کے گاؤں سمبرالہ ضلع لدھیانہ میں کب پیدا ہوئے؟
ج: 11 مئی 1912ء
س: سعادت حسن منٹو کی تاریخ وفات بتائیں؟
ج: 1955ء
س: منٹو کے افسانوں کا مجموعہ ''آتش پارے'' کب شائع ہوا؟
ج: 1936ء
س: منٹو کے افسانوں کا مجموعہ ''منٹو کے افسانے'' کب شائع ہوا؟
ج: 1940ء
س: منٹو کے افسانوں کا مجموعہ ''دھواں'' کب شائع ہوا؟
ج: 1941ء
س: منٹو کے افسانوں کا مجموعہ ''افسانے اور ڈرامے'' کب شائع ہوا؟
ج: 1943ء
س: منٹو کے افسانوں کا مجموعہ ''لذتِ سنگ'' کب شائع ہوا؟

ج: 1947ء
س: منٹو کے افسانوں کا مجموعہ ''چغد'' کب شائع ہوا؟
ج: 1948ء
س: منٹو کے افسانوں کا مجموعہ ''سیاہ حاشیئے'' کب شائع ہوا؟
ج: 1948ء
س: منٹو کے افسانوں کا مجموعہ ''ٹھنڈا گوشت'' کب شائع ہوا؟
ج: 1950ء
س: منٹو کے افسانوں کا مجموعہ ''غرور کی خدائی'' کب شائع ہوا؟
ج: 1950ء
س: منٹو کے افسانوں کا مجموعہ ''یزید'' کب شائع ہوا؟
ج: 1951ء
س: منٹو کے افسانوں کا مجموعہ ''خالی بوتلیں خالی ڈبے'' کب شائع ہوا؟
ج: 1951ء
س: منٹو کے افسانوں کا مجموعہ ''بادشاہ کا خاتمہ'' کب شائع ہوا؟
ج: 1952ء
س: منٹو کے افسانوں کا مجموعہ ''سڑک کے کنارے'' کب شائع ہوا؟
ج: 1953ء
س: منٹو کے افسانوں کا مجموعہ ''سرکنڈوں کے پیچھے'' کب شائع ہوا؟
ج: 1954ء
س: منٹو کے افسانوں کا مجموعہ ''شکاری عورتیں'' کب شائع ہوا؟
ج: 1955ء
س: منٹو کے افسانوں کا مجموعہ ''بغیر اجازت'' کب شائع ہوا؟
ج: 1955ء
س: منٹو کے افسانوں کا مجموعہ ''برقعے'' کب شائع ہوا؟
ج: 1956ء
س: منٹو کے افسانوں کا مجموعہ ''رتی، ماشہ، تولہ'' کب شائع ہوا؟
ج: 1956ء
س: منٹو کے افسانوں کا مجموعہ ''انارکلی'' کب شائع ہوا؟
ج: 1957ء

Scanned by CamScanner

س: ''آو'' ڈراما کب شائع ہوا؟

ج: 1942ء

س: ''منٹو کے ڈرامے'' کب شائع ہوا؟

ج: 1943ء

س: ''جنازے'' ڈراما کب شائع ہوا؟

ج: 1943ء

س: ''تین عورتیں'' ڈراما کب شائع ہوا؟

ج: 1943ء

س: ''کروٹ'' ڈراما کی تاریخ اشاعت بتائیں؟

ج: 1946ء

س: ''منٹو کے مضامین'' کی تاریخ اشاعت بتائیں؟

ج: 1942ء

س: منٹو کے مضامین کا مجموعہ ''تلخ، ترش، شیریں'' کب شائع ہوا؟

ج: 1952ء

س: ''گنجے فرشتے'' منٹو کے خاکے کب شائع ہوا؟

ج: 1952ء

س: ''نور جہاں، سرجہاں'' منٹو کے خاکے کب شائع ہوا؟

ج: 1954ء

س: سعادت حسن منٹو کا پہلا فنی دور کب سے کب تک ہے؟

ج: پہلا دور 1934ء تا 1936ء تک

س: سعادت حسن منٹو کا دوسرا فنی دور کب سے کب تک ہے؟

ج: دوسرا دور 1937ء سے 1947ء تک

س: سعادت حسن منٹو کا تیسرا فنی دور کب سے کب تک ہے؟

ج: تیسرا دور 1948ء تا 1955ء تک

س: غلام عباس کے آخری مجموعے کا نام بتائیں؟

ج: زندگی، نقاب، چہرے

س: ''زندگی، نقاب، چہرے'' میں کتنے افسانے شامل ہیں؟

ج: 33

س: ''ناک کاٹنے والے'' میں کتنے پٹھان ہیں؟

ج: تین

س: منھی جان کے ملازم کا نام کیا ہے؟

ج: رنگ علی

س: افسانہ ''آخری آدمی'' کس کی تصنیف ہے؟

ج: انتظار حسین

س: ''آخری آدمی'' کی کہانی کا پلاٹ بیان کریں؟

ج: ''آخری آدمی'' کی کہانی ان انسانوں کے بندر بن جانے کی کہانی ہے جو سبت کے دن مچھلیاں پکڑتے تھے اور یوں حرص و ہوس کے جذبے کی تسکین کرتے تھے۔

س: ''نرناری'' کے مصنف کا نام بتائیں؟

ج: انتظار حسین

س: ''نرناری'' کے کردار بیان کریں۔

ج: اس میں تین کردار ہیں: مدن سندری بیوی ہے، دھاول اس کا پتی اور گوپی بھائی (سندری کا بھائی) ہے۔

س: افسانہ ''تماشا'' کے مصنف کا نام تحریر کریں؟

ج: منشاء یاد

س: افسانہ ''ماس اور مٹی'' کے مصنف کا نام تحریر کریں؟

ج: منشاء یاد

س: افسانہ ''دور کی آواز'' کے مصنف کا نام بتائیں؟

ج: منشاء یاد

س: ''لاؤڈ سپیکر'' منٹو کے خاکے کب شائع ہوا؟

ج: 1955ء

س: انتظار حسین کی کتاب ''گلی کوچے'' کب شائع ہوئی؟

ج: 1952ء

س: انتظار حسین کی کتاب ''کنکری'' کب شائع ہوئی؟

ج: 1955ء

س: اشفاق احمد ضلع فیروز پور میں کب پیدا ہوئے؟

ج: 22 اگست 1925ء

س: اشفاق احمد کے ''ایک محبت سو ڈرامے'' میں کل کتنے ڈرامے شامل ہیں؟

ج: 22

Scanned by CamScanner

س: ''توبۃ النصوح'' کس کا ناول ہے؟
ج: نذیر احمد
س: کلیم اور مرزا ظاہر دار بیگ کس ناول کے کردار ہیں؟
ج: توبۃ النصوح
س: پریم چند کے کسی افسانوی مجموعہ کا نام بتائیے؟
ج: میدان عمل
س: ''چچا چھکن'' کس کا شاہکار ہے؟
ج: امتیاز علی تاج
س: ''اکبر اعظم'' اور ''سلیم'' کس ڈرامہ کے کردار ہیں؟
ج: انارکلی
س: رتن ناتھ سرشار کا تخلیق کردہ کردار ''خوجی'' کس ناول کا ہے؟
ج: فسانہ آزاد
س: ''جاڑے کی چاندنی'' کس کا افسانوی مجموعہ ہے؟
ج: غلام عباس
س: ''اندر سبھا'' کس کا ڈراما ہے؟
ج: امانت لکھنوی
س: ''باغ و بہار'' میں تین درویش اپنی کہانی سناتے ہیں؟
ج: جی نہیں، چار درویش
س: ''فسانہ مبتلا'' کس کا ناول ہے؟
ج: نذیر احمد
س: ''بنات النعش'' کس کا ناول ہے؟
ج: نذیر احمد
س: ''دلاور خان'' کس ناول کا کردار ہے؟
ج: امراؤ جان ادا
س: یہ شعر کس ناول میں شامل ہے:

کس کو سنائیں حال دل زار اے ادا
آوارگی میں ہم نے زمانے کی سیر کی

ج: امراؤ جان ادا
س: ''شہر افسوس'' افسانوی مجموعہ کس کا ہے؟

ج: انتظار حسین
س: بشیر بھائی، اختر، رضی اور سید ان کرداروں سے کون سا افسانہ آپ کے ذہن میں آتا ہے؟
ج: سیڑھیاں
س: مصطفیٰ فائق اور امین کے کرداروں سے کون سا افسانہ آپ کے ذہن میں آتا ہے؟
ج: شرم الحرم
س: انتظار حسین کے کسی افسانوی مجموعے کا نام بتایئے؟
ج: کنکری، آخری آدمی
س: ''ہلکو'' کس افسانے کا کردار ہے؟
ج: پوس کی رات
س: ''سوا سیر گیہوں'' کس کا افسانہ ہے؟
ج: پریم چند
س: ''یا خدا'' کس کا ناول ہے؟
ج: قدرت اللہ شہاب
س: ''علی پور کا ایلی'' کس کا ناول ہے؟
ج: ممتاز مفتی
س: ''راجہ گدھ'' کس کی تخلیق ہے؟
ج: بانو قدسیہ
س: ''خاک و خون'' کس کا ناول ہے؟
ج: نسیم حجازی
س: ''آنگن'' کس کا ناول ہے؟
ج: خدیجہ مستور
س:- داستان سے کیا مراد ہے؟
ج: داستان کہانی کی سب سے پہلی اور قدیم ترین قسم ہے۔ اصطلاح میں داستان وہ قصہ کہانی ہے جس کی بنیاد تخیل، رومان اور مافوق الفطرت عناصر پر ہو۔
س: باغ و بہار کی دو خوبیاں بیان کریں؟
ج: 1- آسان اسلوب بیان اور بامحاورہ زبان کا استعمال
2- اعلیٰ کردار نگاری
س: ابن الوقت کا موضوع کیا ہے؟

Scanned by CamScanner

ج: ابن الوقت معاشرے کی ترجمانی اور تنقید کے ساتھ تعمیری خدمت بھی انجام دیتا ہے۔
اس کا موضوع معاشرتی وسماجی سیاست ہے۔

س: ناول ''امراؤ جان اداء'' کا آغاز کس شعر سے ہوتا ہے؟

ج: ہم کو بھی کیا کیا مزے کی داستانیں یاد تھیں
لیکن اب تمہید ذکر درد و ماتم ہو گئیں

س: غلام عباس کے افسانے ''اوورکوٹ'' کا مرکزی خیال کیا ہے؟

ج: اس افسانے کا مرکزی خیال احساس کمتری ہے کہ بظاہر خوبصورت چیز ضروری نہیں کہ باطنی طور پر بھی خوبصورت ہو۔ بہت سی اچھی چیزیں دیکھنے میں اچھی مگر حقیقت میں اچھی نہیں ہوتیں۔

س: نصاب میں شامل پریم چند کے افسانوں کے نام لکھیں۔

ج: 1- کفن
2- حج اکبر
3- سوا سیر گیہوں

س: انتظار حسین کے افسانوں کی بنیادی خصوصیت کیا ہے؟

ج: انتظار حسین کے افسانوں کی بنیادی خصوصیت وحدت تاثر ہے اس کے علاوہ علامت نگاری بھی نمایاں ہے۔

س: سماجی حقیقت نگاری سے کیا مراد ہے؟

ج: سماجی رسم و رواج کو جیسے دیکھنا ویسے ہی لکھ دینا یعنی الفاظ دیگر میں سماج کی عکاسی کو سماجی حقیقت نگاری کہتے ہیں۔

س: انشاء نے ''رانی کیتکی کی کہانی'' کب تخلیق کی؟

ج: 1803ء

س: ''ہفت گلشن'' مہجور نے کب لکھا؟

ج: 1807ء

س: ''فسانۂ عجائب'' رجب علی بیگ سرور نے کب تحریر کیا؟

ج: 1825ء

س: ''گل صنوبر'' نیم چند کھتری نے کب لکھا؟

ج: 1837ء

س: ''الف لیلیٰ'' عبدالکریم نے کب لکھا؟

ج: 1842ء

س: ''بوستان خیال'' کس نے تحریر کی؟

ج: خواجہ بدرالدین امان

س: ''سروش سخن'' فخر الدین سخن دہلوی نے کب لکھی؟

ج: 1860ء

س: اُردو کا پہلا ناول ''مراۃ العروس'' کب تحریر کیا گیا؟

ج: 1869ء

س: ''مراۃ العروس'' کس کی تصنیف ہے؟

ج: مولوی نذیر احمد

س: مولوی نذیر احمد دہلوی کی تاریخ پیدائش کیا ہے؟

ج: 1831ء

س: مولوی نذیر احمد دہلوی کی تاریخ وفات کیا ہے؟

ج: 1912ء

س: ''جام سرشار'' ناول کس کی تحریر ہے؟

ج: پنڈت رتن ناتھ سرشار

س: ''سیر کہسار'' ناول کس کی تحریر ہے؟

ج: پنڈت رتن ناتھ سرشار

س: ''پی کہاں'' ناول کس کی تحریر ہے؟

ج: پنڈت رتن ناتھ سرشار

س: ''کڑم دھڑم'' ناول کس کی تحریر ہے؟

ج: پنڈت رتن ناتھ سرشار

س: ''طوفان بے تمیزی'' ناول کس کی تحریر ہے؟

ج: پنڈت رتن ناتھ سرشار

س: ''چنچل نار'' ناول کس کی تحریر ہے؟

ج: پنڈت رتن ناتھ سرشار

س: ''کامنی'' ناول کس کی تحریر ہے؟

ج: پنڈت رتن ناتھ سرشار

س: ''ملک العزیز ورجینا' حسن انجلینا' منصور موہنا' ایام عرب' فلورا فلورنڈا' فتح اندلس'' اور ''فردوس بریں'' ناولوں کے مصنف کون ہیں؟

ج: عبدالحلیم شرر

Scanned by CamScanner

س: مولانا عبدالحلیم شرر کی ناول نگاری سے متعلق مختصر تحریر کریں۔

ج: مولانا عبدالحلیم شرر کی شہرت ان کے تاریخی ناولوں کی وجہ سے ہے۔ شرر نے 28 تاریخی ناول لکھے' فردوس بریں ان کا شاہکار ہے۔ ان کے ناولوں میں پلاٹ اور منظر نگاری اپنے سے پہلے ناول نگاروں سے بہتر ہے لیکن کردار نگاری پر بڑی تنقید کی گئی ہے۔ شرر کے کردار عرب' ترک اور ایرانی صرف لباس کی وجہ سے نظر آتے ہیں۔ اندر سے وہ ہندوستانی ہی ہیں۔ انہوں نے اپنے ناولوں کے ذریعے ہندوستان کے پژمردہ مسلمانوں میں حوصلہ پیدا کرنے کی کوشش کی۔ فردوس بریں میں شیخ علی وجودی کے کردار کو بہت سراہا گیا ہے۔

س: ''حاجی بغلول' احمق الذی'' اور ''طرح دار لونڈی'' ناول کس کی تصنیف ہیں؟

ج: منشی سجاد حسین

س: منشی سجاد حسین کی ناول نگاری سے متعلق مختصر تحریر کریں۔

ج: آپ اودھ پنچ کے ایڈیٹر تھے۔ ان کے یہ ناول فنی اعتبار سے اعلیٰ درجے کے ناول نہیں ہیں۔ سجاد حسین بنیادی طور پر مزاح نگار تھے اور ان کے ناولوں میں مزاح کے نمونے ملتے ہیں۔ ''حاجی بغلول'' اب خوجی اور مرزا ظاہر دار بیگ کی طرح اُردو کے مستقل کرداروں میں شامل ہو چکے ہیں۔ ڈاکٹر احسن فاروقی نے ''طرح دار لونڈی'' کو فنی اعتبار سے بھی ایک اچھا ناول قرار دیا ہے۔

س: ''ناک کاٹنے والے'' کس کی تخلیق ہے؟

ج: غلام عباس

س: ''فسانہ مبتلا'' کے مصنف کا نام لکھیں؟

ج: ڈپٹی نذیر احمد

س: ''فسانہ مبتلا'' کی صنف تحریر کیا ہے؟

ج: ناول

س: ''فسانہ مبتلا'' کا مرکزی خیال تحریر کریں؟

ج: اس ناول میں تعداد ازدواج کی برائیوں اور خرابیوں کا اظہار کیا ہے اور اس اہم سماجی مسئلہ کو اپنے نقطۂ نظر سے حل کرنے کی کوشش کی ہے۔

س: ''فسانہ مبتلا'' کے پلاٹ کی کوئی خصوصیت بیان کریں۔

ج: ''فسانہ مبتلا'' کے پلاٹ کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ نذیر احمد نے خلاف معمول اس میں حسن و عشق کی ہلکی سی چاشنی پیدا کر دی ہے۔

س: ''فسانہ مبتلا'' سے متعلق ڈاکٹر سید عبداللہ نے کن خیالات کا اظہار کیا ہے؟

ج: ''یہ اُردو میں نفسیاتی تجزیے کی اوّلین کوششوں میں سے ہے۔''

س: ڈاکٹر احسن نے مبتلا کے کردار پر کس طرح رائے زنی کی ہے؟

ج: ''مولانا نے دو شادیاں کرنے والے کو زیادہ تر مبتلائے حسن پرستی دیکھا ہوگا' ایسے آدمیوں کی بابت عام باتوں کو جمع کر کے ایک مجسمہ پیش کیا جو اس لئے کافی دل پذیر نہیں ہو پاتا کہ نہ تو وہ پورا مجسمہ ہی ہے اور نہ کردار!''

س: ''آگ کا دریا'' کس کی تحریر ہے؟

ج: ''آگ کا دریا'' قرۃ العین حیدر کا معرکتہ الآراء تخلیقی کارنامہ ہے جو کافی طویل ناول ہے اور اُردو ناول نگاری کی تاریخ میں سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔

س: ''آگ کا دریا'' کب منظر عام پر آیا؟

ج: 1959ء میں

س: ناول ''آگ کا دریا'' کو کن چار ادوار یا حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے؟

ج: ''آگ کا دریا'' کو چار ادوار یا حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ زیر بحث ناول کا پہلا دور قدیم ہندوستانی تاریخ یا ویدک تہذیب کو پیش کرتا ہے۔ دوسرے حصے میں مسلمانوں کے دور کو پیش کیا گیا ہے۔ تیسرے میں انگریزوں کی عملداری کا ذکر ہے اور چوتھے میں آزادی تک کے دور کو موضوع بنایا گیا ہے۔

س: ''آگ کا دریا'' کے نمائندہ کردار کون سے ہیں؟

ج: گوتم نیلمبر' ہری شنکر' چمپا' احمد' عامر رضا' کمال' طلعت اور نرملا وغیرہ۔

س: ''آگ کا دریا'' میں پاکستان کے سماجی انتشار کی کیفیت کو کس طرح بیان کیا گیا ہے؟

ج: ''عجیب و غریب چیز یہ ہے کہ ملک کے حالات سے لوگ حد سے زیادہ نالاں ہیں۔ اقتصادی مشکلات' گرانی' رشوت ستانی' اقربا پروری' بے ایمانی' چار سو بیسی' سیاسی غنڈہ گردی وغیرہ وغیرہ کا ذکر روزانہ بلاناغہ اخباروں کے ایڈیٹوریل میں ہوتا ہے۔ لوگوں کے پاس بھی سوائے اس کے اور کوئی موضوع نہیں مگر اس کے باوجود کوئی ان حالات کا مداوا کرنے کے لئے کچھ نہیں کرتا۔ لوگوں کو معلوم ہے کہ پینسلین اور دواؤں کی بلیک مارکیٹ ہوتی ہے' ان کو پتا ہے کہ ناممکن سے ناممکن کام ذاتی رسوخ یا سفارش کے ذریعے چٹکی بجاتے میں پورا کر لیا جاتا ہے۔ وہ جانتے ہیں کہ شروع سے آخر تک اوپر سے نیچے تک بے ایمانی کا دور دورہ ہے مگر اس کے لئے کوئی کچھ بھی تو نہیں کرتا۔ عوام جانتے ہیں کہ ان کے لیڈر کتنے پانی میں ہیں لیکن لیڈر کو بھی چند ایسے گر یاد ہیں جن کے ذریعے عوام کو قابو میں رکھا جا سکتا ہے۔''

س: ''میرا گاؤں'' کس کی تخلیق ہے؟

Scanned by CamScanner

ج: غلام الثقلین نقوی

س: ''میرا گاؤں'' ناول کا پلاٹ بیان کریں؟

ج: اس گاؤں کے تمام کردار اپنی مٹی سے اپنی ماں کی طرح محبت کرتے ہیں خواہ اپنے چال چلن، اپنی فطرت اور اپنی نیکیوں اور اپنے چھوٹے چھوٹے شر کے اعتبار سے ان کا نفسیاتی خاکہ کیسا ہی بنتا ہو، وہ اس گاؤں حصار سے باہر آ ہی نہیں سکتے ... یوں غلام الثقلین نقوی نے ایک سادہ سے پلاٹ کے سہارے ایک نمائندہ گاؤں کی زندگی کے جمال و جلال کا قصہ حسن و معصومیت سے بیان کر دیا ہے۔

س: ''میرا گاؤں'' کے مرکزی کردار کا نام بتائیں؟

ج: عبدالرحمٰن عرف ماہنا

س: ''میرا گاؤں'' میں کس گاؤں کا نقشہ پیش کیا گیا ہے؟

ج: چک مراد

س: ''چک مراد'' کس جنگ میں انڈیا کے قبضے میں چلا گیا تھا؟

ج: 1965ء کی

س: ناول ''قید'' کس کی تحریر ہے؟

ج: عبداللہ حسین

س: ناول ''قید'' کب منظر عام پر آیا؟

ج: 1989ء میں

س: ناول ''قید'' کن خیالات کی عکاسی کرتا ہے؟

ج: ناول میں فسادات سمیت عصری مسائل و رجحانات کی بھرپور ترجمانی کی گئی ہے۔ ان میں بار بار یہ حقیقت اُجاگر ہوتی ہے کہ فرد کی آزادی میں سماج بری طرح حائل ہے اور فرد کی آزادی کے بغیر معاشرے کی معنویت مشکوک ہے۔

س: پریم چند کی افسانہ نگاری کو کتنے ادوار میں تقسیم کیا گیا ہے؟

ج: تین

س: پریم چند کی افسانہ نگاری کے تین ادوار کون سے ہیں؟

ج: پریم چند کی افسانہ نگاری کے تین ادوار مندرجہ ذیل ہیں:

1- پہلا دور .... مثالی افسانے یا مثالیت کا دور
2- دوسرا دور .... سیاسی افسانے
3- تیسرا دور .... حقیقت نگاری

س: پریم چند کی افسانہ نگاری کا پہلا دور کب سے کب تک ہے؟

ج: پہلا دور 1885ء سے 1917ء تک

س: پریم چند کی افسانہ نگاری کا دوسرا دور کب سے کب تک ہے؟

ج: دوسرا دور 1918ء سے 1930ء تک

س: پریم چند کی افسانہ نگاری کا تیسرا دور کب سے کب تک ہے؟

ج: تیسرا دور 1931ء سے 1936ء تک

س: پریم چند کے تیسرے دور کے مشہور افسانے کون سے ہیں؟

ج: اس دور میں ان کے مشہور افسانے یہ ہیں: ''سوتیلی ماں، دوسری شادی، پنچائیت، زیور کا ڈبہ، ہولی کی چھٹی، خانہ داماد، حقیقت'' وغیرہ بڑی اہمیت رکھتے ہیں۔ ''کفن'' اس دور کا نمائندہ افسانہ ہے۔

س: پریم چند کے دوسرے دور کے مشہور افسانے کون سے ہیں؟

ج: اس دور کے افسانوں میں ''پریم بتیسی'' کی کچھ کہانیوں کے علاوہ ''خاک پروانہ، خواب و خیال، فردوس خیالی'' اور ''پریم چالیسی'' کی کہانیاں شامل ہیں۔

س: پریم چند کے پہلے دور کے مشہور افسانے کون سے ہیں؟

ج: اس دور کے افسانوں میں ''ہم خرما و ہم ثواب، بیوہ، جلوہ، ایثار'' اور ''بازار حسن'' وغیرہ ہیں۔

س: ''نیا قانون'' کس کی تحریر ہے؟

ج: سعادت حسن منٹو

س: ''بو'' کس کی تحریر ہے؟

ج: سعادت حسن منٹو

س: ''بابو گوپی ناتھ'' کس کی تحریر ہے؟

ج: سعادت حسن منٹو

س: سعادت حسن منٹو کب پیدا ہوئے؟

ج: 11 مئی 1912ء

س: سعادت حسن منٹو کہاں پیدا ہوئے؟

ج: مشرقی پنجاب کے گاؤں سمبرالہ ضلع لدھیانہ (بھارت) میں پیدا ہوئے۔

س: سعادت حسن منٹو کے والد کا نام بتائیں؟

ج: میاں غلام حسن

س: ''آتش پارے'' کب شائع ہوا؟

ج: 1936ء

Scanned by CamScanner

س: ''منٹو کے افسانے'' کب چھپا؟

ج: 1940ء

س: ''دھواں'' کے مصنف کا نام بتائیں؟

ج: سعادت حسن منٹو

س: ''دھواں'' کب شائع ہوا؟

ج: 1941ء

س: ''افسانے اور ڈرامے'' کب شائع ہوا؟

ج: 1943ء

س: ''لذت سنگ'' کب شائع ہوا؟

ج: 1947ء

س: ''چغد'' کب تصنیف ہوا؟

ج: 1948ء

س: ''سیاہ حاشیئے'' کے مصنف کا نام اور سن اشاعت بتائیں؟

ج: سعادت حسن منٹو' 1948ء

س: ''ٹھنڈا گوشت'' کب منظر عام پر آیا؟

ج: 1950ء میں

س: ''غرور کی خدائی'' کے مصنف کون ہیں اور یہ کب شائع ہوا؟

ج: سعادت حسن منٹو' 1950ء

س: ''باغ و بہار'' کے مصنف کا نام بتائیں؟

ج: میر امن

س: ''فسانہ عجائب'' کے تخلیق کار کون ہیں؟

ج: رجب علی بیگ سرور

س: ''توبتہ النصوح'' کے مصنف کا نام بتائیں؟

ج: ڈپٹی نذیر احمد

س: ''سیر کہسار'' کس کا شاہکار ہے؟

ج: رتن ناتھ سرشار

س: ''فردوس بریں'' کس کی تخلیق ہے؟

ج: عبدالحلیم سرشار کی

س: ''امراؤ جان ادا'' کس کے زور قلم کا نتیجہ ہے؟

ج: (د) مرزا ہادی رسوا

س: پریم چند کے کوئی چار افسانوں کے نام بتائیں۔

ج:
1- راہِ نجات
2- حج اکبر
3- سوا سیر گیہوں
4- پوس کی رات
5- کفن

س: غلام عباس کے پانچ افسانوں کے نام تحریر کریں۔

ج:
1- آنندی
2- کتبہ
3- اوورکوٹ
4- سایہ
5- اس کی بیوی

س: سعادت حسن منٹو کے پانچ افسانوں کے نام تحریر کریں۔

ج:
1- نیا قانون
2- نعرہ
3- گورمکھ سنگھ کی وصیت
4- ممد بھائی
5- سہائے

س: انتظار حسین کے پانچ افسانوں کے نام تحریر کریں۔

ج:
1- سیڑھیاں
2- آخری آدمی
3- زرد کتا
4- وہ جو کھوئے گئے
5- شرم الحرم

س: ''رستم و سہراب'' کے مصنف کا نام بتائیں؟

ج: آغا حشر کاشمیری

س: ''انارکلی'' کس کی تخلیق ہے؟

ج: امتیاز علی تاج

س: ڈراما ''تعلیم بالغاں'' کے خالق کا نام کیا ہے؟

ج: خواجہ معین الدین



اسالیبِ نثر

س: اسلوب کیا ہے؟

ج: اسلوب یا طرز نگارش کا مسئلہ ایسا نہیں جس پر کوئی فیصلہ کن اور دو ٹوک بات کہی جا سکے۔ آسان لفظوں میں یوں کہا جا سکتا ہے کہ یہ افکار و خیالات کے اظہار و ابلاغ کا ایسا پیرایہ ہے جو دلنشیں بھی ہو اور منفرد بھی۔ اسی کو انگریزی میں سٹائل (Style) کہتے ہیں۔ اُردو میں اس کے لئے ''طرز'' یا ''اسلوب'' کا لفظ استعمال کیا جاتا ہے۔ عربی اور جدید فارسی میں اسی کو ''سبک'' کہتے ہیں۔ ان الفاظ کی اصل پر غور کرنے سے یہ اندازہ ہوسکتا ہے کہ اسلوب میں ترصیع یا صناعی (Omamentation) کا مفہوم شامل رہا ہے۔

س: اسلوب کی کتنی اقسام ہیں؟

ج: اُسلوب کی دو قسمیں ہیں:

1- نثری اُسلوب

2- شعری اُسلوب

س: نثری اسلوب کی وضاحت کریں۔

ج: نثری اُسلوب وہ ہے جس کا تعلق بنیادی طور پر ادائے خیالات سے ہو اور شعری اُسلوب وہ ہے جو اظہار جذبات کے لئے مخصوص ہے۔

س: شعری اسلوب کی وضاحت کریں۔

ج: شعری اُسلوب کا معاملہ نثری اسلوب سے بالکل مختلف ہے۔ اگر یہ صحیح ہے کہ شعر اظہار جذبات کا وسیلہ ہے تو لازمی طور پر اس کا اسلوب نثر سے مختلف ہونا چاہئے۔ یہ وہ اُسلوب ہوگا جس میں ایک بلیغ ابہام ہو' ایک لطیف نغمگی ہو اور ایک ایسی ماورائی کیفیت جو سننے والوں کے وجدان کو اپیل کر سکے۔

س: ''مردم دیدہ'' کے مصنف کا نام بتائیں؟

ج: چراغ حسن حسرت

س: ''یارانِ کہن'' کے مصنف کا نام بتائیں؟

ج: عبدالمجید سالک

س: ''دید و شنید'' کے مصنف کا نام بتائیں؟

ج: رئیس احمد جعفری

س: ''چہرے'' کے مصنف کا نام بتائیں؟

ج: شورش کاشمیری

س: ''گنجینۂ گوہر'' کے مصنف کا نام بتائیں؟

ج: شاہد احمد دہلوی

س: ''گنجے فرشتے'' کے مصنف کا نام بتائیں؟

ج: سعادت حسن منٹو

س: ''دوزخی'' کے مصنف کا نام بتائیں؟

ج: عصمت چغتائی

س: انتظار حسین کب پیدا ہوئے؟

ج: 1925ء میں

س: انتظار حسین کہاں پیدا ہوئے؟

ج: بلند شہر (یو- پی انڈیا) میں

س: انتظار حسین کے پانچ افسانوی مجموعوں کے نام بتائیے؟

ج: 1- گلی کوچے

2- کنکریاں

3- آخری آدمی

4- شہرِ افسوس

5- چاند گہن

س: ''زمین اور فلک'' کس کا سفرنامہ ہے؟

ج: انتظار حسین کا

س: ''علامتوں کا زوال'' تنقیدی کتاب کے مصنف کا نام بتایئے؟

ج: انتظار حسین

س: ''لاکھوں کا شہر'' سفرنامہ کے خالق کا نام بتائیں؟

ج: ابن انشاء

س: دیباچہ کے معانی کیا ہیں؟

ج: پیش لفظ' اپنی بات' حرفِ آغاز' مقدمہ

س: دیباچے کی تعریف کیجئے۔

ج: دیباچہ کتاب کی تمہید اور ابتدائی تعارف کو عرف نام میں ''دیباچہ'' کہتے ہیں۔

Scanned by CamScanner

س: مقدمہ نگاری کی تعریف کریں۔

ج: لفظ مقدمہ کے معانی 'فوج کا اگلا دستہ' اسی طرح کتاب کے شروع میں اس کتاب کے بارے میں کچھ تنقیدی باتیں لکھ دی جاتی ہیں کہ پڑھنے والا اس کتاب سے متعارف ہو جائے۔ اس میں لکھنے والا کچھ تنقیدی پہلو تیار کرتا ہے تاکہ خامیاں بھی سامنے آ سکیں۔

س: ''شہاب نامہ'' کا اہم موضوع کیا ہے؟

ج: مسئلہ کشمیر

س: ''شہاب نامہ'' کس ڈائجسٹ میں چھپتا رہا؟

ج: سیارہ ڈائجسٹ میں

س: ''شہاب نامہ'' کے پہلے باب کا نام بتائیے؟

ج: اقبال جرم

س: سوانح عمری کی تعریف کریں؟

ج: کسی شخص کا انتخاب کر کے اس کی پیدائش سے لے کر آخر تک واقعات نظم و ترتیب سے لکھنا' سوانح عمری کہلاتا ہے۔

س: جانگلوس ناول کے مصنف کا نام بتائیے؟

ج: شوکت صدیقی

س: مولوی عبدالحق کب پیدا ہوئے؟

ج: 1870ء میں

س: مولوی عبدالحق کہاں پیدا ہوئے؟

ج: ہاپوڑ' ضلع میرٹھ (انڈیا)

س: بابائے اُردو کسے کہا جاتا ہے؟

ج: مولوی عبدالحق کو

س: شاہد احمد دہلوی کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

ج: 1906ء میں' دلّی میں

س: ''دوزخی'' کے مصنف کا نام بتائیے؟

ج: عصمت چغتائی

س: ''ادب کے شہزادے'' کے مصنف کا نام بتائیے؟

ج: ڈاکٹر اعجاز حسین

س: ''نقوش'' لاہور کا شخصیات نمبر کب شائع ہوا؟

ج: 1955ء میں

س: قدرت اللہ شہاب کس سن میں پیدا ہوئے؟

ج: 1920ء

س: قدرت اللہ شہاب کہاں پیدا ہوئے؟

ج: گلگت (کشمیر) پاکستان

س: ''آب گم'' کے کل کتنے حصے ہیں؟

ج: پانچ

س: ''آب گم'' کے حصوں کے نام لکھیں؟

ج: 1- حویلی
2- سکول ماسٹر کا خواب
3- کابلی والا اور الہ دین بے چراغ
4- شہد قصہ
5- دھیرج گنج کا پہلا یادگار مشاعرہ

س: ڈراما ''انارکلی'' کتنے ابواب پر مشتمل ہے؟

ج: 3 ابواب اور 13 سین

س: ''ایک محبت سو ڈرامے'' میں کل کتنے ڈرامے شامل ہیں؟

ج: 22

س: جدید اصناف نثر کے پرچے میں مجوزہ کتب کی تعداد بتائیے؟

ج: 16

س: ''شہاب نامہ'' کل کتنے ابواب پر مشتمل ہے؟

ج: 58

س: دلآرام کس ڈرامے کا کردار ہے؟

ج: انارکلی کا

س: آب گم کے مصنف کی دیگر دو کتب کے عنوانات تحریر کریں؟

ج: 1- زرگزشت
2- خاکم بدہن

س: گنجینۂ گوہر میں کتنے خاکے ہیں؟

ج: 17

س: ''گنجینۂ گوہر'' میں جن شخصیات کے خاکے ہیں' ان میں سے تین کے نام لکھیں؟

ج: 1- میراجی

Scanned by CamScanner

-2 جمیل جالبی

-3 خواجہ حسن نظامی

س: ''جو ملے تھے راستے میں'' کشور ناہید کا خاکہ کس عنوان سے ہے؟

ج: کشور ناہید کا خاکہ ''چھپن چھری'' کے عنوان سے ہے۔

س: ''یادوں کی بارات'' کے مصنف کا نام لکھیں؟

ج: جوش ملیح آبادی

س: ایک محبت سو ڈرامے میں شامل چار ڈراموں کے نام لکھیں؟

ج: -1 قرۃ العین

-2 نردبانِ عرفان

-3 ذرے کول

-4 معدن محبت

-5 زود پشیمان

س: آبِ گم کے تیسرے اور دوسرے حصے کا عنوان لکھیں؟

ج: دوسرا حصہ ''اسکول ماسٹر کا خواب''..... تیسرا حصہ ''کابلی والا اور الہ دین بے چراغ''

س: ترتیب کے بعد ''شہاب نامہ'' کا عنوان اوّل کیا ہے؟

ج: ''جموں میں پلیگ''

س: ''سرسید تا پاکستانی ادب'' کی کون سی جلد اس پرچے کی مجوزہ کتب میں شامل ہے؟

ج: چھٹی جلد

س: ''گنجینۂ گوہر'' کا مقدمہ کس نے تحریر کیا؟

ج: جمیل جالبی نے

س: احمد بشیر نے ''پیر و مرشد'' کے نام سے کس کا خاکہ لکھا ہے؟

ج: قدرت اللہ شہاب کا

س: لفظ بجنگ آمد سے کیا مراد ہے؟

ج: جنگ پر اُتر آنا، لڑنے کے لئے تیار ہونا

س: اُردو میں شخصی خاکہ نگاری کے ابتدائی نمونے کس کتاب میں ملتے ہیں؟

ج: محمد حسین آزاد کی کتاب ''آبِ حیات'' میں

س: انارکلی کے تین نسوانی کرداروں کے نام لکھیں؟

ج: -1 انارکلی   -2 عنبر

-3 دلآرام   -4 سوسن

-5 ثریا   -6 رانی

س: نظر نامہ کن ممالک کے سفر کے بارے میں ہے؟

ج: مفر: لندن (برطانیہ)، پیرس (فرانس)

س: اُردو کا پہلا ڈراما کون سا ہے؟

ج: اندر سبھا

س: ''اندر سبھا'' کے مصنف کا نام بتائیں؟

ج: امانت لکھنوی

س: ''جو ملے تھے راستے میں'' میں کل کتنے خاکے ہیں؟

ج: 13

س: آبِ گم کے دو کرداروں کے نام لکھیں؟

ج: -1 کابلی والا

-2 قبلہ جی

-3 سکول ماسٹر

-4 رحیم بخش

-5 خلیفہ جی

-6 والد صاحب

س: عفت کا ''شہاب نامہ'' کے مصنف سے کیا رشتہ تھا؟

ج: مصنف کی بیوی تھیں۔

س: اشفاق احمد کے دو ڈراموں کے نام لکھیں؟

ج: -1 قرۃ العین

-2 نردبانِ عرفان

س: آبِ گم کے عنوان کی معنویت دو سطروں میں بیان کیجئے؟

ج: آبِ گم کا ظاہری معانی ایسا پانی جو نظروں سے اوجھل ہو، ایسی گم شدہ چیز جو کبھی ہمارے پاس تھی لیکن اس کی ضرورت پانی کی طرح ہے۔ وہ ہے ہمارا شاندار ماضی، وہ ماضی جب ہم ایک جنت میں تھے۔

س: بجنگ آمد کس ضرب المثل کا جزو ہے؟

ج: تنگ آمد، بجنگ آمد

س: گردِ راہ کے مصنف کی کسی اور کتاب کا نام لکھیں؟

ج: -1 محبت اور نفرت پیام شباب

Scanned by CamScanner

-2 گورکی آپ بیتی (ترجمہ)

س: شہاب نامہ کے دو نسوانی کرداروں کے نام لکھیں؟
ج: -1 چندروتی
-2 ماں جی
-3 عفت

س: "ہجنگ آمد" کے علاوہ کرنل محمد خان کی دو کتب کے نام لکھیں؟
ج: -1 بزم آرائیاں
-2 بسلامت روی

س: "مرزا غالب بندر روڈ پر" کے مصنف کا نام لکھیں؟
ج: خواجہ معین الدین

س: "آغا حشر اور ان کا فن" کے مصنف کا نام لکھیں؟
ج: ڈاکٹر اے۔ بی اشرف

س: شہاب نامہ کا انتساب کس کے نام ہے؟
ج: ماں جی' عفت' ثاقب' حبیب اور نائنٹی کے نام

س: اردو زبان میں پہلا سفرنامہ کس نے لکھا؟
ج: یوسف کمبل پوش نے

س: "چھن چھری" کے عنوان سے کس شخصیت کا خاکہ لکھا گیا ہے؟
ج: کشور ناہید کا

س: "جدید اردو ڈراما" کے مصنف کا نام لکھیں؟
ج: ڈاکٹر ظہور الدین

س: "اردو میں سفرنامہ" کا مصنف کون ہے؟
ج: ڈاکٹر انور سدید

س: "اردو میں خاکہ نگاری" کے مصنف کا نام کیا ہے؟
ج: ڈاکٹر بشیر سیفی

س: رستم و سہراب کا آپس میں کیا رشتہ تھا؟
ج: باپ بیٹے کا

س: مشتاق احمد یوسفی کی پہلی کتاب کا نام کیا ہے؟
ج: چراغ تلے

س: "گنجینۂ گوہر" میں شامل خاکوں کی شخصیات کے نام لکھیں؟

ج: اس میں 17 خاکے ہیں
-1 اُستاد بچھو دہلوی
-2 خواجہ حسن نظام
-3 ڈپٹی نذیر احمد
-4 عظیم بیگ چغتائی
-5 میر ناصر علی
-6 موسیقی کے اُستاد بندو خاں
-7 بشیر الدین احمد
-8 سعادت حسن منٹو
-9 جگر مراد آبادی
-10 جمیل جالبی
-11 میراجی
-12 شاہد دہلوی
-13 کیف دہلوی
-14 مرزا سعید دہلوی
-15 ایم اسلم
-16 جوش ملیح آبادی
-17 مولوی عنایت اللہ

س: اردو ادب میں سوانح نگاری کے مصنف کا نام کیا ہے؟
ج: الطاف فاطمہ

س: مشتاق احمد یوسفی کے چند مضامین کے مجموعے لکھیں؟
ج: خاکم بدہن' چراغ تلے' زرگزشت' آب گم

س: آب گم کے آخری دو حصوں کے نام لکھیں؟
ج: شہد قصہ' دھیرج گنج کا پہلا یادگار مشاعرہ

س: زرگزشت میں شامل چار اہم کرداروں کے نام لکھیں؟
ج: -1 گردھاری لال شرما
-2 مسٹر اینڈرسن
-3 مسٹر ایم اے اصفہانی
-4 ڈی سوزا

س: "عظمت رفتہ" کے مصنف کا کیا نام ہے؟
ج: ضیاء الدین برکی

س: "کیا خوب آدمی تھا" کے مصنف کا نام بتایئے؟
ج: ڈاکٹر سید عابد حسین

س: "دجلہ" میں شامل سفرنامے کون کون سے ہیں؟
ج: -1 نیل
-2 دھند
-3 ڈینیوب

Scanned by CamScanner

-4 وجلہ

س: محمود نظامی کب پیدا ہوئے؟
ج: 1911ء میں
س: محمود نظامی کہاں پیدا ہوئے؟
ج: لاہور میں
س: ''نظرنامہ'' کے مصنف کا نام بتایئے؟
ج: محمود نظامی
س: نظرنامہ کب منظر عام پر آیا؟
ج: 1959ء میں
س: محمود نظامی کا نظرنامہ کتنے عنوانات پر مشتمل ہے؟
ج: پانچ

-1 بازار مصر
-2 روم نامچہ
-3 بر سبیل لندن
-4 شب طلوع پیرس
-5 میکسیکو

س: احسان دانش کب پیدا ہوئے؟
ج: 1914ء میں
س: احسان دانش کہاں پیدا ہوئے؟
ج: کاندھلہ ضلع مظفر' یو۔ پی
س: کیا احسان دانش کا تعلق امیر ترین گھرانہ سے تھا؟
ج: نہیں' بلکہ آپ کا تعلق غریب ترین گھرانہ سے تھا۔
س: زخم و مرہم کے مجموعہ کلام کے شاعر کا نام بتایئے؟
ج: احسان دانش
س: ''علم الشال'' کے مصنف کا نام بتایئے؟
ج: احسان دانش
س: خضر عروض کے مصنف کا نام کیا ہے؟
ج: احسان دانش
س: ڈاکٹر سید عبداللہ نے ''جہان دانش'' کا تجزیہ کرتے ہوئے جو خصوصیات بتائی ہیں' چند

ایک کا ذکر کیجئے؟

ج: پاس ناموس عشق
غریب مزدور کی پُرخلوص اور بہادرانہ جدوجہد کی داستان
-2 مصنف کا خدا اور اسلام پر گہرا اور غیر متزلزل ایمان
-3 انسان شناسی' احساسات و تصورات کی مصوری اور کرداروں کے داخلی نقوش کی نقشہ نگاری
-4 فضاء سازی اس کتاب کو کسی ناول کی مانند ادب پارہ بنا رہی ہے۔
-5 دلکش اور منفرد اسلوب
-6

س: ''ہم زبان کے ذائقے کے لئے ایمان کیوں خراب کریں'' کس نے کہا؟
ج: احسان دانش نے
س: جہان دانش کے چند ایسے جملے تحریر کیجئے جو ضرب المثل کا درجہ رکھتے ہیں؟
ج:
-1 دنیا ظاہر کو دیکھتی ہے۔
-2 راس دور میں تو دولت پھانسی کا بھی توڑ ہے۔
-3 ہم زبان کے ذائقے کے لئے ایمان کیوں خراب کریں۔

س: رئیس امروہوی نے اسلوب دانش کی تعریف کن الفاظ میں کی ہے؟
ج: وسعت لفظ و بیاں سے بالا
نشہ لفظ و بیاں دانش
س: نظیر صدیقی کے اسلوب میں طنز و مزاح کے عناصر موجود ہیں یا نہیں؟
ج: موجود ہیں
س: ''سب رس'' کے مصنف کون ہیں؟
ج: ملاّ وجہی
س: ملاّ وجہی کس دور کے نثر نگار ہیں؟
ج: قطب شاہی
س: ملاّ وجہی نے کتنے بادشاہوں کا دور دیکھا؟
ج: چار
س: ''سب رس'' قطب شاہی دور کے کس بادشاہ کی فرمائش پر تحریر کی گئی؟
ج: عبداللہ قلی قطب شاہ
س: ''سب رس'' کو کس کتاب کی نقل کہا جاتا ہے؟
ج: دستور عشاق

Scanned by CamScanner

س: ''دستورِ عشاق'' کس کی تحریر ہے؟
ج: فتاحی نیشاپوری
س: ''قطب مشتری'' ملا وجہی نے کب تحریر کی؟
ج: 1018ھ
س: ''قطب مشتری'' میں کس بادشاہ کے عشق و محبت کا قصہ ہے؟
ج: ابراہیم قطب شاہ
س: ''سب رس'' کا سن تحریر کیا ہے؟
ج: 1045ھ
س: ملا وجہی کہاں کے رہنے والے تھے؟
ج: گولکنڈہ
س: اُردو نثر پر توجہ دینے سے پہلے غالب متواتر کتنے برس تک فارسی زبان میں شعروسخن کرتے رہے؟
ج: 30 سال
س: ''خطوط سے انسان کی سیرت کا جیسا اندازہ ہوتا ہے وہ کسی دوسرے ذریعے سے نہیں ہوسکتا۔'' کس کا قول ہے؟
ج: مولوی عبدالحق
س: ''غالب نے دہلی کی زبان کو تحریری جامہ پہنایا اور اس میں اپنی ظرافت اور مؤثر طرز بیان سے وہ گلکاریاں کیں کہ اُردوئے معلیٰ خاص و عام سب کو پسند آئی اور اُردو نثر کے لئے ایک طرزِ تحریر قائم ہو گیا جس کی پیروی دوسروں کے لئے لازم تھی۔'' یہ الفاظ غالب سے متعلق کس نے کہے۔
ج: شیخ محمد اکرام
س: اُردو نثر غالب سے پہلے کہاں کے اثرات کی مرہون منت تھی؟
ج: مغرب
س: ''غالب نے خطوط کو ناول اور ڈرامے سے زیادہ دلچسپ بنایا ہے۔'' کس کے الفاظ ہیں؟
ج: مولانا حالی
س: مولانا حالی نے یہ الفاظ کس کتاب میں لکھے ہیں: ''یہ کہنا کچھ مبالغہ نہیں ہوگا کہ لٹریری قابلیت کے لحاظ سے مرزا جیسا جامع حیثیات آدمی امیر خسرو اور فیضی کے بعد آج تک ہندوستان کی خاک سے نہیں اٹھا۔''

ج: ''یادگارِ غالب''
س: غالب کے جدِامجد کا تعلق کس ریاست سے تھا؟
ج: ترکمان
س: ''میں نے وہ انداز تحریر ایجاد کیا ہے کہ مراسلہ کو مکالمہ بنا دیا ہے۔ ہزار کوس سے بزبان قلم باتیں کیا کرو، ہجر میں وصال کے مزے لیا کرو۔'' یہ الفاظ کس کے لئے غالب نے کہے ہیں؟
ج: مرزا حاتم علی
س: سرسید نے مضمون نگاری کی صنف کہاں سے حاصل کی؟
ج: انگلستان
س: سرسید کے دور میں انگلستان مضمون نگاری کا ایک مشہور نام ہے؟
ج: ایڈیسن
س: سرسید کے دور میں انگلستان مضمون نگاری کا ایک مشہور نام ہے؟
ج: اسٹیل
س: سرسید نے کس نام سے رسالہ جاری کیا؟
ج: ''تہذیب الاخلاق''
س: ''انتخاب مضامین سرسید'' کس کی تحریر ہے؟
ج: انور صدیقی
س: ''سرسید کی نثر'' کے مصنف کا نام لکھیں؟
ج: بشیر بدر
س: ''نیرنگ خیال'' کس کی تحریر ہے؟
ج: مولانا محمد حسین آزاد
س: ''انسان کا کوئی کام خوبی اور عیب سے مبرا نہیں ہوسکتا۔ خصوصاً تصنیف اور تالیف کا دشوار کام جس کا بے عیب ہونا محال ہے لیکن ایسے ملک میں جہاں ترقی ابتدائی حالات میں ہو۔ نئے اسلوب کی کتابوں کا کم عیب ہونا ہی بے عیب ہونے کے برابر ہے۔'' نیرنگ خیال سے متعلق یہ الفاظ کس کے ہیں؟
ج: مولانا حالی
س: کس کے مطابق آزاد نے مضامین انگریزی زبان کے دو مشہور انشاء پرداز آڈیسن اور جانسن کے مضامین سے اخذ کئے ہیں؟
ج: ڈاکٹر صادق

Scanned by CamScanner

س: ''انسان کسی حال میں خوش نہیں رہتا'' کس انگریز مصنف کے مضامین کا ترجمہ ہے؟
ج: آڈیسن
س: ''شہرت عام بقائے دوام کا دربار'' کس انگریز مصنف کے مضامین کا ترجمہ ہے؟
ج: آڈیسن
س: ''خوش طبعی'' کس انگریز مصنف کے مضامین کا ترجمہ ہے؟
ج: آڈیسن
س: ''آغاز آفرینش میں باغ عالم کا کیا رنگ تھا' اور رفتہ رفتہ کیا ہو گیا'' کس انگریز مصنف کے مضامین کا ترجمہ ہے؟
ج: جانسن
س: ''سچ اور جھوٹ کا رزم نامہ'' کس انگریز مصنف کے مضامین کا ترجمہ ہے؟
ج: جانسن
س: ''گلشن امید کی بہار'' کس انگریز مصنف کے مضامین کا ترجمہ ہے؟
ج: جانسن
س: ''سیر زندگی'' کس انگریز مصنف کے مضامین کا ترجمہ ہے؟
ج: جانسن
س: ''علوم کی بدنصیبی'' کس انگریز مصنف کے مضامین کا ترجمہ ہے؟
ج: جانسن
س: ''علمیت اور ذکاوت کے مقابلے'' کس انگریز مصنف کے مضامین کا ترجمہ ہے؟
ج: جانسن
س: ''نکتہ چینی'' کس انگریز مصنف کے مضامین کا ترجمہ ہے؟
ج: جانسن
س: ''اگر امیر خسرو نے اُردو کا پہلا شعر موزوں کیا' اگر ولی نے اُردو دیوان نظم کا مرتب کیا' اگر بیجو باورے نے پہلا دھرپد ہندی بولوں میں باندھا' اگر رودکی نے پہلا شعر فارسی کا کہا تو حضرت آزاد نے پہلی نظم نئی طرز کی موزوں فرمائی۔'' کس کے الفاظ ہیں؟
ج: پنڈت برج موہن
س: ''داستان تاریخ اُردو'' کس کی تحریر ہے؟
ج: مولانا حامد حسن قادری
س: ''حیات جاوید'' کس کی تحریر ہے؟
ج: مولانا حالی

س: ''حیات جاوید'' کو ''مداحی'' اور ''کتاب المناقب'' کس نے قرار دیا؟
ج: شبلی نے
س: نقاد سوانح عمری کو کتنے خصائص سے مرصع ہونا ضروری سمجھتے ہیں؟
ج: پانچ
س: ''حالی کی اُردو نثر نگاری'' کس کی تصنیف ہے؟
ج: عبدالقیوم
س: ''ان کی نثر میں اعلیٰ درجے کی سائنسی حقیقت نگاری کے اوصاف موجود ہیں مثلاً شخصی بے تکلفی' سادگی' نیچرل انداز' عبقریت اور توازن یہ سب اوصاف جو سائنسی توضیحی نثر کے لئے ضروری ہوتے ہیں' حالی کی نثر میں موجود ہیں۔'' یہ الفاظ کس کے ہیں؟
ج: ڈاکٹر سید عبداللہ
س: ''انتخاب مضامین شبلی'' کس نے مرتب کئے؟
ج: رشید حسن خان
س: علامہ شبلی نے کب سیرت النبی ﷺ کی تصنیف و تالیف کا ارادہ کیا؟
ج: 1912ء
س: ''سیرت میں نہایت تنقید اور جانفشانی سے کام لے رہا ہوں اس لئے ہفتوں میں دو تین صفحے کا سامان ہاتھ آتا ہے۔'' شبلی کی محنت و جانفشانی کا ذکر ان الفاظ میں کس نے کیا ہے؟
ج: مہدی حسن
س: سیرت النبی ﷺ کی سیرت نگاری کی مشکلات کا ذکر علامہ شبلی نے کس سے کیا تھا؟
ج: سید سلیمان ندوی
س: اپنی کاوش ''سیرت النبی ﷺ'' کے متعلق علامہ شبلی نے ایک خط ان الفاظ میں کس کو لکھا تھا: ''اگر مر نہ گیا اور ایک آنکھ بھی سلامت رہی تو انشاء اللہ دنیا کو ایسی کتاب دے جاؤں گا جس کی توقع کئی برسوں تک نہیں ہو سکتی۔''
ج: منشی محمد امین زبیری
س: ''آزاد جس مضمون کو ایک صفحے میں ادا کرتے تھے' شبلی کا قلم اس کے لئے شاید ایک آدھ سطر سے آگے بڑھنا بھی پسند نہیں کرتا۔'' یہ الفاظ کس کے ہیں؟
ج: ڈاکٹر سیّد عبداللہ
س: ''وجہی سے عبدالحق تک'' کس کی تصنیف ہے؟
ج: ڈاکٹر سیّد عبداللہ

Scanned by CamScanner

س: ''ہمارے والد، ہیڈ ماسٹر اور تحصیلدار صاحب تینوں نے مل کر فیصلہ کیا کہ ہمیں لاہور بھیج دیا جائے لیکن جب اِدھر اُدھر کے لوگوں کے حالات سنے تو معلوم ہوا کہ لندن اور لاہور کے حالات میں چند فرق نہیں۔'' پطرس نے یہ فقرہ کس مضمون میں لکھا ہے؟

ج: ''ہوسٹل میں پڑھنا''

س: ''سویرے جو کل آنکھ میری کھلی'' میں پطرس نے کہاں کی زندگی کی عکاسی کی ہے؟

ج: ہوسٹل

س: ''آبِ گم'' کے مصنف کا نام کیا ہے؟

ج: مشتاق احمد یوسفی

س: ''لیڈر خود غرض علماء مصلحت بیں، عوام خوف زدہ اور راضی برضائے حاکم، دانش ور خوشامدی اور ادارے کھوکھلے ہو جائیں (رہے ہم جیسے لوگ جو تجارت سے وابستہ ہیں تو کامل اس فرقہ تجار سے نکلا نہ کوئی) تو جمہوریت آہستہ آہستہ آمریت کو راہ دیتی چلی جاتی ہے۔ پھر کوئی طالع آزما آمر ملک کو غضب ناک نگاہوں سے دیکھنے لگتا ہے تیری دنیا کے کسی بھی ملک کے حالات پر نظر ڈالئے ڈکٹیٹر خود نہیں آتا، لایا اور بلایا جاتا ہے جب آ جاتا ہے تو قیامت اس کے ہم رکاب آتی ہے۔'' یوسفی نے ''آبِ گم'' کے کس مضمون میں پیرا لکھا ہے؟

ج: ''غنودیم، غنودیم''

س: یوسفی نے غالب کے درج ذیل مصرعہ کی تحریف کن الفاظ میں کی ہے:

چھٹتی نہیں ہے منہ سے یہ کافر لگی ہو

ج: چھٹتی نہیں ہے منہ سے یہ کافی لگی ہوئی

س: یوسفی کے مضامین کے اوّلین مجموعہ کا نام کیا ہے؟

ج: ''چراغ تلے''

س: ''چراغ تلے'' کب شائع ہوا؟

ج: 1961ء

س: ''چراغ تلے'' کی اشاعت کے کتنے عرصہ بعد دوسرا مجموعہ مضامین شائع ہوا؟

ج: 8 سال

س: یوسفی کے دوسرے مجموعہ مضامین کا نام کیا ہے؟

ج: ''خاکم بدہن''

س: ''خاکم بدہن'' کب شائع ہوا؟

ج: 1969ء

س: مشتاق یوسفی کی تیسری شائع ہونے والی کتاب کا نام کیا ہے؟

ج: ''زرگزشت''

س: ''زرگزشت'' کب شائع ہوئی؟

ج: 1976ء

س: ''گستاخی معاف! میرا خیال ہے کہ اگر تین نسلیں اسی ترکیب سے پان کھالیں تو چوتھی نسل ''آداب عرض'' کرنے کے لئے پیدا ہی نہیں ہوگی۔'' یہ فقرہ کس کتاب میں ہے؟

ج: زرگزشت

س: ''یوسفی کے مبالغے بلکہ حسن مبالغہ کے اثرار دوررس ہوتے ہیں اور اس کے طفیل ظرافت طنز پر، آزادہ روی مقصدیت پر اور خوش طبعی سنجیدہ فکر پر غالب آ گئی ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ یوسفی نے اپنے ماحول اور اپنے میلان طبع کے پیش نظر بہتر راستہ اختیار کیا ہے۔'' یوسفی کے اسلوب پر کس نے ان الفاظ میں تبصرہ کیا ہے؟

ج: ظہیر فتح پوری

س: ''اسکول ماسٹر کا خواب'' کس کتاب میں شامل ہے؟

ج: آب گم

س: ''میرا ایک تاثر یہ بھی ہے کہ یوسفی نے مغربی بالخصوص انگریزی انشاء پردازوں کا بھی غور کے ساتھ مطالعہ کیا ہے اور ان سے صحیح اثرات قبول کئے ہیں اس لئے ان کے انشائیوں میں جابجا ایسے ارتعاشات محسوس ہوتے ہیں جو انگریزی کے بعض مشہور ادبی تخلیق کاروں کی یاد دلاتے ہیں۔ یوسفی کی تحریروں کو پڑھتے وقت ذہن خود بخود چارلز، گولڈ اسمتھ، چارلس لیمب، ڈکس اور رابرٹ لوئی اسٹیونس کے اسالیب ظرافت کی طرف منتقل ہوتا رہتا ہے۔'' یوسفی کے فن مزاح میں مغرب کا رنگ کے حوالے سے یہ الفاظ کس نے لکھے ہیں؟

ج: مجنوں گورکھپوری

س: ''آب گم میں حاجی اورنگ زیب خان کا یہ کردار بہت ہی جاندار اور شاندار ظاہر ڈیل ڈول کے علاوہ یہ کردار اندر سے بھی اتنا ہی زبردست ہے خاص کر دستخط بدلنے کے سلسلے میں انگریز بینک منیجر مسٹر اے میکلین کے ساتھ اس کی جو گفتگو ہوتی ہے وہ بڑی جاندار ہے اور اس کردار کو نمایاں کرنے میں واضح مدد دیتی ہے۔'' یہ الفاظ کس کے ہیں؟

ج: ڈاکٹر فوزیہ

س: یوسفی کو ان الفاظ میں کس نے خراج عقیدت پیش کیا ہے: ''یوسفی کی جس ادا پر میں بطور

خاص فریفتہ ہوں وہ ہے اس کی اتھاہ محبت! یوسفی اپنے کھیت میں نفرت' کدورت یا دشمنی کا بیج بوتا ہی نہیں...... یوسفی دور مار توپ ہیں مگر اس توپ کا گولہ بھی کسی نہ کسی سماجی بُرائی پر جا کر پڑتا ہے ہاں اتنا ضرور ہے کہ کشتوں کے پشتے نہیں لگاتے' خود زندہ رہنا چاہتے ہیں' دوسروں کو زندہ رہنے کا حوصلہ دیتے ہیں۔''

ج: ضمیر جعفری

س: ''آبِ گم'' کا سن اشاعت کیا ہے؟

ج: فروری 1990ء

س: کس نے یوسفی کے حوالے سے یہ بات کہی ہے: ''اگر مزاحیہ ادب کے موجودہ دور کو ہم کسی نام سے منسوب کر سکتے ہیں تو وہ یوسفی ہی کا نام ہے۔''

ج: ابن انشاء

س: ''نقدِ ظرافت'' کس کی تصنیف ہے؟

ج: ڈاکٹر فوزیہ

س: کس نے یوسفی کے فن کو یوں خراجِ عقیدت پیش کیا ہے: ''یوسفی گل چیں ہے...... ذہین اور باشعور گل چیں...... یوسفی نے ہر پسندیدہ چیز سے اپنی جھولی بھر لی لیکن تقلید سے بچتے ہوئے جب وہ اپنے تخلیقی صحن میں پہنچے تو انہوں نے نئی قلمیں بھی لگائیں اور پرانے انداز میں نئے گل بھی کھلائے اور اس میں شک نہیں کہ اکثر جگہ پچھلوں سے سبقت لے گئے۔''

ج: ظہیر فتح پوری

س: ''آواز دوست'' کس کی تصنیف ہے؟

ج: مختار مسعود

س: مختار مسعود کب پیدا ہوئے؟

ج: 1926ء

س: مختار مسعود کے والد صاحب کا نام کیا تھا؟

ج: شیخ عطاء اللہ

س: شیخ عطاء اللہ مسلم یونیورسٹی علی گڑھ میں کس مضمون کے پروفیسر تھے؟

ج: معاشیات

س: شیخ عطاء اللہ نے علامہ اقبالؒ کے خطوط کا ایک اہم مجموعہ کس نام سے مرتب کیا؟

ج: ''اقبال نامہ''

س: ''آواز دوست'' کا پہلا ایڈیشن کب شائع ہوا؟

ج: 1973ء

س: ''آواز دوست'' کا نام کس کے شعر سے لیا گیا ہے؟

ج: مولانا جلال الدین رومیؒ

س: ''آواز دوست'' کتنے مضامین کا مجموعہ ہے؟

ج: دو

س: ''آواز دوست'' کے ایک مضمون کا کیا نام ہے؟

ج: ''مینار پاکستان''

س: ''آواز دوست'' کے دوسرے مضمون کا کیا نام ہے؟

ج: ''قحط الرجال''

س: ''آواز دوست'' کا پہلا مضمون کب لکھا گیا؟

ج: 1968ء

س: پہلا مضمون کس شمارے میں شائع ہوا؟

ج: ''نقوش''

س: تعمیر کے آغاز میں مینار پاکستان کو کیا کہا جاتا تھا؟

ج: ''یادگار پاکستان''

س: ''آواز دوست'' کا دوسرا مضمون ''قحط الرجال'' کتاب کے تقریباً کتنے صفحات پر محیط ہے؟

ج: 200

س: ''قحط الرجال'' کب مکمل ہوا؟

ج: 1972-71ء

س: مختار مسعود کے آٹوگراف البم پر پہلے دستخط ایک مسلمان عالم محمد ابراہیم شاکوچن کے ہیں' ان کا تعلق کس ملک سے تھا؟

ج: چین

س: مسلم لیگ کی شاخ مسلم یونیورسٹی علی گڑھ میں کب قائم کی گئی؟

ج: 1937ء

س: ''عجائبات فرنگ'' سفرنامہ کس کی تحریر ہے؟

ج: یوسف خان کمبل پوش

س: ''سفرنامہ مہاراج'' سفرنامہ کس کی تحریر ہے؟

ج: سرسیّد احمد خان

Scanned by CamScanner

س: "مسافرانِ لندن" سفرنامہ کس کی تحریر ہے؟
ج: سرسید احمد خان
س: "سیرِ ایران" سفرنامہ کس کی تحریر ہے؟
ج: محمد حسین آزاد
س: "سفرنامہ روم و مصر و شام" سفرنامہ کس کی تحریر ہے؟
ج: شبلی نعمانی
س: "سفرنامہ یورپ" سفرنامہ کس کی تحریر ہے؟
ج: منشی محبوب عالم
س: "مقامِ خلافت" سفرنامہ کس کی تحریر ہے؟
ج: سر عبدالقادر
س: "نقشِ فرنگ" سفرنامہ کس کی تحریر ہے؟
ج: قاضی عبدالغفار
س: "سیرِ افغانستان" سفرنامہ کس کی تحریر ہے؟
ج: علامہ سید سلیمان ندوی
س: "محمد علی کا سفر یورپ" سفرنامہ کس کا مرتب کردہ ہے؟
ج: محمد سرور
س: "ساحل اور سمندر" سفرنامہ کس کی تحریر ہے؟
ج: احتشام حسین
س: "اشتراکی چین" سفرنامہ کس کی تحریر ہے؟
ج: ارشاد احمد حقانی
س: "سفرنامہ ارض القرآن" سفرنامہ کس کی تحریر ہے؟
ج: خلیل حامدی
س: "چار ہفتے یورپ میں" سفرنامہ کس کی تحریر ہے؟
ج: شورش کاشمیری
س: "سات سمندر پار" سفرنامہ کس کی تحریر ہے؟
ج: بیگم اختر ریاض الدین
س: "دھنک پر قدم" سفرنامہ کس کی تحریر ہے؟
ج: بیگم اختر ریاض الدین
س: "سمات عاشقاں" سفرنامہ کس کی تحریر ہے؟

ج: فارغ بخاری
س: "صبح ہوتے ہی" سفرنامہ کس کی تحریر ہے؟
ج: کرشن چندر
س: "کاروانِ حجاز" سفرنامہ کس کی تحریر ہے؟
ج: ماہر القادری
س: "پاکستان سے دیارِ حرم تک" سفرنامہ کس کی تحریر ہے؟
ج: نسیم حجازی
س: "لبیک" سفرنامہ کس کی تحریر ہے؟
ج: ممتاز مفتی
س: "سفرِ حجاز" سفرنامہ کس کی تحریر ہے؟
ج: عبدالکریم ثمر
س: "سفرنامہ اقبال" کس کا مرتب کردہ ہے؟
ج: محمد حمزہ فاروقی
س: "سفرنامہ اقبال" کب شائع ہوا؟
ج: 1973ء
س: "چلتے ہو تو چین کو چلئے" سفرنامہ کس کی تحریر ہے؟
ج: ابن انشاء
س: "ابن بطوطہ کے تعاقب میں" سفرنامہ کس کی تحریر ہے؟
ج: ابن انشاء
س: "دنیا گول ہے" سفرنامہ کس کی تحریر ہے؟
ج: ابن انشاء
س: "نکلے تیری تلاش میں" سفرنامہ کس کی تحریر ہے؟
ج: مستنصر حسین تارڑ
س: "بمبئی سے بھوپال تک" سفرنامہ کس کی تحریر ہے؟
ج: عصمت چغتائی
س: "دل کی بپتا" سفرنامہ کس کی تحریر ہے؟
ج: شاہد احمد دہلوی
س: "ستمبر کا چاند" سفرنامہ کس کی تحریر ہے؟
ج: قرۃ العین حیدر

Scanned by CamScanner

س: محمود نظامی نے بیرونی ممالک کی سیاحت کب کی؟
ج: 1952ء
س: ''اے بنی اسرائیل'' سفرنامہ کس کی تحریر ہے؟
ج: قدرت اللہ شہاب
س: ''حجاز'' سفرنامہ کس کی تحریر ہے؟
ج: سلیمان خان سلیمان
س: ''لبیک'' سفرنامہ کس کی تحریر ہے؟
ج: ممتاز مفتی
س: ''امریکہ و بھارت'' سفرنامہ کس کی تحریر ہے؟
ج: عطاء الحق قاسمی
س: ''گوروں کے دیس میں'' سفرنامہ کس کی تحریر ہے؟
ج: عطاء الحق قاسمی
س: ''امریکہ نو-امریکہ تو'' سفرنامہ کس کی تحریر ہے؟
ج: اے-حمید
س: ''دنیا مرے آگے' تماشا مرے آگے'' سفرنامہ کس کی تحریر ہے؟
ج: جمیل الدین عالی
س: ''پیرس 250 کلومیٹر'' سفرنامہ کس کی تحریر ہے؟
ج: محمد اختر ممونکا
س: محمود نظامی کی تاریخ پیدائش کیا ہے؟
ج: 1911ء
س: محمود نظامی کہاں پیدا ہوئے؟
ج: لاہور
س: محمود نظامی رشتہ ازدواج میں کب منسلک ہوئے؟
ج: 1936ء
س: محمود نظامی نے اپنی عملی زندگی کا آغاز کس شعبے سے کیا؟
ج: صحافت
س: محمود نظامی کا کراچی میں کب انتقال ہوا؟
ج: 11 فروری 1960ء
س: ''نظرنامہ'' کا ابتداء میں نام ''البیلے نامہ'' تھا' یہ کب منظر عام پر آیا؟

ج: 1959ء
س: ''بایذیستن'' کے نام سے محمود نظامی نے ایک انگریزی ناول کا ترجمہ بھی کیا' یہ کب شائع ہوا؟
ج: 1963ء
س: محمود نظامی کی کتاب ''ملفوظات اقبال'' کے نام سے کب شائع ہوئی؟
ج: 1938ء
س: ''بازارِ مصر'' کس سفرنامہ کا حصہ ہے؟
ج: ''نظرنامہ''
س: ''روم نامچہ'' کس سفرنامہ کا حصہ ہے؟
ج: ''نظرنامہ''
س: ''بر سبیل لندن'' کس سفرنامہ کا حصہ ہے؟
ج: ''نظرنامہ''
س: ''شب طلوع پیرس'' کس سفرنامہ کا حصہ ہے؟
ج: ''نظرنامہ''
س: ''میکسیکو'' کس سفرنامہ کا حصہ ہے؟
ج: ''نظرنامہ''
س: یوسف حسین کمبل پوش کا سفرنامہ ''عجائبات فرنگ'' پہلی مرتبہ کب شائع ہوا؟
ج: 1846ء
س: سفرنامہ ''عجائبات فرنگ'' دوسری مرتبہ کب شائع ہوا؟
ج: 1969ء
س: ''مقام خلافت'' کے نام سے سر عبدالقادر کا سفرنامہ کب شائع ہوا؟
ج: 1920ء
س: اپنی زندگی کے احوال و واقعات کا بیان کیا کہلاتا ہے؟
ج: ''آپ بیتی''
س: ''سب سے اچھی آپ بیتی وہ ہوتی ہے جو کسی بڑے دعوے کے بغیر بے تکلف اور سادہ احوال زندگی پر مشتمل ہو'' کس کے الفاظ ہیں؟
ج: ڈاکٹر سید عبداللہ
س: ''تواریخ عجیب عرف کالا پانی'' آپ بیتی کے مصنف کون ہیں؟
ج: مولانا محمد جعفر تھانیسری

Scanned by CamScanner

س: ''داستان غدر'' آپ بیتی کے مصنف کون ہیں؟
ج: ظہیر دہلوی
س: ''قید فرنگ'' آپ بیتی کے مصنف کون ہیں؟
ج: حسرت موہانی
س: ''میرا افسانہ'' آپ بیتی کے مصنف کون ہیں؟
ج: چودھری افضل حق
س: ''تذکرہ'' آپ بیتی کے مصنف کون ہیں؟
ج: ابوالکلام آزاد
س: ''نامہ اعمال'' آپ بیتی کے مصنف کون ہیں؟
ج: رضا علی
س: ''خوں بہا'' آپ بیتی کے مصنف کون ہیں؟
ج: حکیم احمد شجاع
س: ''یاد ایام'' آپ بیتی کے مصنف کون ہیں؟
ج: مولانا عبدالرزاق کانپوری
س: ''یاد ایام عشرت فانی'' آپ بیتی کے مصنف کون ہیں؟
ج: مرزا فرحت اللہ بیگ
س: ''میری کہانی میری زبانی'' آپ بیتی کے مصنف کون ہیں؟
ج: سیّد ہمایوں مرزا
س: ''سرگزشت'' آپ بیتی کے مصنف کون ہیں؟
ج: عبدالمجید سالک
س: ''شاد کی کہانی شاد کی زبانی'' آپ بیتی کے مصنف کون ہیں؟
ج: شاد عظیم آبادی
س: ''آشفتہ بیانی میری'' آپ بیتی کے مصنف کون ہیں؟
ج: رشید احمد صدیقی
س: ''ناقابل فراموش'' آپ بیتی کے مصنف کون ہیں؟
ج: دیوان سنگھ مفتوں
س: ''یادوں کی دُنیا'' آپ بیتی کے مصنف کون ہیں؟
ج: ڈاکٹر یوسف حسین خان
س: ''میرے زمانے کی دلّی'' آپ بیتی کے مصنف کون ہیں؟

ملّا واحدی
ج: ''تحدیث نعمت'' آپ بیتی کے مصنف کون ہیں؟
س: سر ظفر اللہ خان
ج: ''جہان دانش'' آپ بیتی کے مصنف کون ہیں؟
س: احسان دانش
ج: ''جہان دانش'' کب شائع ہوئی؟
س: 1973ء
ج: ''اپنی تلاش میں'' آپ بیتی کے مصنف کون ہیں؟
س: کلیم الدین احمد
ج: ''لاہور کا جو ذکر کیا'' آپ بیتی کے مصنف کون ہیں؟
س: گوپال متل
ج: ''کاروان حیات'' آپ بیتی کے مصنف کون ہیں؟
س: مشتاق احمد خان
ج: ''ذکر یار چلے'' آپ بیتی کے مصنف کون ہیں؟
س: مرزا ظفر الحسن خان
ج: ''شہر نگاراں'' آپ بیتی کے مصنف کون ہیں؟
س: سبط حسن
س: ''ثبات'' کے مصنف کون ہیں؟
ج: ارشد ملتانی
س: ''ایک ہی کہانی'' کے مصنف کا نام لکھیں؟
ج: ڈاکٹر انوار احمد
س: ''باہر کفن سے پاؤں'' کے مصنف کا نام بتائیں؟
ج: ڈاکٹر عرش صدیقی
س: دورِ عروج شاعری کا قطب شاہی دور کب سے کب تک ہے؟
ج: 1580ء سے 1672ء تک
س: لفظ رومانیت کون سی تین خاص مفہوم سے وابستہ ہے؟
ج: 1- عشق و محبت سے متعلق چیزوں کو رومانوی کہا گیا

2- حقیقت پسندی
3- کلاسیکیت میں اعتدال
س: رومانیت کی پہلی خصوصیت کیا ہے؟
ج: تخیل
س: ''مخزن'' کب اور کہاں سے جاری ہوا؟
ج: 1901ء میں لاہور سے
س: ''مخزن'' کے مالک اور مدیر کون تھے؟
ج: مالک اور مدیر شیخ عبدالقادر تھے۔
س: آزاد کی نثر کس قسم کی تھی؟
ج: آزاد کی نثر رومانوی انانیت، تخیل کی فراوانی اور شدت جذبات کا اعلیٰ ترین مظہر کہی جا سکتی ہے۔
س: رومانیت انفرادیت نے ٹیگور، اقبالؒ اور ابوالکلام کے عہد کو کیا عطا کیا؟
ج: اس عہد کو ایک نیا ذہن عطا کیا۔
س: اختر شیرانی کس کے بیٹے تھے؟
ج: حافظ محمود شیرانی کے
س: اختر کی شاعری میں عورت کو بنیادی حیثیت حاصل ہے یا مرد کو؟
ج: اختر کی شاعری میں عورت کو بنیادی حیثیت حاصل ہے۔ ان کی تمام تر شاعری پرکار کے دائرے کی طرح اسی نقطے کے گرد گھومتی ہے۔
س: حفیظ جالندھری ایک رومانوی شاعر ہیں اس سلسلے میں ان کی نظم کا نام لکھئے؟
ج: ''شاہنامہ اسلام''
س: نادر کاکوروی کب پیدا ہوئے؟
ج: نادر علی خان نادر کاکوروی 1867ء میں
س: نادر کی نظمیں جن رسالوں میں شائع ہوتی رہیں ان کے نام لکھئے؟
ج: مخزن اور زمانہ
س: خوشی محمد ناظر کب اور کہاں پیدا ہوئے؟
ج: گجرات 1872ء میں
س: اس شاعر کا نام لکھئے جو صرف اودھ پنچ کا ہی نہیں بلکہ پورے دور کا شاعر ہے؟
ج: اکبر الٰہ آبادی
س: اکبر کی شاعری کا سب سے بڑا کارنامہ کیا ہے؟

Scanned by CamScanner

ج: بقول ڈاکٹر صادق: ''ان کی مزاحیہ تنقید کی وجہ سے مغرب کی طاقت و عظمت کا زبردست احساس جو ایک کابوس کی طرح ہمارے دل و دماغ پر طاری تھا جس نے ہماری ذہنی اور علمی قوت کو مضحل بلکہ معطل کر دیا تھا' آہستہ آہستہ مفقود ہو گیا۔

س: ''دو ملک ایک کہانی'' کس کا شاہکار ہے؟

ج: ابراہیم جلیس کا

س: اودھ پنچ کے انشاء پرداز میں سے چار کے نام لکھیے؟

ج:
1- منشی سجاد حسین
2- مرزا مچھو بیگ ستم ظریف
3- نواب سید محمد آزاد
4- جوالا شاد برق

س: چکبست نے منشی سجاد حسین اور اودھ پنچ کی ترقی کے متعلق کیا کہا؟

ج: چکبست کہتے ہیں:
''اودھ پنچ کی ترقی اور وقعت کا راز بہت کچھ اس ایڈیٹر کی ذات سے وابستہ تھا۔''

س: مرزا مچھو بیگ ستم ظریف کا اصل نام کیا تھا؟

ج: مرزا محمد مرتضیٰ

س: نواب سید محمد آزاد کا ناول ''نوابی دربار'' کب شائع ہوا؟

ج: 1878ء میں

س: جوالا پرشاد برق کی کسی ایک مثنوی کا نام لکھیے؟

ج: ''مثنوی بہار''

س: اودھ پنچ کا بہت بڑا کارنامہ کیا ہے؟

ج: اودھ پنچ کا بہت بڑا کارنامہ یہ ہے کہ اس نے اُردو نظم و نثر میں مزاح نگاری کو ایک تحریک بنا دیا۔

س: رومانیت کا لفظ کس سے نکلا ہے اور اس کا اطلاق کس قسم کی کہانیوں پر ہوتا ہے؟

ج: رومانیت کا لفظ رومانس سے نکلا ہے اس کا اطلاق اس قسم کی منظوم اور نثری کہانیوں پر ہوتا ہے جن میں داستان محبت و اُلفت جذباتی انداز اور آراستہ و پیراستہ زبان میں سنائی جاتی تھی۔

س: ڈاکٹر عبدالحق کے خط کے مکتوب الیہ کا نام کیا ہے؟

ج: عبداللہ چغتائی

س: ڈاکٹر عبداللہ چغتائی کن حیثیتوں سے مشہور ہیں؟

ج: مؤرخ اور محقق کی حیثیت سے

س: حضرت شیرانی صاحب کون تھے؟

ج: پروفیسر محمود شیرانی اُردو کے نامور محقق تھے۔

س: کیا ڈاکٹر عبداللہ چغتائی کی علمی تحقیقات کی قدر یورپ میں ہوئی؟

ج: جی ہاں

س: کیا ڈاکٹر عبدالحق پروفیسر محمد شفیع اور پروفیسر ڈاکٹر اقبالؒ کے قدردانوں میں سے تھے؟

ج: جی ہاں

س: ڈاکٹر عبداللطیف کون تھے؟

ج: جامعہ عثمانیہ حیدرآباد میں انگریزی کے اُستاد اور کئی اہم کتابوں کے مصنف

س: سر شیخ عبدالقادر کس لئے مشہور ہیں؟

ج: ''مخزن'' رسالے کے ایڈیٹر تھے۔

س: ڈاکٹر عبدالحق کو عمر نوح کی دُعا کس شرط کے ساتھ پسند تھی؟

ج: عمر نوح ملے لیکن اس کے ساتھ طوفان نوح نہ ہو۔

س: ڈاکٹر عابد حسین کے بیمار پڑنے سے ڈاکٹر عبدالحق کو کیا نقصان پہنچا؟

ج: سارا کام ڈاکٹر عبدالحق کی اکیلی ذات پر آ گیا۔

س: ڈاکٹر عبدالحق کس چیز سے بہت گھبراتے تھے؟

ج: کسی کانفرنس کی صدارت سے

س: ''نگری نگری پھرا مسافر'' کب شائع ہوا؟

ج: 1940ء

س: ''نے چراغ نے گلے'' کب منظر عام پر آیا؟

ج: 1973ء

س: ''کارواں وجود'' کا سن اشاعت بتائیں؟

ج: 1981ء

س: ''روزن دیوار'' کے مصنف کون ہیں؟

ج: عطاء الحق قاسمی

س: ''مرزا غالب رائل پارک میں'' کے مصنف کون ہیں؟

ج: اے حمید

س: ''جوہر اندیشہ'' کے مصنف کون ہیں؟

ج: مشکور حسین یاد

Scanned by CamScanner

س: ''شگوفہ زار' لالہ زار'' کے مصنف کا نام بتائیں؟
ج: خواجہ عبدالغفور
س: ''ذرا مسکرا دو'' کے مصنف کون ہیں؟
ج: طاہر قریشی
س: ''چند کلیاں نشاط کی'' کے مصنف کون ہیں؟
ج: برہان حسین
س: ''شوشے'' کے مصنف کون ہیں؟
ج: ارشد علی خان
س: ''مزاج شریف'' کے مصنف کون ہیں؟
ج: رشید قریشی
س: ''خوش آمدید'' کے مصنف کون ہیں؟
ج: تنویر حسین
س: ''اُلو ہمارے بھائی ہیں'' کے مصنف کون ہیں؟
ج: مستنصر حسین تارڑ
س: ''گزارہ نہیں ہوتا'' کے مصنف کون ہیں؟
ج: مستنصر حسین تارڑ
س: ''شعر العجم'' کے مصنف کون ہیں؟
ج: شبلی نعمانی
س: ''مقدمہ شعر و شاعری'' کے مصنف کون ہیں؟
ج: الطاف حسین حالی
س: ''روزن دیوار'' کے مصنف کا نام بتائیں؟
ج: عطاء الحق قاسمی
س: ''مرزا غالب رائل پارک میں'' کے مصنف کا نام بتائیں؟
ج: اے حمید
س: ''جوہر اندیشہ'' کے مصنف کا نام بتائیں؟
ج: مشکور حسین یاد
س: ''شگوفہ زار' لالہ زار'' کے مصنف کا نام بتائیں؟
ج: خواجہ عبدالغفور
س: ''ذرا مسکرا دو'' کے مصنف کا نام بتائیں؟

ج: طاہر قریشی
س: ''چند کلیاں نشاط کی'' کے مصنف کا نام بتائیں؟
ج: برہان حسین
س: ''شوشے'' کے مصنف کا نام بتائیں؟
ج: ارشد علی خان
س: ''مزاج شریف'' کے مصنف کا نام بتائیں؟
ج: رشید قریشی
س: ''خوش آمدید'' کے مصنف کا نام بتائیں؟
ج: تنویر حسین
س: ''سات سمندر پار'' سفرنامہ کس کی تحریر ہے؟
ج: بیگم اختر ریاض الدین
س: مالابار کا راجہ سامری کب مسلمان ہوا؟
ج: 616ء
س: مشہور مسلمان جغرافیہ دان مسعود کب ہندوستان سے گزرا؟
ج: 916ء
س: 1294ء میں علاؤ الدین خلجی نے دکن پر حملہ کیا اور بالآخر کب میں تمام صوبہ مہاراشٹر فتح کر لیا؟
ج: 1312ء
س: محمد بن تغلق نے دہلی کی پوری آبادی کو کب دکن منتقل ہونے کا حکم دیا؟
ج: 1326ء
س: ٹیپو سلطان نے فوجی اصطلاحات' طریقہ جنگ اور معرکہ آرائی وغیرہ کے متعلق ایک کتاب ''فتح المجاہدین'' کے نام سے مرتب کرائی اس کے مصنف کون ہیں؟
ج: زین العابدین
س: ''فتح المجاہدین'' کس سن ہجری میں مرتب ہوئی؟
ج: 1196ھ
س: ''مفرح القلوب'' کس سن ہجری میں لکھی گئی؟
ج: 1199ھ
س: ڈاکٹر نورالحسن ہاشمی نے دہلی اور لکھنؤ کے دبستانوں کا تقابلی مطالعہ کس طرح کیا ہے؟
ج: دہلی — معنوی حیثیت سے...... روحانیت یعنی واردات قلبیہ' فلسفہ و تصوف' علو خیال'

Scanned by CamScanner

ہجر نصیبی، انفرادیت، احساس۔
لفظی حیثیت سے..... سادگی، صفائی، روانی، فصاحت، متانت، شگفتگی، گھلاوٹ، فارسی
تراکیب۔
لکھنؤ— معنوی حیثیت سے..... خارجی مضامین (خصوصاً عورتوں کے سراپا، زیور اور
ملبوسات کے متعلق) تمثیلیت، مضمون بندی، ابتذال۔
لفظی حیثیت سے..... قافیہ پیمائی، رعایت لفظی، لغت سازی، غرابت، خوبی بندش۔

س: نواب سعادت علی خان کو بادشاہ دہلی کی طرف سے کب اودھ کا صوبے دار بنایا گیا؟
ج: 1722ء
س: فورٹ ولیم کالج کس نے قائم کیا؟
ج: لارڈ ولزلی
س: فورٹ ولیم کالج کہاں قائم ہوا؟
ج: کلکتہ
س: "دھنک پر قدم" سفرنامہ کس کی تحریر ہے؟
ج: بیگم اختر ریاض الدین
س: "آوارہ گرد کی ڈائری" سفرنامہ کس کی تحریر ہے؟
ج: ابن انشاء

میرؔ و غالبؔ کا خصوصی مطالعہ

س: میر تقی میرؔ کے والد کا نام بتائیں؟
ج: میر عبداللہ
س: میر تقی میرؔ کے والد کس نام سے مشہور تھے؟
ج: علی متقی
س: میر تقی میرؔ کے بزرگ زمانے کی نامساعدت سے اپنی قوم اور قبیلہ کے ساتھ کہاں سے احمد آباد گجرات آئے؟
ج: حجاز
س: "تذکرۂ جہاں" میں میرؔ صاحب کی عمر کتنے سال تحریر ہے؟
ج: 80
س: کتاب "ذکر میرؔ" کے اختتام پر میرؔ صاحب نے اپنی عمر کتنے سال بتائی ہے؟
ج: 60
س: میر تقی میرؔ کی پیدائش کی تاریخ کیا ہے؟
ج: 1137 ہجری
س: "ذکر میرؔ" کب تحریر ہوئی؟
ج: 1197ھ
س: شاہانِ اودھ کے کتب خانوں سے ملنے والے نسخے "ذکر میرؔ" کے کتنے صفحات ہیں؟
ج: 152
س: "نکات الشعراء" کب مرتب ہوا؟
ج: 1752ء
س: "نکات الشعراء" میں 1151ھ سے لے کر کب تک کے حالات درج ہیں؟
ج: 1197ھ
س: "اُردو کا پہلا تذکرہ" مصنف کا نام بتائیں؟
ج: میر تقی میرؔ
س: "فیض میرؔ" مصنف کا نام بتائیں؟

Scanned by CamScanner

ج: میر تقی میر
س: ''ذکرِ میر'' مصنف کا نام بتائیں؟
ج: میر تقی میر
س: ''نکاتِ شعراء'' مصنف کا نام بتائیں؟
ج: میر تقی میر
س: ''خوابِ و خیال'' مصنف کا نام بتائیں؟
ج: میر تقی میر
س: ''دریائے عشق'' مصنف کا نام بتائیں؟
ج: میر تقی میر
س: ''کلیاتِ نظم فارسی'' مصنف کا نام بتائیں؟
ج: مرزا غالب
س: ''کلیاتِ نثر فارسی'' مصنف کا نام بتائیں؟
ج: مرزا غالب
س: ''عودِ ہندی خطوط'' مصنف کا نام بتائیں؟
ج: مرزا غالب
س: ''اُردوئے معلٰی'' مصنف کا نام بتائیں؟
ج: مرزا غالب
س: ''لطائفِ غیبی'' مصنف کا نام بتائیں؟
ج: مرزا غالب
س: ''تیغِ تیز'' مصنف کا نام بتائیں؟
ج: مرزا غالب
س: ''قاطعِ برہان'' مصنف کا نام بتائیں؟
ج: مرزا غالب
س: ''مہرِ نیمروز'' مصنف کا نام بتائیں؟
ج: مرزا غالب
س: ''سبدِ چین'' مصنف کا نام بتائیں؟
ج: مرزا غالب
س: ''دانشِ کاویانی'' مصنف کا نام بتائیں؟
ج: مرزا غالب

س: ''پنج آہنگ'' مصنف کا نام بتائیں؟
ج: مرزا غالب
س: ''قادر نامہ غالب'' مصنف کا نام بتائیں؟
ج: مرزا غالب
س: ''گلِ رعنا'' مصنف کا نام بتائیں؟
ج: مرزا غالب
س: ''ابرِ گہربار'' مصنف کا نام بتائیں؟
ج: مرزا غالب
س: ''رنگِ و بو'' مصنف کا نام بتائیں؟
ج: مرزا غالب
س: ''درد و داغ'' مصنف کا نام بتائیں؟
ج: مرزا غالب
س: ''بادِ مخالف'' مصنف کا نام بتائیں؟
ج: مرزا غالب
س: ''چراغِ دیر'' مصنف کا نام بتائیں؟
ج: مرزا غالب
س: ''سرمایہِ بینش'' مصنف کا نام بتائیں؟
ج: مرزا غالب
س: ''شعلہِ عشق'' مصنف کا نام بتائیں؟
ج: میر تقی میر
س: ''جوشِ عشق'' مصنف کا نام بتائیں؟
ج: میر تقی میر
س: ''اعجازِ عشق'' مصنف کا نام بتائیں؟
ج: میر تقی میر
س: ''خوابِ و خیال'' مصنف کا نام بتائیں؟
ج: میر تقی میر
س: ''معاملاتِ عشق'' مصنف کا نام بتائیں؟
ج: میر تقی میر
س: ''تنبیہ الجہال'' مصنف کا نام بتائیں؟

Scanned by CamScanner

ج: میر تقی میر

س: کس مثنوی میں نواب آصف الدولہ کی سیر و شکار کا حال ہے؟

ج: ''شکارنامہ''

س: ''تذکرہ گلشن ہند'' کس کی تحریر ہے؟

ج: مرزا علی لطف

س: ''جو شخص کہ نظارہ گاہ سخن میں چشم خوردہ بین رکھتا ہے اور چاشنی خرد سے امتیاز ذائقہ تلخ و شیریں رکھتا ہے تو وہ اس بات کو جانتا ہے اور اس رمز کو پہچانتا ہے کہ میر شیریں مقال میں اور ریختہ گویان سابق و حال میں نسبت خورشید و ماہ ہے اور فرق سپید و سیاہ ہے۔'' کس کے الفاظ ہیں؟

ج: مرزا علی لطف

س: کون بہت نازک مزاج اور بہت خوددار انسان تھے؟

ج: میر تقی میر

س: میر کے کلیات میں حزنیہ اشعار کے بعد سب سے زیادہ تعداد کن اشعار کی ہے؟

ج: شراب

س: درویش احسان اللہ نے میر تقی میر کو کیا چیز کھانے کے لئے دی؟

ج: اس درویش نے میر تقی میر کو روٹی کا ایک سوکھا ٹکڑا پانی میں بھگو کر دیا۔

س: ''مرزا مغل سبقت کہتے تھے جب میر صاحب لکھنؤ میں تشریف لائے' بندہ ان کے شرف ملازمت کو گیا۔ خبر ہونے کے بعد دیر میں تشریف لائے۔ میں نے دولت قدم بوسی حاصل کی اور بعد قیل و قال کے ملتمس ہوا کہ کچھ اپنے کلام سے مستفید فرمائیے۔ بے تامل فرمایا کہ تمہارے بشرے سے شعر فہمی معلوم نہیں ہوتی' سخن کے ضائع کرنے سے حاصل؟'' یہ کس کے الفاظ ہیں؟

ج: سعادت خان ناصر

س: ''تذکرہ خوش معرکہ زیبا'' کس کی تحریر ہے؟

ج: سعادت خان ناصر

س: میر تقی میر کی تاریخ وفات کیا ہے؟

ج: 20 شعبان 1225ھ

س: ''غالب اور مطالعہ غالب'' کے مصنف کا نام بتائیں؟

ج: ڈاکٹر عبادت بریلوی

س: ''یادگار غالب'' کے مصنف کا نام بتائیں؟

ج: مولانا حالی

س: ''غالب کی اقلیم'' کے مصنف کون ہیں؟

ج: انور سدید

س: ''غالب ایک شاعر ایک اداکار'' کے مصنف کا نام بتائیں؟

ج: انیس ناگی

س: ''اُردو شاعری پر ایک نظر'' کے مصنف کا نام بتائیں؟

ج: احسن فاروقی

س: ''میر امن سے لے کر عبدالحق تک'' کے مصنف کا نام بتائیں؟

ج: ڈاکٹر سید عبداللہ

س: ''شاعری کی تنقید'' کے مصنف کا نام بتائیں؟

ج: ڈاکٹر عبادت بریلوی

س: ''غالب کا فن شاعری'' کے مصنف کا نام بتائیں؟

ج: ڈاکٹر عبادت بریلوی

س: ''غالب اور آہنگ غالب'' کس کی تصنیف ہے؟

ج: ڈاکٹر یوسف حسین خان

س: ''غالب اور شبلی کی سوانح'' کے خالق کا نام تحریر فرمائیں؟

ج: ڈاکٹر شیخ محمد اکرام

س: ''اُردو شعراء کے تذکرے'' کے مصنف کا نام بتائیں؟

ج: ڈاکٹر فرمان فتح پوری

س: ''دیوان غالب'' کس نے مرتب کیا؟

ج: شیخ عبدالقادر

س: ''غالب ایک صدی'' کس کی تحریر ہے؟

ج: صہبا لکھنوی

س: ''خطوط غالب'' کس کی تحریر ہے؟

ج: غلام رسول مہر

س: ''اُردو شاعری پر ایک نظر'' کے مصنف کا نام بتائیں؟

ج: محمد احسن فاروقی

س: ''شرح دیوان غالب'' کس کی تصنیف ہے؟

ج: مولانا حسرت موہانی

Scanned by CamScanner

"... کے مصنف کا نام بتائیں:
"اُردو شاعری کا سیاسی و سماجی پس منظر" کے مصنف کا نام بتائیں:

ج: ڈاکٹر غلام حسین ذوالفقار

س: "میر ..... حیات اور شاعری" کس کی تصنیف ہے؟

ج: خواجہ احمد فاروقی

س: "اس تباہی پر میر صاحب کو جو غم ہوا' وہ محض انفرادی نہیں تھا۔ اس کی نوعیت اجتماعی، سماجی اور تہذیبی بھی تھی۔ ان کی نگاہیں اس ایک ایک چیز کو دیکھتی تھیں جس کو اس ہنگامے نے اپنی جگہ سے ہٹا دیا تھا۔ مکان مٹ جاتے تو صبر تھا' عمارتیں ختم ہو جاتیں تو ایسی کوئی بات نہیں تھی۔ میر صاحب کو غم تو اس بات کا تھا کہ بازاروں کا وجود ہی باقی نہ رہا۔ ان کی رونقیں ختم ہو گئیں۔ گلی کوچے مٹ گئے۔ ان کی چہل پہل باقی نہ رہی۔ بچے جس طرح ان گلیوں میں کھیلتے پھرتے تھے' وہ انداز ختم ہو گیا' خانقاہیں اُجڑ گئیں۔ صوفیوں اور درویشوں کا وہ ماحول نہ رہا۔ غرض میر صاحب کو غم یہ ہے کہ اس تباہی کے ساتھ ان کے پورے ماحول کی عمارت زمین پر آ رہی۔" کس کے الفاظ ہیں؟

ج: ڈاکٹر عبادت بریلوی

س: "مقدمہ کلیات میر" کس کا شاہکار ہے؟

ج: ڈاکٹر عبادت بریلوی

س: درج ذیل شعر کس شاعر کا ہے:

آگ تھے ابتدائے عشق میں ہم
اب جو ہیں خاک انتہاء ہے یہ

ج: میر تقی میر

س: درج ذیل شعر کس شاعر کا ہے:

یوں اُٹھے آہ اس گلی سے ہم
جیسے کوئی جہاں سے اُٹھتا ہے

ج: میر تقی میر

س: غزل کا بادشاہ کس شاعر کا کہا جاتا ہے؟

ج: میر تقی میر

س: "میر صاحب کی زبان شستہ' کلام صاف' بیان ایسا پاکیزہ جیسے باتیں کرتے ہیں۔ دل کے خیالات کو جو کہ سب کی طبیعتوں کے مطابق ہیں' محاورے کا رنگ دے کر باتوں باتوں میں ادا کر دیتے ہیں اور زبان میں خدا نے ایسی تاثیر دی ہے کہ وہی باتیں ایک مضمون بن جاتی ہیں۔" کس کے الفاظ ہیں؟

ج: مولانا محمد حسین آزاد

س: "باوجودیکہ میر کی عمر غزل گوئی میں گزری ہے' مثنوی میں بھی بیان کے انتظام اور تسلسل کو انہوں نے ہاتھ سے جانے نہیں دیا اور مطالب کو بہت خوبی سے ادا کیا ہے جیسا کہ ایک مشاق اور ماہر اُستاد کر سکتا ہے۔ اس کے سوا صاف اور عمدہ شعر بھی میر کی مثنوی میں بمقابلہ ان کے اشعار کے جن میں پرانے محاورے یا فارسیت غالب ہے کچھ کم نہیں ہیں۔ صدہا اشعار میر کی مثنویوں کے آج تک لوگوں کی زبان زد چلے آتے ہیں۔" یہ خیالات کس کے ہیں؟

ج: خواجہ الطاف حسین حالی

س: میر کی مثنوی "مرغ بازاں" سے اس زمانہ کے کس شہر کا حال معلوم ہوتا ہے؟

ج: لکھنؤ

س: نجم الدولہ' دبیر الملک' نظام جنگ کس کے خطابات ہیں؟

ج: مرزا غالب

س: مرزا غالب کی تاریخ پیدائش کیا ہے؟

ج: 27 دسمبر 1797ء

س: مرزا غالب کس دن پیدا ہوئے؟

ج: بدھ

س: مرزا غالب کلکتے کس سن میں گئے؟

ج: 1243ھ

س: مرزا غالب کا تعلق کس قوم سے تھا؟

ج: ترک

س: مرزا غالب کے دادا کا نام کیا تھا؟

ج: مرزا قوقان بیگ

س: مرزا غالب کے والد کا نام بتائیں؟

ج: مرزا عبداللہ بیگ

س: مرزا غالب کے والد کب شہید ہوئے؟

ج: 1802ء

س: نصراللہ بیگ خاں مرزا غالب کے چچا کب فوت ہوئے؟

ج: 1806ء

س: مرزا غالب کی شادی کتنی عمر میں ہوئی؟

Scanned by CamScanner

ج: 13 برس

س: مرزا غالب کی شادی کب ہوئی؟

ج: 7 رجب 1225ھ

س: مرزا غالب کی بیگم کا کیا نام تھا؟

ج: امراؤ بیگم

س: مرزا غالب کے چچا مرزا نصراللہ بیگ کی پنشن میں غالب کا کتنا حصہ سالانہ تھا؟

ج: 750 روپے

س: مرزا غالب کے ہاں کتنے بچے پیدا ہوئے؟

ج: سات

س: مرزا غالب کو کب قید کی سزا ہوئی؟

ج: 1847ء

س: مرزا غالب کو کتنا عرصہ قید ہوئی؟

ج: چھ ماہ

س: مرزا غالب نے قید کی حالت میں ایک فارسی ترکیب بند لکھا تھا' وہ کتنے اشعار پر مشتمل تھا؟

ج: 84

س: مرزا غالب کی دوران قید کس نے بہت امداد کی؟

ج: مصطفیٰ خان شیفتہ

س: مرزا غالب کتنے برس بعد الزام سے بری ہوئے؟

ج: تین

س: مرزا غالب کو خاندان تیمور کی تاریخ نویسی پر کب مامور کیا گیا؟

ج: 1850ء

س: رہائی کے بعد مرزا غالب کی کتنی پنشن ماہوار مقرر ہوئی؟

ج: 50 روپے

س: رام پور سے غالب کو آخری زندگی میں کتنے روپے ماہوار ملتے تھے؟

ج: 100 روپے

س: نواب واجد علی شاہ حاکم اودھ کی طرف سے مرزا غالب کے لئے کتنا سالانہ وظیفہ مقرر ہوا؟

ج: 500 روپے

س: مرزا غالب نے [illegible] بیماریوں کا ذکر کیا ہے؟

ج: 1860ء

س: ''مرقع ادب'' کس کا مرتب کردہ ہے؟

ج: صفدر مرزا پوری

س: مرزا غالب کی تاریخ وفات کیا ہے؟

ج: 15 فروری 1869ء

س: مرزا غالب کو کس کے مزار کے قریب دفن کیا گیا؟

ج: نواب الٰہی بخش معروف

س: غالب کے مزار کی لوح پر کس کا لکھا قطعہ کندہ ہے؟

ج: میر مہدی مجروح

س: ''اردوئے معلیٰ'' حالی کی فرمائش پر 56 صفحات کے اضافہ کے ساتھ کب شائع ہوا؟

ج: 1899ء

س: ''نکات و رقعات'' کب شائع ہوئی؟

ج: فروری 1867ء

س: ''نکات و رقعات'' کے کتنے صفحات ہیں؟

ج: 36

س: ''نکات و رقعات'' کو کس نے چھپوایا؟

ج: پیارے لال

س: دربار رامپور سے مرزا کی خط و کتابت کس نام سے شائع ہوئی؟

ج: ''مکاتیب غالب''

س: ''مکاتیب غالب'' کا سن اشاعت کیا ہے؟

ج: 1937ء

س: ''مکاتیب غالب'' میں کتنے خطوط ہیں؟

ج: 130

س: ''نادرات غالب'' کراچی سے کب شائع ہوئی؟

ج: 1949ء

س: ''نادرات غالب'' کراچی سے کس نے شائع کیا؟

ج: آفاق دہلوی

س: غالب کا فارسی دیوان کب مکمل ہو گیا تھا؟

Scanned by CamScanner

ج: 1835ء

س: غالب کے فارسی دیوان کا کیا نام رکھا گیا؟

ج: "بے خانۂ آرزو سرانجام"

س: غالب کا فارسی دیوان مطبع دارالسلام دہلی سے کب شائع ہوا؟

ج: 1845ء

س: "کلیاتِ نظم" کا سن طباعت کیا ہے؟

ج: 1863ء

س: "مثنوی ابرِ گہربار" مرزا غالب کی تصنیف کب شائع ہوئی؟

ج: 1864ء

س: "سبد چین" غالب کے فارسی اشعار کا مجموعہ کب شائع ہوا؟

ج: اگست 1867ء

س: "سبد چین" غالب کے فارسی اشعار کا مجموعہ مکتبہ جامعہ نے دوبارہ کب شائع کیا؟

ج: 1938ء

س: "دستنبو" منشی شیونرائن مالک "مطبع مفید خلایق" آگرہ نے کب شائع کیا؟

ج: نومبر 1858ء

س: "دستنبو" کے صفحات کی تعداد کیا ہے؟

ج: 88

س: "دستنبو" کا دوسرا ایڈیشن کب شائع ہوا؟

ج: 1865ء

س: "دستنبو" کا تیسرا ایڈیشن کب شائع ہوا؟

ج: 1871ء

س: "کلیاتِ نثر" مرزا غالب کی اجازت سے منشی نول کشور نے پہلی مرتبہ کب شائع کیا؟

ج: جنوری 1868ء

س: "کلیاتِ نثر" کو دوسری بار کب شائع کیا گیا؟

ج: 1871ء

س: "کلیاتِ نثر" کو تیسری بار کب شائع کیا گیا؟

ج: 1884ء

س: "قاطع برہان" کب مکمل ہوئی؟

ج: 1860ء

س: "قاطع برہان" کا سن اشاعت کیا ہے؟

ج: 1862ء

س: "قاطع برہان" کے صفحات کی تعداد کتنی ہے؟

ج: 97

س: "قاطع برہان" کی مخالفت میں لکھی گئی کتاب "ساطع برہان" کس کی تحریر ہے؟

ج: مرزا عبدالرحیم

س: "قاطع برہان" کی مخالفت میں لکھی گئی کتاب "قاطع برہان" کس کی تحریر ہے؟

ج: مولوی امین الدین پٹیالوی

س: "قاطع برہان" کی مخالفت میں لکھی گئی کتاب "محرق قاطع" کس کی تحریر ہے؟

ج: سعادت علی

س: "قاطع برہان" کی مخالفت. میں لکھی گئی کتاب "موید برہان" کس کی تحریر ہے؟

ج: مولوی آغا احمد علی

س: "قاطع برہان" کی مخالفت میں لکھی گئی کتاب "شمشیر تیز تر" کس کی تحریر ہے؟

ج: عبدالصمد سلہٹی

س: "قاطع برہان" کی حمایت میں لکھی گئی کتاب "لطائف غیبی" کے مصنف کون ہیں؟

ج: میاں داد خاں سیاح

س: "قاطع برہان" کی حمایت میں لکھی گئی کتاب "دافع ہذیان" کس کی تصنیف ہے؟

ج: مولوی نجف علی

س: "قاطع برہان" کی حمایت میں لکھی گئی کتاب "سوالات عبدالکریم" کے مصنف کون ہیں؟

ج: عبدالکریم

س: "نامہ غالب" کے نام سے مرزا غالب کی تحریر کب شائع ہوئی؟

ج: 1865ء

س: "تیغ تیز" مرزا غالب نے کب شائع کیا؟

ج: 1867ء

س: "قاطع برہان" کی دوبارہ طباعت کب ہوئی؟

ج: 1865ء

س: "دعائے صباح" مرزا غالب نے کس کی فرمائش پر لکھی؟

ج: مرزا نے یہ مثنوی اپنے بھانجے مرزا عباس بیگ کی فرمائش پر لکھی۔

Scanned by CamScanner

س: مرزا غالب کے کچھ فارسی خطوط ... نے مقدمہ کے ساتھ ''متفرقات غالب'' کے نام سے کب شائع کیا؟

ج: 1947ء

س: ''متفرقات غالب'' میں خطوط کی تعداد کیا ہے؟

ج: 49

س: مرزا غالب نے کب تک فارسی میں خط و کتابت کی؟

ج: 1850ء

س: مرزا غالب نے یہ الفاظ ''جناب شراب پیتا ہوں مگر سور نہیں کھاتا'' کس انگریز سے کہے؟

ج: کرنل براؤن

س: مرزا غالب کی شاعری کو کتنے ادوار میں تقسیم کیا جاتا ہے؟

ج: پانچ

س: مرزا غالب کا پہلا دور ابتداء سے کب تک ہے؟

ج: 1821ء

س: مرزا غالب کا دوسرا دور 1821ء سے کب تک ہے؟

ج: 1832ء

س: مرزا غالب کا تیسرا دور 1832ء سے کب تک ہے؟

ج: 1844ء

س: مرزا غالب کا چوتھا دور 1844ء سے کب تک ہے؟

ج: 1857ء

س: مرزا غالب کا پانچواں اور آخری دور 1857ء سے کب تک ہے؟

ج: 1869ء

س: اسد اللہ خاں غالب کب پیدا ہوئے؟

ج: 27 دسمبر 1797ء کو

س: غالب کہاں پیدا ہوئے؟

ج: (اکبرآباد) آگرہ

س: غالب ابتداء میں کیا تخلص کرتے تھے؟

ج: ابتداء میں اُردو اشعار میں اسد تخلص کرتے تھے۔

ملا زمانے نے اسد اللہ خاں تمہیں

وہ ولولے کہاں وہ جوانی کدھر گئی

س: اسد اللہ خاں غالب نے بعد میں کیا تخلص کیا؟

ج: غالب..... حقیقت یہ ہے کہ ابتدائی مشق سخن کے زمانے میں انہوں نے اسد تخلص کیا بعد میں اسد اللہ کی مناسبت سے غالب اختیار کر لیا۔

س: تخلص کیوں تبدیل کیا کوئی دو وجوہات جو آپ کے ذہن میں ہوں بیان کیجئے؟

ج: میر مانی اسد نامی ایک غیر معروف شاعر کا یہ شعر لوگوں نے مرزا سے منسوب کیا تو آپ نے تخلص بدل لیا:

اسد اس جفا پر بتوں سے وفا کی

میرے شیر شاباش رحمت خدا کی

-2 اسد اللہ کی مناسبت سے غالب اختیار کیا۔

س: غالب کا کوئی شعر تحریر کیجئے جس میں انہوں نے ''غالب'' تخلص کیا ہو؟

ج: لئے جاتی ہے کہیں ایک توقع غالب

جادہ راہ کشش کاف کرم ہے ہم کو

س: مرزا غالب کس قوم سے تعلق رکھتے تھے؟

ج: ایبک ترک

س: غالب کا سلسلۂ نسب کیا تھا؟

ج: غالب کا سلسلۂ نسب توران ابن فریدون سے ملتا تھا۔ فریدون ایران کا مشہور شہنشاہ گزرا ہے۔ غالب کو اپنے سلسلۂ نسب پر فخر تھا۔

س: غالب کے آباؤ اجداد کا پیشہ کیا تھا؟

ج: غالب کے آباؤ اجداد کا پیشہ سپاہ گری تھا۔

سو پشت سے ہے پیشہ آباء سپاہ گری

کچھ شاعری ذریعہ عزت نہیں مجھے

س: غالب کے دادا کا کیا نام تھا؟

ج: مرزا قوقان بیگ

س: غالب کے والد کا کیا نام تھا؟

ج: مرزا عبداللہ بیگ خاں عرف مرزا دولہا

س: غالب کے نانا کا کیا نام تھا؟

ج: غالب کے نانا خواجہ غلام حسین کمیدان تھے جو سرکار میرٹھ کے معزز فوجی افسر اور آگرہ کے عمائد میں سے تھے۔

Scanned by CamScanner

س: غالب کے بچپن میں کیا شوق تھے؟
ج: شطرنج اور چوسر کھیلتے تھے، پتنگ اُڑاتے تھے، مجمع احباب کی زینت بنتے تھے۔ گمان یہ ہے کہ اس زمانے میں مرزا شراب نوشی کی طرف راغب ہوئے۔
س: غالب کے اساتذہ میں سے دو کے نام تحریر کیجئے؟
ج: -1 شیخ معظم
-2 عبدالصمد
س: غالب کی اولاد کے بارے میں آپ کی کیا معلومات ہیں؟
ج: غالب کے ہاں سات بچے پیدا ہوئے لیکن کوئی بھی 15 ماہ سے زیادہ نہیں جیا۔ پھر اپنی بیگم کے بھانجے یعنی بنیادی بیگم کے صاحبزادے میر زین العابدین عارف کو بیٹا بنا لیا۔
س: کیا غالب نے قید کی بھی زندگی بسر کی؟
ج: جی ہاں! 1847ء میں غالب پر اسیری کی بلا نازل ہوئی۔ غالب پر قمار بازی کا مقدمہ بنا، چھ ماہ قید کی سزا ہوئی، تین ماہ بعد رہائی ہوئی۔
س: غالب نے اپنی قید کے بارے میں تفتہ کو خط میں کیا لکھا؟
ج: "سرکار انگریز میں بڑا پایہ رکھتا تھا، رئیس زادوں میں گنا جاتا تھا، پورا خلعت پاتا تھا۔ اب بدنام ہو گیا ہوں اور ایک بہت بڑا دھبہ لگ گیا ہے۔"
س: غالب کو خاندان تیمور کی تاریخ نویسی کے لئے کب مامور کیا گیا؟
ج: 1850ء میں
س: غالب نے اپنے غموں کا شکوہ کرنے کے بجائے کیا مطالبہ کیا؟
ج: میری قسمت میں غم گر اتنا تھا
دل بھی یا رب کئی دیئے ہوتے
س: غالب قریب المرگ میں کون سا شعر پڑھا کرتے تھے؟
ج: دم واپسیں برسر راہ ہے
عزیزو اب اللہ ہی اللہ ہے
س: غالب کی وفات کب ہوئی؟
ج: 15 فروری 1869ء کو
س: غالب کے مزار پر سنگ مرمر کی ایک لوح نصب ہے، اس پر کون سا قطعہ درج ہے؟
ج: غالب کے مزار پر درج ذیل قطعہ لکھا ہے:
رشک عرفی و فخر طالب مرد
اسد اللہ خاں غالب مرد

کل میں غم و اندوزہ میں با خاطر محزوں
تھا تربت اُستاد پہ بیٹھا ہوا غمناک
دیکھا جو مجھے فکر میں تاریخ کی مجروح
ہاتف نے کہا "گنج معانی ہے تہ خاک"

س: "پنج آہنگ"، کس کی تصنیف ہے؟
ج: غالب کی
س: "مہر نیمروز" کے خالق کا نام بتائیے؟
ج: مرزا غالب
س: "دستنبو" کے خالق کا نام بتائیے؟
ج: مرزا غالب
س: "مہر نیمروز" اور "دستنبو" کس زبان میں لکھی گئی ہیں؟
ج: فارسی زبان میں
س: غالب کے دو شاہکار جو اُردو زبان میں ہیں، ان کے نام بتائیے؟
ج: -1 دیوان اُردو
-2 اُردوئے معلیٰ
-3 عود ہندی
س: "قاطع برہان" کا دوسرا نام کیا ہے؟
ج: درفش کاویانی
س: "سبد چین" اُردو یا فارسی کلام ہے؟
ج: فارسی
س: قاطع برہان کے اعتراضات کا جواب غالب نے کس عنوان کے تحت دیا؟
ج: تیغ تیز
س: "نکات و رقعات غالب" کیا ہے؟
ج: فارسی زبان کا اصول
س: مثنوی "ابر گہر بار" کے خالق کا نام لکھئے؟
ج: مرزا غالب
س: "قادر نامہ" کس نے لکھا؟
ج: مرزا غالب نے
س: "قادر نامہ" کا تعارف کروائیے؟

Scanned by CamScanner

ج: غالب نے عارف کے دونوں بچوں باقر علی خاں اور حسین علی خاں کی تعلیم کے لئے آٹھ صفحوں کا ایک مختصر رسالہ منظوم کیا۔ اس میں اُردو اور فارسی ہم معنی لغات ہیں، پہلا شعر یہ ہے:

قادر اللہ اور یزداں ہے خدا
ہے نبی مرسل پیغمبر رہنما

س: غالب نے گل رعنا کس کی فرمائش پر لکھی؟
ج: مولوی سراج الدین کی فرمائش پر لکھی۔
س: غالب نے گل رعنا کس زبان میں لکھی؟
ج: گل رعنا فارسی اور اُردو کلام کا ایک مجموعہ ہے۔
س: اُردوئے معلّی ''مجموعہ مکاتیب اُردو'' پہلی بار کب شائع ہوا؟
ج: 6 مارچ 1869ء
س: اُردوئے معلّی دوسری بار کب شائع ہوا؟
ج: 1891ء میں
س: غالب نے اُردوئے معلّی کا حق ملکیت کس کو دیا؟
ج: حکیم غلام رضا خاں کو
س: غالب نے کس کتاب کو ''پنج آہنگ'' کا ترجمہ کہا؟
ج: نکات ورقعات کو
س: نکات ورقعات کب شائع ہوئی؟
ج: فروری 1867ء میں
س: مکاتیب غالب کب شائع ہوئی؟
ج: 1937ء میں
س: مکاتیب غالب میں کتنے خطوط شامل ہیں؟
ج: 130
س: ''نادرات غالب'' کب شائع ہوئی؟
ج: 1949ء میں کراچی سے
س: ''نادرات غالب'' کس نے شائع کی؟
ج: آفاق دہلوی نے
س: ''نسخہ حمیدیہ'' کا مختصر تعارف کروائیں؟
ج: مرزا نے جس اصل دیوان سے انتخاب کر کے اپنا اُردو دیوان تیار کیا تھا، اتفاق سے اس

کا ایک نسخہ میاں فوجدار خاں بہادر (بھوپال) کے کتاب خانے میں محفوظ تھا۔ یہی نسخہ نواب صاحب بھوپال کے نام پر ''نسخہ حمیدیہ'' کے نام سے چھاپ دیا گیا۔ اس میں وہ کلام موجود ہے جو دیوان چھاپتے وقت خارج کر دیا گیا تھا۔

س: ''نسخہ عرشی'' کا تعارف کروائیے؟
ج: نسخہ حمیدیہ کے بعد بھی مرزا کی بعض نایاب غزلیں رسالوں اور اخبارات میں وقتاً فوقتاً چھپتی رہیں جو نسخہ حمیدیہ میں شامل نہیں تھیں۔ آخرکار ریاست رام پور کے کتب خانے سے دیوان غالب کا ایک اور نسخہ ہاتھ آ گیا جس میں نسخہ حمیدیہ کے علاوہ مرزا کا آخر عمر کا کلام بھی تھا۔ یہ نسخہ امتیاز علی عرشی نے ضروری حواشی کے ساتھ ایک ضخیم کتاب کی صورت میں شائع کیا۔
س: ''مثنوی ابر گہر بار'' کا تعارف کروائیے؟
ج: غالب نے شاہنامہ اور سکندر نامہ کی بحر میں غزوات نبوی ﷺ کو نظم کرنے کا ارادہ کیا تھا لیکن وہ صرف تمہیدات و مقدمات ہی شائع کر سکے تھے۔ ابر گہر بار انہی تمہیدوں کا نام ہے۔ اس مثنوی کے نسخے کے ساتھ غالب کے دو قصیدے، تین قطعے دس رباعیات بھی شامل ہیں۔
س: ''سبد چین'' کا تعارف کروائیں؟
ج: سبد چین غالب کے فارسی اشعار کا مجموعہ ہے جو کلیات اور مثنوی ابر گہر بار کی طباعت کے بعد کہے گئے اور نواب ضیاء الدین کے فراہم کئے ہوئے مجموعے میں شامل نہ ہو سکے۔ یہ 1867ء میں مطبع محمدی نے شائع کیا۔
س: ''پنج آہنگ'' کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟
ج: غالب کی کلیات نثر کی پہلی کتاب یہی ہے چونکہ اس کے پانچ حصے تھے اس لئے اس کا نام پنج آہنگ رکھا تھا۔ جنگ آزادی 1857ء سے پیشتر پنج آہنگ دو مرتبہ چھپ چکی تھی۔ غالب کے انتقال سے 16 برس پہلے شائع ہوئی۔
س: ''پنج آہنگ'' کو کتنے حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے؟
ج: پانچ
س: ''پنج آہنگ'' کے پانچ حصوں کے نام تحریر کیجئے؟
ج:
1- آداب والقاب
2- فارسی لغات کی مصطلحات و مصادر
3- دیوان غالب کے منتخب اشعار
4- غالب کی لکھی ہوئی تقریظیں

Scanned by CamScanner

5- فارسی مکاتیب

س: "دستنبو" کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

ج: دستنبو غالب کا شاہکار ہے۔ جب 1857ء کا شور برپا ہوا تو غالب نے گھر کا دروازہ بند کر لیا۔ جو کچھ دیکھتے تھے، وہ لکھ دیتے تھے اور جو کچھ سنتے تھے، وہ بھی ضمیمہ بنائے جاتے تھے۔ اس کتاب میں مئی 1857ء سے لے کر اگست 1858ء تک کے حالات درج ہیں۔ یہ کتاب 1858ء میں شائع ہوئی۔

س: کلیات نثر میں غالب کی کون سی نثری کتابوں کو یکجا کیا گیا؟

ج: 1- پنج آہنگ

2- مہر نیمروز

3- دستنبو

س: قاطع برہان کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

ج: "دستنبو" سے فراغت پانے کے بعد برہان قاطع کو دیکھنا شروع کیا۔ اس میں لغات اور بہت سے قاعدے غلط نظر پڑے۔ اس کتاب کے مصنف مولوی محمد حسین ہیں جو تبریزی مشہور ہیں۔ ان کی ساری عمر دکن میں گزری، غالب نے اس پر اعتراضات کئے اور اس کی تنقیط کی اس کا نام "قاطع برہان" رکھا۔ یہ کتاب 1860ء میں مکمل ہوئی مگر 1862ء میں شائع ہوئی۔

س: غالب نے "قاطع برہان" کی داد دینے کے لئے کون سے اوصاف گنوائے؟

ج: 1- وہ عالم ہو۔

2- فن لغت جانتا ہو۔

3- فارسی زبان کا علم کافی رکھتا ہو۔

4- اساتذہ سلف کا کلام دیکھ چکا ہو۔

5- منصف مزاج ہو، ہٹ دھرم نہ ہو۔

6- طبع سلیم اور ذوق مستقیم رکھتا ہو۔

س: "قاطع برہان" کی مخالفت میں کون سی کتب لکھی گئیں؟

ج: 1- ساطع برہان......مرزا عبدالرحیم

2- قاطع برہان......مولوی امین الدین پٹیالوی

3- محرق قاطع......سعادت علی

4- موید برہان......مولوی آغا احمد علی

5- شمشیر تمر تیز......عبدالصمد سلہٹی

س: "قاطع برہان" کے حوالہ سے غالب کے حق میں کون سی کتابیں شائع ہوئیں؟

ج: 1- لطائف غیبی......میاں داد خاں سیاح

2- دافع ہذیان......مولوی نجف علی

3- سوالات عبدالکریم......عبدالکریم

4- نامہ غالب......رسالہ

5- تیغ تیز......غالب

س: "دعائے مصباح" کا تعارف کروائیں؟

ج: مرزا نے یہ مثنوی اپنے بھانجے مرزا عباس بیگ کی فرمائش پر لکھی۔ دراصل یہ منظوم ترجمہ ہے، اصل عربی "دعا الصباح" کا جو حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے منسوب ہے، اس میں صرف 26 صفحے ہیں۔

س: "آثر غالب" کا تعارف کروائیں؟

ج: آثر غالب میں مرزا کے 32 فارسی خطوط اور کچھ مطبوعہ اُردو اور فارسی تحریریں شامل ہیں۔ یہ حکیم حبیب الرحمٰن رئیس ڈھاکہ کے پاس تھے۔ یہ مجموعہ 68 صفحوں پر مشتمل ہے۔

س: شیخ محمد اکرام نے غالب کی شاعری کو کتنے ادوار میں تقسیم کیا ہے؟

ج: پانچ ادوار میں

پہلا دور......1797ء — تا — 1821ء

دوسرا دور......1821ء — تا — 1827ء

تیسرا دور......1827ء — تا — 1847ء

چوتھا دور......1847ء — تا — 1857ء

پانچواں دور......1857ء — تا — 1869ء

س: غالب کو کرنل براؤن کے سامنے پیش کیا گیا، کرنل نے پوچھا کیا تم مسلمان ہو؟ مرزا نے جواب دیا: حضور! آدھا مسلمان ہوں۔ ایسا غالب نے کیونکر کہا؟

ج: کیونکہ غالب کو اپنی کمزوریوں کا علم تھا اس لئے کہا کہ جناب شراب پیتا ہوں مگر سور نہیں کھاتا۔

س: "تفسیر غالب" کے مصنف کا نام کیا ہے؟

ج: ڈاکٹر گیان چند

س: "تعبیر غالب" کے مصنف کا نام کیا ہے؟

ج: ڈاکٹر سید نیئر مسعود رضوی

Scanned by CamScanner

س: ''افکارِ غالب'' کے مصنف کا نام بتائیے؟
ج: ڈاکٹر خلیفہ عبدالحکیم
س: ''شرح غزلیاتِ غالب'' مصنف کا نام بتائیے؟
ج: صوفی غلام مصطفیٰ تبسم
س: ''غالب کی آپ بیتی'' کے مصنف کا نام کیا ہے؟
ج: نثار احمد فاروقی
س: ''ذکرِ غالب'' کے مصنف کا نام بتائیے؟
ج: مالک رام
س: ''غالب'' لاہور سے 1970ء میں شائع ہوئی' مصنف کا نام بتائیے؟
ج: پیرجی شریف احمد عثمانی
س: ''غالب کا فن'' کب اور کہاں سے شائع ہوئی؟
ج: 1970ء میں علی گڑھ سے شائع ہوئی۔
س: ''غالب کا فن'' کے مصنف کا نام بتائیے؟
ج: اسلوب احمد انصاری
س: ڈاکٹر سید عارف نے غالب کے بارے میں کون سی کتاب لکھی؟
ج: شہنشاہِ سخن غالب کے
س: ''غالب ..... شخص اور شاعر'' کے مصنف کا نام بتائیے؟
ج: مجنوں گورکھپوری
س: ''حکیم فرزانہ'' کے مصنف کا نام بتائیے؟
ج: ڈاکٹر شیخ محمد اکرام
س: ''خطوطِ غالب فنی تجزیہ'' کے مصنف کا نام بتائیے؟
ج: حامد مسعود
س: ''غالب شاعرِ امروز و فردا'' کے مصنف کا نام کیا ہے؟
ج: ڈاکٹر فرمان فتح پوری
س: ''نذرِ غالب'' کے مصنف کا نام بتائیے؟
ج: ڈاکٹر وحید قریشی
س: "The Poet & His Image" کے مصنف کا نام کیا ہے؟
ج: الف رسل کیمبرج
س: ''غالب اور بنگال'' کے مصنف کا نام بتائیے؟
ج: ڈاکٹر شانتی رنجن بھٹاچاریہ
س: ''تحقیقِ غالب'' کراچی سے 1981ء میں شائع ہوئی' مصنف کا نام بتائیے؟
ج: ڈاکٹر سید معین الرحمٰن
س: میر تقی میر کب پیدا ہوئے؟
ج: 1724ء میں
س: میر تقی میر کا تعلق کس خاندان سے تھا؟
ج: میر سادات کے خاندان سے تعلق رکھتے تھے۔
س: میر تقی میر کے سوتیلے بھائی کا کیا نام تھا؟
ج: محمد حسن
س: اکبر آباد سے نکل کر میر تقی میر کہاں گئے؟
ج: دہلی
س: میر تقی میر دہلی میں کس کے پاس ٹھہرے؟
ج: محمد حسن کے خالو سراج الدین علی خان آرزو کے ہاں۔
س: دہلی سے میر تقی میر نکل کر کہاں گئے؟
ج: نواب آصف الدولہ کی دعوت پر وہ لکھنؤ پہنچ گئے۔
س: میر تقی میر کی زندگی غم سے بھری ہے مگر آخری تین سال ان پر بہت بھاری ہوئے کیسے؟
ج: زندگی کے آخری تین سالوں میں پہلے سال ان کی جوان بیٹی فوت ہوگئی' دوسرے سال جوان لڑکا اور تیسرے یعنی آخری سال ان کی رفیقہ حیات بھی فوت ہوگئیں۔
س: میر تقی میر کب فوت ہوئے؟
ج: 1225ھ کو
س: ''ذکرِ میر'' کا تعارف کروائیں؟
ج: میر نے اپنی آپ بیتی ''ذکرِ میر'' میں اپنے عہد کے تاریخی' سیاسی' معاشرتی اور سماجی و تہذیبی حالات کا ذکر کیا ہے۔ میر کی زندگی جن دو بڑے دائروں میں گردش کرتی رہی' وہ میر کی ذات اور ماحول سے عبارت ہیں۔ خارجی دباؤ اس قدر شدید تھا کہ داخلی شخصیت کے ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا یقینی تھا۔ سلطنت مغلیہ کے زوال کی عکاسی کی گئی ہے۔
س: بابائے اُردو ڈاکٹر مولوی عبدالحق نے ''ذکرِ میر'' کو کب مرتب کیا؟
ج: 1928ء میں
س: ''میر...... حیات اور شاعری'' کے مصنف کا نام بتائیے؟

Scanned by CamScanner

ج: پروفیسر خواجہ احمد فاروقی

س: ''نقد میر'' کے خالق کا نام بتایئے؟

ج: ڈاکٹر سید عبداللہ

س: غالب نے میر کو خراج تحسین، کن الفاظ میں پیش کیا؟

ج: ریختے کے تمہی استاد نہیں ہو غالب
کہتے ہیں اگلے زمانے میں کوئی میر بھی تھا

س: ذوق نے میر تقی میر کے بارے میں کیا کہا؟

ج: نہ ہوا پر نہ ہوا میر کا انداز نصیب
ذوق یاروں نے بہت زور غزل میں مارا

س: حالی نے میر تقی میر کے بارے میں کیا کہا؟

ج: حالی سخن میں شیفتہ سے مستفیض ہے
شاگرد مرزا کا مقلد ہوں میر کا

س: آتش نے میر کے بارے میں کیا کہا؟

ج: آتش بقول حضرات سودا شفیق من
ہوتا ہے تجھ کو میر سے اُستاد کی طرف

س: رسوا نے میر کے بارے میں کیا کہا؟

ج: میر کا نام تو روشن ہے جہاں میں رسوا
اک چراغ سر راہ جلاتے جاؤ

س: رند نے میر تقی میر کے بارے میں کیا کہا؟

ج: تیرا کلام کتنا مشابہ ہے میر سے
عاشق ہیں رند ہم تو اس بول چال کے

س: یہ شعر کس کا ہے:

مجھے قیدی ہو ہم آواز جب صیاد آ ٹوٹا
یہ ویراں آشیانے دیکھنے کو ایک میں چھوٹا

ج: میر تقی میر کا

س: میر تقی میر کے ہاں لالہ کاری سے کیا مراد ہے؟

ج: لالہ کاری سے مراد لہو اور خون کا ذکر ہے۔

س: میر تقی میر کا تصور غم کیسا ہے؟

ج: میر تقی میر کا تصوف غم تخیلی اور فکری ہے۔

س: شخصیت کی پہچان کریں:

-1 سادگی، خلوص اور صداقت
-2 عام لہجہ اور بول چال کا انداز
-3 پُرلطف پیرائیہ ادا
-4 خطابیہ انداز
-5 موسیقی اور غنائیت
-6 تکرارِ الفاظ اور موسیقی

ج: میر تقی میر

س: سرتاج شعرائے اُردو کسے کہا جاتا ہے؟

ج: میر تقی میر کو

س: میر تقی میر کے والد کی وفات کے بعد میر کی سرپرستی کس نے کی؟

ج: عزیز مرید امان اللہ نے

س: میر تقی میر کی وفات کس سن میں ہوئی؟

ج: 1810ء میں

س: میر تقی میر کا انتقال کہاں ہوا؟

ج: لکھنؤ میں

س: دہلی کی تباہی و بربادی پر میر تقی میر کا کوئی سا ایک شعر تحریر کیجئے؟

ج: درج ذیل اشعار ان حالات کو ظاہر کرتے ہیں:

ملا ہے خاک میں کس کس طرح کا عالم یاں
نکل کے شہر سے ٹک سیر کر مزاروں کی

تری گلی سے سدا اے کشیدہ عالم
ہزاروں آتی ہوئی چارپائیاں دیکھیں

س: مایوسی و جبر پر میر تقی میر کا کوئی سا ایک شعر تحریر کیجئے؟

ج: یاں کے سفید و سیاہ میں ہم کو دخل جو ہے سو اتنا ہے
رات کو رو رو صبح کیا اور دن کو جوں توں شام کیا

س: عوام کی دکھی زندگی کے بارے میں میر کا کوئی سا ایک شعر تحریر کیجئے؟

ج: سو کل ملا مجھے وہ بیاباں کی سمت کو
جاتا تھا اضطراب زدہ سا ادھر کہیں

س: ''یادگار غالبؔ'' کا تعارف دوسطروں میں کرائیں؟

ج: ''یادگار غالبؔ'' الطاف حسین حالی کا شاہکار ہے۔ یہ عملی تنقید کے میدان میں لکھی گئی ہے۔ مقدمے میں انہوں نے شعر کے متعلق اصولی بحثوں کو چھیڑا ہے۔ حالی نے غالب پر عملی تنقید کر کے اپنی بصیرت کا لوہا منوایا ہے۔ غالب کے اشعار میں انہوں نے ایسے ایسے نکات پیدا کئے ہیں کہ انہیں داد دینا پڑتی ہے۔

س: میر تقی میرؔ کا فلسفہ آخرت کے بارے میں کوئی سا شعر تحریر کیجئے؟

ج: لذت سے نہیں خالی جانوں کا کھپا جانا
کب خضر و مسیحا نے مرنے کا مزا جانا

س: میر تقی میرؔ کا کوئی سا صوفیانہ عناصر کا حامل شعر تحریر کیجئے؟

ج: جلوہ ہے اسی کا سب گلشن میں زمانے کے
گل پھول کو ہے ان نے پردہ سا بنا رکھا

س: میر تقی میرؔ کے خطابیہ انداز کا کوئی سا شعر تحریر کیجئے؟

ج: کہتا ہے میر کے بے اختیار رو
ایسا تو رو کہ رونے پہ تیرے ہنسی نہ ہو

س: میر تقی میرؔ کی مثنوی ''شعلۂ عشق'' کا دوسطروں میں تعارف کروائیں؟

ج: میر تقی میر کی عشقیہ مثنویوں میں ''شعلہ عشق'' کا بڑا درجہ ہے۔ یہ پرس رام کی بیوی کی سادہ اور دردناک کہانی ہے۔ سارے قصہ پر یاس والم چھایا ہوا ہے۔

کب اس عشق نے تازہ کاری نہ کی
کہاں خوں سے غازہ کارعا نہ کی

س: میر تقی میرؔ کی مثنوی ''دریائے عشق'' کا دوسطروں میں تعارف کروائیں؟

ج: میر تقی میر کی مثنوی ''دریائے عشق'' کو جو مقبولیت حاصل ہے اس میں آج تک کمی نہیں آئی۔ یہ گلشن ہند میں لکھا ہے۔ اس مثنوی کا قصہ بھی ساد ہے۔ ایک جوان رعنا ایک مہ پارہ پر عاشق ہو گیا۔

ایک جا ایک نوجوان رعنا تھا
لالہ رخسار و سرو بالا تھا

س: میر تقی میرؔ کی پانچ مثنویوں کے نام لکھئے؟

ج:
1- مثنوی در بیان ہولی
2- مثنوی خواب و خیال
3- مثنوی معاملات عشق

4- مثنوی شکار نامہ
5- مثنوی ساقی نامہ
6- مثنوی سنگ نامہ
7- مثنوی در مذمت دنیا

س: سیاسی و سماجی شعور کے حوالہ سے میر تقی میرؔ کا کوئی سا شعر تحریر کیجئے؟

ج: شام ہی سے بجھا سا رہتا ہے
دل ہوا ہے چراغ مفلس کا

س: دہلی کی تباہی و بربادی پر میر تقی میرؔ کا کوئی سا ایک شعر تحریر کیجئے؟

ج: دلّی میں آج بھیک بھی ملتی نہیں انہیں
تھا کل تلک جنہیں دماغ تاج و تخت کا
تھا ملک جن کے زیرنگیں صاف مٹ گئے
تم اس خیال میں ہو کہ نام و نشان رہے

س: معاشی حالت کے حوالہ سے میرؔ کا کوئی سا شعر تحریر کیجئے؟

ج: خاک بھی سر پر ڈالنے کو نہیں
کس خرابے میں ہم ہوئے آباد

س: غالبؔ کا کوئی سا شعر جو ''تصور رشک'' کے حوالے سے ہو تحریر کیجئے؟

ج: زندگی اپنی جب اس شکل سے گزری غالبؔ
ہم بھی کیا یاد کریں گے کہ خدا رکھتے تھے

س: غالبؔ کی مشکل پسندی کے حوالہ سے کوئی شعر تحریر کیجئے؟

ج: شمار سبحہ مرغوب بت مشکل پسند آیا
تماشائے بیک کف بردن صد دل پسند آیا

س: غالبؔ کا استفہامیہ لہجہ ان کی نمایاں خوبی تھی' مثال میں کوئی شعر تحریر کیجئے؟

ج: دل ناداں تجھے ہوا کیا ہے
آخر اس درد کی دوا کیا ہے

س: طنز و ظرافت کے حوالہ سے غالبؔ کا کوئی شعر تحریر کیجئے؟

ج: ہم نے مانا کہ کچھ نہیں غالبؔ
مفت ہاتھ آئے تو بُرا کیا ہے

س: میرؔ کا کلام غمگین ہونے کے باوجود ہم پڑھنا چاہتے ہیں۔ کیوں؟

ج: میر کے غم میں قدرے نشاطیہ کیفیت موجود ہے اور یہ بھی درست ہے کہ ان کے غم انگیز

Scanned by CamScanner

اشعار کو پڑھ کر طبیعت کند نہیں ہوتی۔ ان کا غم پُر لطف معلوم ہوتا ہے' ان کے غم میں شریک ہونے کو جی چاہتا ہے۔

س: "یادگار غالب" کا تعارف دو سطروں میں کرائیں۔

ج: "یادگار غالب" حالی کا شاہکار ہے۔ یہ عملی تنقید کے میدان میں لکھی گئی۔ حالی نے غالب پر عملی تنقید کر کے اپنی بصیرت کا لوہا منوایا۔ غالب کے اشعار میں بہترین نکات پیدا کیے۔

س: میر کی مثنوی "خواب و خیال" کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں۔

ج: اس مثنوی میں میر کی دیوانگی کا منظوم مرقع ہے۔ میر کے چچا فاتر العقل تھے' میر میں بھی ایک وارفتگی کی شان شروع سے موجود تھی لیکن خان آرزو کے یہاں قیام کے زمانہ میں میر کو کچھ ایسے صدمے پہنچے کہ آتش جنوں بھڑک اُٹھی۔

س: غالب کا طنز و مزاح کا حامل کوئی سا ایک شعر تحریر کیجئے اور ایک سطر میں اس کا مطلب بھی بیان کریں۔

ج:
ہم نے مانا کہ کچھ نہیں غالب
مفت ہاتھ آئے تو بُرا کیا ہے

یہ مانا کہ غالب کی کوئی حیثیت نہیں ہے لیکن اگر وہ یونہی چلا آئے تو کیا بُرا ہے (یعنی محبوب خود ہی آ جائے)۔

س: میر کے تذکرے "نکات الشعراء" کا دو سطروں میں تعارف کروائیں۔

ج: یہ تذکرہ تقریباً 1752ء میں لکھا گیا۔ شعرائے اُردو کا سب سے پہلا تذکرہ ہے اور واقعی نہایت دلچسپ اور مفید ہے۔ جن شعراء کا ذکر ہے' ان کا کلام بھی بطور نمونہ کے دیا گیا ہے۔

س: غالب کی ابتدائی شاعری پر سننے والوں کا اعتراض کیا تھا؟

ج:
i- غالب کا کوئی اُستاد نہیں ہے۔
ii- بیدل کا رنگ نمایاں ہے۔
iii- ضرورت سے زیادہ فارسی کے استعمال سے مشکل پسندی کا سامنا وغیرہ۔

س: غالب کے نوابانِ لوہارو سے تعلقات کو انتہائی اختصار کے ساتھ بیان کریں۔

ج: غالب کے نوابان لوہارو سے بہت اچھے تعلقات رہے' مرتے دم تک وہاں رہے اور ان کی تدفین بھی بستی نظام الدین' خاندان لوہارو کی ہڑواڑ میں ہوئی۔

س: دہلی کی تباہی و بربادی پر میر تقی میر کا کوئی سا ایک شعر تحریر کیجئے اور ایک سطر میں اسکا مطلب بھی بیان کریں۔

ج:
دلّی میں آج بھیک بھی ملتی نہیں انہیں
تھا کل تلک دماغ جنہیں تاج و تخت کا

دہلی شہر کی یہ حالت ہے کہ کل کے بادشاہوں کو بھیک بھی نہیں ملتی۔ اس قدر دلّی کی بربادی ہو گئی ہے۔

س: بچپن میں والدین کا سایہ سر سے اُٹھ جانے کے بعد میر تقی میر کو جن حالات کا سامنا کرنا پڑا انہیں انتہائی اختصار کے ساتھ بیان کیجئے۔

ج: بڑے بھائی محمد حسن نے میر سے بڑی بے مروتی کی اور باپ کے کل ترکہ پر قبضہ کر لیا۔ تلاش معاش میں مصروف ہوئے مگر ناکام' ناچار وطن کو خیرباد کہہ کر دہلی گئے۔ صمصام الدولہ کے ہاں ملازم ہو گئے مگر نواب بھی جنگ میں مارے گئے اور ملازمت بھی گئی۔

س: غالب کے لال قلعہ دہلی سے تعلقات کو دو سطروں میں بیان کیجئے۔

ج: غالب کے لال قلعہ دہلی سے تعلقات بہت اچھے رہے۔ وہاں سے خطابات کے علاوہ 50 روپے ماہوار مقرر ہوئے۔ "مہر نیمروز" ان کے لال قلعہ کے بہتر تعلقات کا ثبوت ہے۔

س: کلام میر میں وہ کون سی خصوصیات ہیں جو انہیں داستان دہلی کا نمائندہ شاعر بناتی ہیں' صرف عنوانات تحریر کریں۔

ج:
i- سادگی
ii- داخلیت
iii- عشق مجازی سے زیادہ حقیقی عشق
iv- درد و غم

س: شعر کا مطلب دو سطروں میں تحریر کریں:

آرائش جمال سے فارغ نہیں ہنوز .... پیش نظر ہے آئینہ دائم نقاب میں

ج: غالب کا کہنا ہے کہ اس کا محبوب خود کو سجائے رکھنے میں اس قدر مصروف رہتا ہے کہ اس کو کسی اور کام کے لئے فراغت ہی نہیں۔ وہ تو ہر وقت نقاب میں بھی آئینہ دیکھتا رہتا ہے۔

س: میر کی صوفیانہ شاعری پر اپنے خیالات دو سطروں میں بیان کریں۔

ج: میر کا مزاج صوفیانہ ہے اور اسی لئے حیات و کائنات کے مختلف پہلوؤں کے بارے میں ایک صوفی کا جو نقطۂ نظر ہونا چاہئے وہ میر کا بھی ہے جیسے وحدت الوجود کے حامی' فلسفہ حیات و آخرت' خلوص سچائی میر کے کلام کا حصہ ہے۔

Scanned by CamScanner

س: شعر کا مطلب دو سطروں میں تحریر کریں:

اپنی تو جہاں آنکھ لڑی پھر وہیں دیکھو
آئینے کو لپکا ہے پریشان نظری کا

ج: میر تقی میر فرماتے ہیں کہ اپنی تو جہاں آنکھ لڑ گئی' بس لڑ گئی۔ ہم تو اسی کے ہو کے رہ گئے۔ ہم آئینے کی طرح نہیں کہ جس نے دیکھا وہی اس میں نظر آیا۔ اس کی حالت تو پریشان نظری کی سی ہے۔

س: دربار مغلیہ سے وابستگی کے بعد غالب نے شاعرانہ انداز میں کیا تبدیلی کی؟

ج: درباری دور میں مرزا کے انداز بیان میں پختگی پیدا ہو گئی۔ طنز' شوخی اور ظرافت کا رنگ نمایاں ہو گیا تھا اور اردو زبان میں کئی مدحیہ قصائد لکھے جس کی وجہ سے درباری زبان غالب آ گئی۔ یہ دور 1844ء تا 1857ء کا تھا۔

س: شعر کا مطلب دو سطروں میں بیان کریں:

جذبہ بے اختیار شوق دیکھا چاہیے
سینۂ شمشیر سے باہر ہے دم شمشیر کا

ج: غالب فرماتے ہیں کہ میرے عشق میں شوق قتل کا جذبہ جو اختیار سے باہر ہے' دیکھنے کے لائق ہے۔ محبوب کی تلوار مجھے قتل کرنے کے لئے اس قدر بے تاب ہے کہ اس کی تیز دھار تلوار نیام سے باہر آ گئی ہے۔

س: غالب کے ابتدائی کلام پر اپنی رائے مختصراً پیش کریں۔

ج: ابتدائی کلام کے اکثر اشعار نہ صرف بعید از فہم ہیں بلکہ خود بقول غالب ان کے مضامین خیالی تھے۔ اس دور ارتقاء کے کئی اشعار ایسے ہیں جن میں بیدل کا رنگ نمایاں ہے۔ دوسرا یہ کہ فارسی کا استعمال زیادہ ہے۔

س: میر تقی میر کے کوئی سے ایسے دو اشعار تحریر کریں جو اپنے عہد کے عکاس ہوں۔

ج: i- ملا ہے خاک میں کس کس طرح کا عالم یاں
نکل کے شہر سے تک سیر کر مزاروں کا

ii- تری گلی سے سدا اے کشدہ عالم
ہزاروں آتی ہوئی چار پائیاں دیکھیں

س: درج ذیل شعر کا مطلب دو سطروں میں تحریر کریں:

تیرے فراق میں جیسے خیال مفلس کا
گئی ہے فکر پریشان کہاں کہاں میری

ج: میر تقی میر کا کہنا ہے کہ اے میرے محبوب! میں تیرے فراق میں سخت پریشان رہا ہوں'

میری پریشانیاں تو غریب آدمی کے خیالات کی مانند ہیں جو ہر ہنگام یہی سوچتا ہے کہ خوش حالی کس طرح ممکن ہے۔ میں پوری کائنات میں بھٹکتا رہا ہوں۔

س: کلام غالب سے کوئی مقطع تحریر کریں۔

ج: میں ہوں اور افسردگی کی آرزو غالب کہ دل
دیکھ کر طرز تپاک اہل دنیا جل گیا

س: اٹھارہویں صدی عیسوی کے سیاسی و سماجی حالات کے پس منظر میں میر کے کوئی سے دو شعر تحریر کیجئے۔

ج: i- دل کی ویرانی کا کیا مذکور ہے............ یہ نگر سو مرتبہ لوٹا گیا

ii- اُگتے تھے دست بلبل و دامان گل بہم............ صحن چمن نمونہ یوم الحساب تھا

س: میر کے والد کا تعارف دو سطروں میں کرائیے۔

ج: میر کے والد میر کے دادا کے چھوٹے بیٹے تھے۔ درویشی اختیار کی اور ترک دنیا کر کے بیٹھ رہے۔ شاہ کلیم اللہ اکبر آبادی سے علم ظاہری و معنوی کا استفادہ کیا اس لئے علی متقی کے عرف سے مشہور ہوئے۔

س: شعر کا مطلب اختصار کے ساتھ بیان کیجئے:

شمع بجھتی ہے تو اس میں سے دھواں اُٹھتا ہے
شعلہ عشق سیہ پوش ہوا میرا بعد

ج: جب شمع بجھتی ہے تو اس میں سے دھواں نکلتا ہے۔ غالب کہتا ہے کہ وہ دھواں دراصل عشق کا شعلہ ہے جس نے غالب کے جانے کے بعد ماتمی لباس پہن لیا ہے۔

س: میر کی شاعرانہ مصوری پر اپنے خیالات کو دو سطروں میں تحریر کیجئے۔

ج: میر نے شاعرانہ مصوری بڑی عمدگی سے کی ہے جس میں نفاست اور لطافت ہے' صفائی ہے مثلاً 'ساری مستی شراب کی سی ہے'

س: غالب کے انداز استفہامیہ کے حامل کوئی سے دو شعر تحریر کیجئے۔

ج: i- دل ناداں تجھے ہوا کیا ہے............ آخر اس درد کی دواء کیا ہے

ii- ہم کہاں قسمت آزمانے جائیں............ تو ہی جب خنجر آزما نہ ہوا

س: شعر کا مطلب اختصار کے ساتھ بیان کیجئے:

اب پست و بلند ایک ہے جوں نقش قدم یاں
پامال ہوا خوب تو ہموار ہوا میں

ج: میر تقی میر فرماتے ہیں کہ انسان جب تک زندہ ہے خوب اتراتا پھرتا ہے' جب مر جاتا

Scanned by CamScanner

ہے تو اس مٹی میں چلا جاتا ہے جو وقت گزرنے کے ساتھ اور لوگوں کے پاؤں کے ذریعے پامالی کا شکار ہو کر ہموار ہو جاتی ہے۔ یہاں سب ایک سطح میں آ جاتے ہیں۔

س: میر کی مثنوی ''خواب و خیال'' کا تعارف دو سطروں میں کرائیے۔

ج: یہ مثنوی میر کی دیوانگی کا منظوم مرقع ہے۔ آتش جنون، زندانی و زنجیری کے بارے میں میر نے اس مثنوی میں دل کھول کر بیان کر دیا۔

س: شعر کا مطلب اختصار کے ساتھ بیان کیجئے:

لایا ہے میرا شوق مجھے پردے سے باہر
میں ورنہ وہی خلوتی راز نہاں ہوں

ج: میر تقی میر فرماتے ہیں کہ وہ ایک تنہائی پسند تھا جس کے دل میں لاتعداد راز پوشیدہ تھے لیکن عشق نے اسے تنہا نہیں رہنے دیا اس لئے ان رازوں کو لوگوں کی رہنمائی کے لئے اور ان کو آشکار کرنے کے لئے اب پردے سے باہر آ گیا ہوں۔

س: غالب کے دربار مغلیہ سے تعلقات پر مختصراً روشنی ڈالئے۔

ج: غالب کے دربار مغلیہ سے تعلقات بہت اچھے تھے۔ بادشاہ کے بارے میں قصائد لکھے۔

س: شعر کا مطلب دو سطروں میں واضح کیجئے:

ہیں آج کیوں ذلیل، کہ کل تک نہ تھی پسند
گستاخی فرشتہ ہماری جناب میں

ج: غالب کا کہنا ہے کہ اتنی عظمت والے انسان کو آج کیا ہوا، یہ اس دنیا میں اس قدر ذلیل کیوں ہو گیا ہے۔ یہ تو اتنی بڑی ذات ہے کہ اس کو فرشتوں کی گستاخی بھی پسند نہ تھی۔ (ابلیس کا حضرت آدم علیہ السلام کو سجدہ کرنے کے انکار پر اُسے مردود قرار دے دیا گیا تھا۔)

س: کلام میر کی چار نمایاں خصوصیات کے صرف عنوانات تحریر کیجئے۔

ج:
- i- الم
- ii- تصور حسن و عشق
- iii- فکری و صوفیانہ عناصر
- iv- میر کا لسانی شعور

س: شعر کا مطلب دو سطروں میں تحریر کیجئے:

زنداں میں بھی شورش نہ گئی اپنے جنوں کی
اب سنگ مداوا ہے اس آشفتہ سری کا

ج: اپنے محبوب کے عشق میں اس قدر ہوش باختہ ہو گئے کہ لوگوں نے پکڑ کر ہمیں قیدخانے میں ڈال دیا مگر جیل میں بھی ہمارے عشق کا ہنگامہ برپا رہا۔ یہ ہنگامہ سر میں پتھروں کی چوٹ سے ہی ماند پڑ سکتا ہے۔

س: غالب نے اپنی ابتدائی شاعری میں مرزا عبدالقادر بیدل کی شاعری کی کون کون سی خصوصیات اپنائیں؟

ج:
- i- مشکل پسندی
- ii- نئی بحروں میں غزلیں لکھنا
- iii- فارسی تراکیب کا استعمال

س: شامل نصاب غزلوں میں سے غالب کے کوئی سے دو ایسے شعر تحریر کیجئے جن میں ان کا تصور رشک پایا جاتا ہو۔

ج:
- i- یہ مسائل تصوف یہ ترا بیان غالب
  تجھے ہم ولی سمجھتے جو نہ بادہ خوار ہوتا
- ii- تسکین کو ہم نہ روئیں جو ذوق نظر ملے
  حوران خلد میں تری صورت مگر ملے

س: شعر کا مطلب دو سطروں میں تحریر کیجئے:

کوئی میرے دل سے پوچھے تیرے تیر نم کش کو
یہ خلش کہاں سے ہوتی جو جگر کے پار ہوتا

ج: یہ غالب کی شامل نصاب دوسری غزل کا چوتھا شعر ہے۔ مرزا صاحب کہتے ہیں کہ میرے معشوق نے مجھ پر تیر پوری قوت سے نہیں چلایا تاکہ میرا کام کہیں تمام نہ ہو جائے۔ تیر جگر میں پیوست ہو کر ایک مستقل خلش کا باعث بن گیا ہے۔

س: میر تقی میر کی شاعری میں استعمال ہونے والے ایسے چار الفاظ تحریر کیجئے جو آج متروک ہیں۔

ج:
- i- ولے
- ii- شتاب
- iii- کشندۂ عالم
- iv- دل خرابہ
- v- قاقم و سنجاب وغیرہ وغیرہ

س: شعر کا مطلب واضح کیجئے:

برنگ صوت جرس تجھ سے دور ہوں تنہا
خبر نہیں ہے تجھے آہ کارواں میری

ج: یہ نصاب میں شامل میر تقی میر کی تیسری غزل کا دوسرا شعر ہے۔ اہل کارواں سے

Scanned by CamScanner

مخاطب ہو کر کہتا ہے کہ میں کارواں کی گھنٹی کی مانند آواز بہت دور ہوں۔ مجھے تنہا چھوڑ نہ جاؤ، تمہیں میری خبر کیوں نہیں ہے؟

س: غالب شناسی پر کام کرنے والوں میں سے کسی ایک کا تعارف دو سطروں میں کیجئے۔

ج: ڈاکٹر خلیفہ عبدالحکیم نے ''افکار غالب'' کے عنوان سے 1973ء میں تصنیف کی۔ علامہ اقبال پر بھی کتابیں اور مقالہ جات لکھ چکے ہیں۔

س: نئے شعراء میں رنگ میر اختیار کرنے والے کسی ایک شاعر کا نام تحریر کریں اور رنگ میر میں سے اس کا کوئی سا شعر بھی قلمبند کیجئے۔

ج: ناصر کاظمی:

چہکتے بولتے شہروں کو کیا ہوا ناصر
کہ دن میں بھی میرے گھر میں وہی اُداسی ہے

س: شعر کا مطلب دو سطروں میں واضح کیجئے:

تجھ سے تو کچھ کلام نہیں لیکن اے ندیم
میرا سلام کہیو اگر نامہ بر ملے

ج: یہ غالب کی شامل نصاب پانچویں غزل کا چوتھا شعر ہے۔ غالب نے اپنے نامہ بر یعنی قاصد کو رقعہ دے کر اپنے معشوق کے پاس بھیجا تھا مگر وہ نامہ بر پھر کبھی نظر نہ آیا۔ غالب یہ سمجھ رہا ہے کہ وہ قاصد بھی میرے محبوب پر عاشق ہو گیا ہے۔ اسی لئے مرزا صاحب کہتے ہیں کہ اگر کسی کو میرا قاصد ملے تو اسے میرا سلام کہنا۔

س: یادگار غالب کا مختصراً تعارف کرائیے۔

ج: یہ مرزا غالب کی سوانح عمری ہے جو حالی نے لکھی ہے اور مایہ ناز شاگرد ہونے کا ثبوت پیش کیا ہے۔

س: میر کی شاعری میں ''باتوں'' کا سا انداز پایا جاتا ہے ثبوت کے طور پر میر کے دو شعر تحریر کیجئے۔

ج: i- دکھائی دیئے یوں کہ بے خود کیا — ہمیں آپ سے بھی جدا کر چلے
جبیں سجدہ کرتے ہی کرتے گئی — حق بندگی ہم ادا کر چلے

ii- نازکی اُس کے لب کی کیا کہئے
پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے

س: غالب کے کوئی سے ایسے دو اشعار تحریر کیجئے جن میں تصوف کے مضامین باندھے گئے ہوں۔

ج: i- یہ مسائل تصوف یہ تیرا بیان غالب

تجھے ہم ولی سمجھتے جو نہ بادہ خوار ہوتا

ii- ایمان مجھے روکے ہے جو کھینچے ہے مجھے کفر
کعبہ میرے پیچھے ہے کلیسا مرے آگے

س: میر تقی میر کی مثنویوں اور غزلوں میں سے آپ کس کو بہتر پاتے ہیں اور کیوں؟

ج: میر غزل کے بادشاہ ہیں۔ اُن کی سب سے پہلی ترجیح غزل ہی ہے۔

س: میر تقی میر کے کوئی سے ایسے دو شعر تحریر کیجئے جو رنگ تصوف کے حامل ہوں۔

ج: i- جس سر کو غرور آج ہے یاں تاج وری کا
کل اس پہ یہیں شور ہے پھر نوحہ گری کا

ii- تھا شوق مجھے طالب دیدار ہوا میں
سو آئینہ سا صورت دیوار ہوا میں

س: میر امان اللہ کا میر کے خاندان سے تعلق کے حوالے سے مختصر تعارف کرائیے۔

ج: میر امان اللہ میر کے والد محترم محمد علی متقی کے مرید تھے اور آپ کے منہ بولے چچا تھے۔ والد کی وفات کے بعد انہوں نے آپ کو سہارا دیا۔

س: میر تقی میر کی تاریخ پیدائش کیا ہے؟ نیز میر کے والد کا نام بھی تحریر کیجئے۔

ج: i- 1724ء
ii- میر علی متقی

س: میر کی دو مثنویوں کے نام لکھیں۔

ج: i- خواب و خیال
ii- جوش عشق

س: میر کے دواوین کی تعداد کتنی ہے نیز میر کے تذکرے کا نام تحریر کیجئے۔

ج: اُردو کا پہلا تذکرہ ''نکات الشعراء''

س: ''اردو شاعری پر ایک نظر'' اور ''غالب اور آہنگ غالب'' کے مصنفین کے نام لکھیں۔

ج: i- اُردو شاعری پر ایک نظر...... احسن فاروقی
ii- غالب اور آہنگ غالب...... ڈاکٹر یوسف حسین خان

س: غالب کے تصور رشک کے حوالے سے دو شعر تحریر کیجئے۔

ج: i- یہ مسائل تصوف یہ ترا بیان غالب............ تجھے ہم ولی سمجھتے جو نہ بادہ خوار ہوتا
ii- تسکین کو ہم نہ روئیں جو ذوق نظر ملے............ حوران خلد میں تری صورت مگر ملے

س: غالب کے دو شارحین کے نام لکھیں۔

ج: i- مالک رام

Scanned by CamScanner

ii- نثار احمد فاروقی

س: ''نقد میر'' اور ''غالب شاعر امروز و فردا'' کے مصنفین کے نام لکھیں۔

ج: i- نقد میر.......... ڈاکٹر سیّد عبداللہ

ii- غالب شاعر امروز و فردا...... ڈاکٹر فرمان فتح پوری

س: ہندوستان کی الہامی کتابیں دو ہیں ایک ''مقدس وید'' دوسری ''دیوان غالب''.....کس نقاد کا قول ہے؟

ج: یہ قول نامور نقاد عبدالرحمٰن بجنوری کا ہے۔

س: غالب کی شادی کتنی عمر میں ہوئی نیز ان کی کتنی اولادیں تھیں؟

ج: i- 13 سال کی عمر میں

ii- سات بچے پیدا ہوئے لیکن کوئی بھی پندرہ ماہ سے زیادہ نہیں جیا۔ میرزین العابدین عارف کو یہ بیٹا بنا لیا۔

س: میر کے تصورِ غم کے حوالے سے دو شعر تحریر کیجئے۔

ج: i- دل کی ویرانی کا کیا مذکور ہے
یہ نگر سو مرتبہ لوٹا گیا

ii- سودائی و رسوا و شکستہ دل و خستہ
اب لوگ ہمیں عشق میں کیا کیا نہ کہیں گے



Scanned by CamScanner